طب نبوی

اور یونانی طریقہ علاج

کتب خانہ طیب

مسیح طب دواخانہ حکیم عامر رزاق اُو بھایا [illegible]

علی کمرشل سنٹر نزد نیاز پٹرول پمپ خانیوال روڈ چوک کمہار انوالہ ملتان [illegible]

سرپرست احباب

الیکٹرانک میڈیا کے معروف دانشور
مولانا مفتی عبدالقوی
(چیئرمین دینی مدارس بورڈ پاکستان)
(چیف اسلامی عدالت انصاف پاکستان)

ڈاکٹر سعید الٰہی
(چیئرمین ہلال احمر پاکستان)

بیرسٹر ظفر اللہ خان
(معاون خصوصی وزیراعظم پاکستان)

ڈاکٹر فیاض احمد رانجھا
(ڈائریکٹر جنرل وفاقی وزارت صحت حکومت پاکستان)

حکیم اللہ یار سیال
فاضل طب والجراحت

مخدوم سید احمد مجتبیٰ گیلانی
سابقہ ایم پی اے
چیئرمین چارٹی دربار موسیٰ پاک شہید ملتان

راؤ شمیم اصغر
(ریذیڈنٹ ایڈیٹر روزنامہ نوائے وقت ملتان)

کرنل (ر) ڈاکٹر منظور الٰہی رائے

ملک غلام دستگیر اعظم کل
چیئرمین UC 87 ملتان گیلانی گروپ

الحاج میاں عبدالرؤف قریشی
(مینجنگ ڈائریکٹر گلستان گروپ آف کمپنیز)

ڈاکٹر حکیم ایم اے نجمی
(پرنسپل طبیہ کالج فیصل آباد)

قانونی مشیران

میاں سجاد احمد چاون
(ریٹائرڈ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج)

ممتاز نور ناگھرہ
(سابق صدر ڈسٹرکٹ بار ملتان)

میاں محمد خالد
(ایڈووکیٹ ہائیکورٹ)

شیخ محمد نواز
ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

خواجہ اعجاز حسین صدیقی
ایڈووکیٹ ہائیکورٹ

اصغر علی لودھی
(نائب صدر ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن ملتان)

محمد مالک خان لنگاہ
(جنرل سیکرٹری ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن ملتان)

راؤ اکبر علی
(ریٹائرڈ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج)

حافظ محمد عبدالرؤف قادری
ایڈووکیٹ ہائیکورٹ

ناصر محمود قریشی
(ایڈووکیٹ ہائیکورٹ)

نمبر شمار	فہرست مضامین	صفحہ نمبر
01	ہیپاٹائٹس کے متعلق مفید مشورے اور مستقل علاج	03
02	شوگر (ذیابیطس) کے متعلق مفید مشورے	05
03	امراض معدہ کے متعلق مفید مشورے	07
04	امراض قلب کے متعلق مفید مشورے	08
05	کینسر کے متعلق مفید مشورے	10
06	قبض کا یونانی علاج	11
07	لیکوریا کے نقصانات اور دیسی طریقہ علاج	12
08	فالج اور لقوہ کے متعلق مفید مشورے	13
09	بلڈ پریشر کے امراض کا گھر بیٹھے یونانی طریقہ علاج	14
10	جوڑوں کے درد اور کھانسی کا کامیاب علاج	15
11	سانپ کے ڈسے ہوئے کا طریقہ علاج	16
12	پھلبہری کا علاج، کستوری کے فوائد	17
13	شہد کے متعلق مفید مشورے	18
14	موٹاپے کا مستقل علاج اور نقصانات	19
15	شفاء یاب لوگوں کے تاثرات	20
16	مایوس مریضوں کے سوالات کے جوابات	22

روزگار کا سنہری موقع
پڑھے لکھے حضرات جو
بے روزگار ہوں ہمارے دواخانہ کی
ہربل پروڈکٹ ڈسٹری بیوشن (فرنچائز)
لے کر باعزت طریقہ سے کسی بھی شہر میں
رزق حلال کما سکتے ہیں۔
رابطہ نمبر: 0300-2455950

طب نبوی ﷺ کے مطابق حجامہ سے علاج کی سہولت موجود ہے

فزیوتھراپی اور علاج بالغذا سے درد کا مستقل علاج

ہیپاٹائٹس کے متعلق مفید مشورے اور مستقل علاج

حکیم عامر رزاق اوبھایا

انسان کو لاحق ان گنت امراض میں سے ایک موذی مرض ہیپاٹائٹس بھی ہے جو آج کل وبائی صورتحال اختیار کر رہا ہے۔ ہیپاٹائٹس جو کہ آج کے دور میں ہر تیسرے چوتھے انسان کو ہے اس بیماری ہیپاٹائٹس کا اہم سبب ایک خاموش قاتل جراثیم ہے جو کہ انسان کے جگر میں پرورش پاتا ہے اور جگر کو تباہ کر کے انسان کو موت کے کنارے جا کھڑا کرتا ہے۔ یہ ایک ایسا موذی مرض ہے جو ایک بیمار انسان سے پورے خاندان میں منتقل ہو جاتا ہے اس مرض کو خاموش قاتل بھی کہتے ہیں۔

ہیپاٹائٹس A+E جسے پیلا یرقان کہتے ہیں یہ پانی اور فضلے سے پھیلتا ہے جس کا علاج اتنا مشکل نہیں ہے چند روزہ علاج اور مخصوص پرہیز کے بعد انسان ٹھیک ہو جاتا ہے۔ ہیپاٹائٹس B اور C جسے کالا یرقان (Black Jaundice) بھی کہتے ہیں۔ ہیپاٹائٹس B,C ایک مریض سے دوسرے صحت مند شخص کے خون اور مختلف ذریعوں سے پھیلتا ہے۔ B,C طویل مدتی سوزش جگر کا باعث بھی بنتے ہیں۔ ہیپاٹائٹس C عام طور پر ایک خاص انفیکشن ہے یہ شروع سے طویل مدتی ہیپاٹائٹس ہوتا ہے یہ خون اور لعاب دہن اور آلات سرجری سے پھیلتا ہے۔ جس سے انسان موت کے کنارے جا کھڑا ہوتا ہے ہیپاٹائٹس جیسا مرض کسی بھی انسان کو لاحق ہو جائے تو جسم کو کھوکھلا کر دیتا ہے۔ انسانی جسم پر اس وائرس کا حملہ ہوتا ہے تو دو سے دس ہفتوں کے بعد اس بیماری کی علامات ظاہر ہوتی ہیں۔ اتنے عرصے میں یہ جراثیم جگر کے اندر ناقابل تلافی توڑ پھوڑ کا عمل شروع کر دیتا ہے اور جگر کو آہستہ آہستہ ایسے نقصان دیتا ہے کہ جیسے لکڑی کو دیمک اندر ہی اندر سے ختم کر دیتی ہے اور اس جرثومے کی وجہ سے جگر کے کینسر کے 60% امکانات ہو جاتے ہیں۔ اس مرض میں مبتلا مریض اسے عام مرض سمجھ کر عام ڈاکٹروں کا سہارا لیکر زندگی کی بازی ہار بیٹھتے ہیں۔



خون شکن یرقان (Haemolytic Jaundice):

یہ خون میں غیر جفت شدہ (بلی روبن) کی بڑھی ہوئی مقدار کا باعث ہوتی ہیں جس کا سبب خون سرخ خلیات کا کثرت سے ضائع ہونا ہے یعنی سرخ خلیوں کا ٹوٹنا۔

یرقان سمی (Toxic Jaundice):

یہ بذات خود کوئی مرض نہیں ہے پرانے بخاروں، نمونیا، ٹائیفائیڈ، ٹائفس، بخار فاسفورس، خام کشتہ پارہ، کلوروفارم وغیرہ سے ہوتا ہے۔

یرقان سدی (Obstructive Jaundice):

یہ جگر کے صفرا کو پتہ میں اور پھر وہاں سے انتڑی میں پہنچانے والی نالیوں کے اندر یا باہر رکاوٹ پیدا ہونے سے ہوتا ہے یعنی پتے کی نالیوں کی وجہ سے ہوتا ہے۔

ہیپاٹائٹس کے مریضوں میں (P.C.R) Poly Meras Chain Reaction سے دو سے چار ہفتے میں ظاہر ہو جاتا ہے اب وہ جسم کے اندر موجود ہے یا نہیں یہ آپ کو P.C.R سے بھی معلوم ہو سکتا ہے۔ مگر P.C.R سے صرف وائرس کی مقدار کو بڑا کر کے دیکھا جا سکتا ہے اس سے وائرس کی مقدار ظاہر ہوتی ہے اب اس میں بھی دو قسمیں ہیں۔

1- Qualitative

یہ صرف وائرس کی موجودگی کو ظاہر کرتا ہے۔

2- Quantitative

یہ ٹیسٹ جسم میں فی M.L Liter وائرس کے ذرات کی مقدار کا تعین کرتا ہے اور علاج کے معیار کے چناؤ اور اس کی اثر پذیری کے بارے میں معلومات دیتا ہے۔ ہیپاٹائٹس (Tesls) تو کافی سارے ہیں مگر سب سے اہم (i) P.C.R (ii) A.L.T(S.G.P.T) سب سے ضروری ہیں۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں سائنس نے کافی ترقی کی ہے اس لئے میں مستند معالج ہونے کے ناطے مریضوں کو مشورہ دیتا ہوں کہ نبض کے اندر ہر چیز نہیں ہوتی۔ ہاں کچھ علامات ایسی ضرور ہوتی ہیں جو مرض کی نشاندہی کرتی ہیں مگر بات کنفرم جب ہوتی ہے جب آپ ٹیسٹ کرواتے ہیں لہذا ٹیسٹ لازمی کروائیں اور اس کے بعد کسی مستند معالج سے علاج کیلئے رابطہ کریں۔

ہیپاٹائٹس کی وجوہات:

1- متاثرہ مریض کا خون کسی بھی ذریعہ سے انسان کے بدن میں داخل ہونا، پانی میں سنکھیا کی مقدار کا زیادہ ہونا، ناقص پانی کا استعمال، استعمال شدہ سرنج، استرا، بلیڈ یا آپریشن سرجری وغیرہ کے متاثرہ آلات ایک انسان سے دوسرے انسان کو استعمال کرانا، بیوٹی پارلر کے استعمال شدہ اوزار سے جسم کا گندہ ہونا، ناک اور کان چھدوانے سے، غیر جنسی تعلقات سے، کھانوں کا صاف ستھرا نہ ہونا، شدید پرانے بخاروں غیر معیاری پیکٹ کا جوسز اور غیر معیاری مشروبات کا استعمال گرم دوائیوں کا زیادہ دیر تک استعمال، کثرت شراب نوشی، زیادہ برائلر گوشت کا استعمال، شدت کی گرمی، کھلی ہوا دار بیت الخلا، مردہ جانور اور مرغیوں کے فضلا جات کو نہروں اور دریاؤں میں پھینکنا ہیپاٹائٹس کے مریض کا جگہ جگہ تھوکنا وغیرہ وغیرہ۔

علامات جو آپ محسوس کرتے ہیں:

ورم کی دو قسمیں ہیں ایک ورم جگر اور دوسرا غلاف جگر، اگر ورم دونوں طرف ہوگا تو دونوں علامات مشترکہ ہوں گی۔ یہ قسم زیادہ خطرناک ہے سانس میں تنگی ہوتی ہے جگر کے مقام پر درد ہوتا ہے۔ جگر میں بھی ورم ہو تو اس کے ساتھ بخار لازمی ہوتا ہے۔ ہاتھ پاؤں کا ٹھنڈا ہونا، ناخن، چہرہ اور جسم کا زرد ہونا، مردوں میں مردانہ کمزوری ہونا، بھوک کی کمی، ہر وقت ٹانگوں میں درد رہنا، عام جسمانی کمزوری ہونا، سستی، کاہلی، پاخانہ سفید، پیشاب زرد گہرہ براؤن ہونا، قبض، منہ کا ذائقہ کڑوا ہونا، معدے کے مقام پر درد رہنا اور پاؤں پر ورم رہنا، وزن کم ہونا، تکسیر کا پھوٹنا، جسم پر نیل۔

ایام حیض میں خون کا زیادہ آنا، پیٹ میں پانی، کالے پاخانے، چھوٹے پیشاب میں خون وغیرہ۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ بعض لوگوں میں کچھ علامات ظاہر نہیں ہوتی مگر ٹیسٹ کے ذریعے معلوم ہو سکتا ہے۔

ہیپاٹائٹس سے بچاؤ کی تدابیر اور ہمارا دیسی طریقہ علاج:

ایسے غیر معیاری مشروبات جو نقصان دہ ہیں جس سے آپ کا معدہ فوری طور پر Active ہو جاتا ہے مگر بعد میں یہی چیزیں نقصان دیتی ہیں۔ غیر معیاری پیکٹ والے جوسز، چائے، انڈا، زیادہ برائلر مرغی، بڑے گوشت کا استعمال، چکن اور مچھلی، کثرت شراب نوشی سے پرہیز کیا جائے وغیرہ۔ اس کے علاوہ ہیپاٹائٹس کے بچاؤ میں ہاتھوں کو صابن سے اچھی طرح دھوئیں، تمام جسم کی صفائی رکھیں، اپنے گھر کی صفائی رکھیں، برتنوں کو صاف ستھرا رکھیں۔ اس کے علاوہ میں ساتھ میں یہ بھی عرض کرتا چلوں کہ ہیپاٹائٹس سے بچاؤ کیلئے مزید ان چیزوں پر بھی لازمی عمل کریں۔ ٹیکہ Injection لگواتے وقت نئی Disposable Syringe سے لگوائیں، دوسروں کی استعمال شدہ سرنج بالکل استعمال نہ کریں۔ ہیپاٹائٹس C کے مریض کے ذاتی استعمال کی اشیاء مثلاً ٹوتھ برش، شیونگ کا سامان، جسم پر ہیپاٹائٹس B یا C کے مریض کا خون گرے تو فوراً صابن سے دھو لیں، اپنے ازدواجی رشتے کے علاوہ کسی اور کے ملاپ سے مکمل طور پر پرہیز کرنا ہے۔ انتقال خون سے پہلے وائرس B اور C کا ٹیسٹ کروانا چاہیے۔ لہٰذا پیشہ ور، غیر مستند بلڈ بینک سے لیا ہوا خون استعمال مت کریں۔ ہیئر ڈریسر شاپ اور بیوٹی پارلر میں مشترکہ سامان استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ ناک اور کان چھدواتے وقت (Disposible Needle) استعمال کرنا۔ شعبہ صحت سے تعلق رکھنے والے حضرات، ڈاکٹرز، نرسیں، میڈیکل لیبارٹری میں کام کرنے والے افراد اس بیماری کا شکار ہو سکتے ہیں ان لوگوں کے بیمار ہونے کی شرح 5 سے 25 فیصد تک ہے۔

اس خطرناک موذی مرض میں بھی مبتلا ہیں اور زندہ رہتے ہوئے بھی موت کا خوف ان کے سروں پر منڈلا رہا ہے۔ ہمارا دیسی جڑی بوٹیوں سے طریقہ علاج کو کسی سائنس دان کی ایجاد نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ نے اسکا ذکر قرآن مجید میں کیا ہے اور محمد ﷺ نے بعض چیزوں کا ذکر طب نبوی میں فرمایا۔ آپ کو جو خوف انجکشن لگوانے سے ہوتا ہے کہ کہیں ہیپاٹائٹس پھر سے Reactive نہ ہو جائے تو انشاء اللہ ایسا نہیں ہو گا اور کوئی سائیڈ افیکٹ نہیں۔ کریلا کا رس بھی مفید ہے جو کہ جگر جڑوٹے پر 100% کام کرتا ہے۔

قدرتی علاج:

ہیپاٹائٹس کے مریض تربوز کے موسم میں تربوز، انار اور انار جوس رات کو شبنم میں مولی کاٹ کر رکھیں اور صبح نہار منہ کھائیں مسمی کا جوس، دہی اور لسی کا زیادہ استعمال کریں۔ سنگترہ، مالٹا، فالسہ، آلو بخارہ، پودینہ اور دھنیاں کی چٹنی، مریض کیلئے اونٹنی کا دودھ اور بکری کا دودھ بھی مفید ہے اس کے علاوہ روزانہ دو ماشہ ہلدی ہمراہ آدھا پاؤ دہی کے ساتھ استعمال کریں۔ آڑو اور آڑو کا جوس پیئیں، چیتر کا پانی رات کو مٹی کے برتن میں ڈال کر رکھ دیں صبح کی نماز کے بعد نتھار کر پی لیں۔ دودھ کی کھیر، دودھ سوئیاں، بادام کی کھیر، میٹھا کا جوس وغیرہ وغیرہ۔

اب آپکی خدمت میں چند ایسے نسخے بیان کرتا ہوں جس سے میرے غریب بھائیوں اور بہنوں کیلئے جو اسکا خرچہ برداشت نہیں کر سکتے وہ ان چند سستے نسخوں سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

نسخہ نمبر1:

کرنجوہ پھلی کو رات ہوا اور شبنم میں رکھیں صبح سورج نکلنے سے پہلے اور نماز کے بعد اس کے تخم کو نکال کر اچھی طرح کوٹ کر دہی کے ساتھ ملا کر کھائیں تو اس سے یرقان ختم ہو جاتا ہے اس سے آئیں گے مگر پریشان نہیں ہونا آپ صحت یاب ہوتے نظر آئیں گے۔

نسخہ نمبر2:

خبث الحدید کو شدہ کر کے چینی کے برتن میں ڈال کر اوپر سے کیکر کی کچی پھلیوں کا شیرہ ڈال دیں۔ جب شیرہ خشک ہو جائے تو اور ڈال دیں اس طرح دس مرتبہ یہ عمل کریں اس کے بعد دو مرتبہ تربوز کا پانی ڈال کر خشک کریں پھر دو مرتبہ انار کا پانی ڈال کر خشک کریں اس طرح کم از کم ایک سال اس کو اسی عمل میں رکھیں۔ ہیپاٹائٹس کا سب سے اعلیٰ نسخہ ہے بنانے میں محنت ہے مگر ہیپاٹائٹس A.B.C کا کامیاب علاج ہے خاص طور پر ہیپاٹائٹس سی پر فوری طور کام کرے گا ہم لوگ خود اپنے مطب پر سال کے بارہ مہینے یہی چلاتے ہیں۔

خوراک آدھی سے ایک رتی ہمراہ چھاچھ لسی استعمال کریں مگر بہتر ہے دہی میں ڈال کر استعمال کریں اور اوپر سے لسی پی لیں اس سے جگر کی کمزوری خون کی کمی وغیرہ پر بھی کام کرتا ہے۔

نسخہ نمبر3:

2 کلو کریلا، 2 کلو کوڑتمہ، 2 کلو نیم کے پتے، 15 کلو پانی میں ڈال دیں اور آگ پر چڑھا دیں ایک پوٹلی میں 1/2 پاؤ کالے چنے ڈال کر لٹکا دیں مگر یہ خیال رکھیں نیچے پیندے کو نہ لگنے پائیں جب 1/1/2 پاؤ پانی رہ جائے تو اتار لیں چنے سایہ میں خشک کر کے روزانہ تین سے چار گرام ہمراہ دہی گائے کے ساتھ کھائیں۔

نسخہ نمبر4:

گھیکوار بوٹی (ایلو ویرا ایلو چائی نن مس)، کنوار گندل، یرقان کیلئے کامیاب ہے گھیکوار کا ایک پتہ لے کر ایک سرے سے دوسرے سرے تک چیر کر اس پر نوشادر پھلی سفوف دو تولہ چھڑک کر دونوں کو اچھی طرح آپس میں ملا کر دھاگے سے باندھ دیں اور دھوپ میں اس طرح لٹکا دیں کہ پتے کی باریک طرف اوپر اور موٹی طرف نیچے کو رہے۔ نیچے چینی کا برتن رکھیں، دھوپ کی تیزی سے رس ٹپک کر نیچے آجائے گا اس رس کو شیشی میں محفوظ کر لیں سے دس بوند پانی میں ڈال کر پلائیں۔

نسخہ نمبر5:

کنڈے والی دہی کا پانی روزانہ 40 روز ایک گلاس صبح کی نماز کے بعد سورۃ رحمٰن پڑھ پی لیں۔ یرقان کیلئے بے حد مفید ہے۔

نسخہ نمبر6:

سرپھوکہ 3 ماشہ، املی آلو بخارہ 3 ماشہ، مکوانہ 3 ماشہ، چیر 6 ماشہ، اکلو پانی میں ڈال کر پکائیں جب آد جتنا رہ جائے تو چھان کر شکر ملا کر پی لیں۔

نسخہ نمبر7:

مہندی 2 تولہ مٹی کے برتن میں رات کو ایک پانی میں ڈال کر رکھ دیں صبح کی نماز کے بعد چھان کر شکر ملا کر پانی پی لیں۔

نوٹ:۔

ان تمام نسخوں کے بنانے میں کوئی دشواری ہو ہمارے مجرب ادویات میں جو کہ کالا یرقان ہیپاٹائٹس کا مکمل علاج ہے جس میں سرفہرست شربت نکھار ہے اور ساتھ میں جگر شفا ٹھنڈک کورس لیں اور صبح خالی پیٹ کورس نمبر H27 ایک پاؤ دہی میں ملا کر لیں یا پڑیا کھا کر ایک گلاس چائے والی لسی پی لیں۔

اس میں سب سے پہلے جو مریض دوائی کھا رہا ہوتا ہے پہلے جیسے میں نے بتایا کہ جو علامات وہ محسوس کر رہا ہوتا ہے وہ آہستہ آہستہ کم ہونا شروع ہو جاتی ہیں اور مریض اپنے آپ کو بہتر محسوس کرتا ہے۔ اگر بذریعہ ٹیسٹ بھی کچھ عرصے کے بعد معلوم کیا جائے تو مریض کی مرض کا بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ مثلاً L.F.T کا بہتر ہونا یعنی ALT(SGPT) کا کم ہونا، P.C.R کا غائب ہونا یا کم ہونا۔ Biopsy پر جگر کی سوزش کا کم ہونا وغیرہ وغیرہ۔

ہیپاٹائٹس کا روحانی علاج: پہلے سورۃ الفاتحہ ایک بار سورۃ الحشر، ایک بار سورۃ القریش پانی پر دم کر کے اس وقت تک پلاتے رہے جب تک مریض ٹھیک نہ ہو۔ انشاء اللہ شفاء ہو گی۔

شوگر (ذیابیطس) کے متعلق مفید مشورے

حکیم عامر رزاق اوبھایا

اللہ تعالیٰ نے ایسا کوئی مرض نہیں اُتارا جسکا علاج نہ بتایا ہو بلکہ علاج پہلے اور مرض بعد میں بھیجا ہے۔ شوگر کا بروقت علاج کرنے پر آپ روزروز کی ایلوپیتھک ٹیبلٹ سے بھی بچ سکتے ہیں۔

شوگر (ذیابیطس) میں شکر آنا Diabetis Mellitus

شوگر (ذیابیطس) سادہ Diabetis Insipidus Polyuria

خون میں شکر کی کمی Hypogly Caemia

شوگر (ذیابیطس) سادہ بچوں اور نوجوانوں کو ہوتا ہے اور ذیابیطس شکری تیس 30 برس کی عمر کے بعد ہوتا ہے۔ لبلبہ کی اندرونی رطوبت (ہارمون) ناقص پیدا ہونے کی وجہ سے عضلات تک نہ پہنچنے سے عضلات میں شکر کا تغذیہ نہیں ہوتا بلکہ گردوں کی راہ پیشاب خارج ہوجاتا ہے۔ اس کی مثال یوں بھی ہے کہ کسی جانور کے جسم سے لبلبہ نکال دیا جائے تو اسکو فوراً پیشاب میں شکر آنے لگتی ہے۔ لبلبہ کا بروقت علاج کیا جائے تو آپکا لبلبہ صحیح کام کرتا ہے۔ شوگر میں اکثر گورے رنگ کے لوگ زیادہ مبتلا ہوتے ہیں۔ موٹاپے کی وجہ سے زیادہ لوگ مبتلا ہوتے ہیں۔ ذیابیطس میں امیر لوگ زیادہ پائے جاتے ہیں۔ غریبوں کی نسبت کیونکہ غریب لوگ (جفاکش) محنت مشقت کرنے والے ہوتے ہیں۔ ذیابیطس عورتوں کی نسبت مردوں میں زیادہ پایا جاتا ہے۔ ذیابیطس کے مریض کا بلڈ پریشر کم ہوتا ہے اور وزن بھی دن بدن کم ہوتا رہتا ہے۔ چہرے کا سوکھنا وغیرہ۔

ذیابیطس کی وجوہات کیا ہیں؟

ذیابیطس کا مرض جسم میں ایک ہارمون انسولین (جو پیٹ میں معدہ کے قریب "لبلبے" میں پیدا ہوتا ہے) کی کمی یا اس کے ناقص عمل سے پیدا ہوتا ہے بعض دفعہ خاندانی اور موروثی سبب بھی بن سکتا ہے۔ پاکستان بلکہ پوری دنیا میں یہ مرض تیزی سے بڑھ رہا ہے شوگر جیسا خطرناک موذی مرض جس نے پوری دنیا میں کروڑوں لوگوں کو اپنی لپیٹ میں لے کر موت کی نیند سلا دیا ہے۔ زیادہ دماغی کرنے، کثرت ملاپ، کثرت شراب نوشی، غم وفکر، پریشانی، عورتوں میں پرانا لیکوریا کا ہونا، بواسیر، دماغی ورم، خراب غذا، موٹاپا، لبلبہ کا چھوٹا ہونا، گلے کی گلٹیوں کا پھول جانا، مصنوعی شہد کا بکثرت استعمال، مصنوعی مشروبات کا زیادہ استعمال وغیرہ وغیرہ۔

علامات جو آپ محسوس کرنے لگیں

پیشاب کا بار بار بکثرت آنا، شکروالا آنا، پیشاب میں گھاس کی بو آنا، کمر میں درد، منہ اور جسم کا بالکل کمزور ہونا، مردوں میں مردانہ قوت کا ختم ہوجانا، مزاج میں چڑچڑاپن آجاتا ہے۔ اکثر قبض کی شکایت رہتی ہے جسم میں خشکی اور خارش ہوتی ہے۔ طبیعت میٹھی چیزوں کی طرف زیادہ رغبت کرتی ہے۔ اٹھتے بیٹھتے سر چکراتا ہے۔ معدہ میں جلن کی شکایت ہوتی ہے اور وجود کا رنگ پھیکا اور زرد ہوجاتا ہے بے وقت بڑھاپے کے آثار دکھائی دینے لگتے ہیں۔ اعضاء رئیسہ دل و دماغ، معدہ اور جگر کمزور ہوجاتے ہیں۔ ذیابیطس سادہ میں ہلکے رنگ کا پیشاب بکثرت آتا ہے مگر اس میں شکر یا البیومن نہیں ہوتی۔ ذیابیطس سادہ میں پیاس کا ہونا ضروری نہیں جبکہ ذیابیطس شکری میں پیاس کا غلبہ ہوتا ہے۔ عورتوں میں ایام آنا بند ہوجاتے ہیں اور نسوانی حسن کی خوبصورتی ختم ہوجاتی ہے۔ دانتوں میں تکلیف، پنڈلیوں میں درد، ہاتھ اور پاؤں میں درد، ہاتھ اور پاؤں کے تلوؤں میں درد، بخار کی حرارت کا رہنا، مرض پرانا ہونے کی وجہ سے آہستہ آہستہ یہ خوفناک شکل اختیار کر لیتا ہے۔ ذیابیطس کے مریض کے منہ سے شکر کی بو آتی ہے۔ پاؤں کے تلوؤں، ٹانگوں، ہاتھ کی انگلیوں میں پھنسیاں نکل کر ناسور بن جاتا ہے اور حالت یہ ہوتی ہے کہ زہریلا ناسور علاج کرانے سے بڑھتا ہے حتیٰ کہ مریض کو اپنے اعضاء کٹوا دینے پڑتے ہیں اور پھر مریض زندگی اور موت کی کشمکش میں ہوتا ہے۔ بعض دفعہ پشت پر (ہڈی) ریڑھ پر ایک پھوڑا سا نمودار ہوتا ہے جو گہرائی میں ایک سے تین انچ اور چوڑائی میں تین انچ تک ہوتا ہے۔ یہ پھوڑا ذیابیطس کا ایک خوفناک نتیجہ ہے۔ ذیابیطس دیمک کی طرح ایک چھپا دشمن ہے جو مریض کو آنے والی تباہی و بربادی سے باخبر رکھتا ہے۔ انسولین ذیابیطس شکری کا خاص علاج ہے یہ پینکریاس (لبلبہ) کا جوہر ہے جو آبی محلول کی صورت میں بذریعہ جلدی انجکشن استعمال کیا جاتا ہے۔ مگر آج اسی سلسلے میں پیش کرتا ہوں جس سے انسولین سے انشاءاللہ چھٹکارا حاصل کر سکتے ہیں اور آپکا لبلبہ صحیح طور پر کام کر سکتا ہے اس سلسلے میں کریلا جو سبزیوں کا بادشاہ ہے اور ذیابیطس کا بہترین علاج ہے اسکے مسلسل استعمال کرنے سے انسولین کی ضرورت نہیں رہتی لہٰذا میری اہل طب حضرات سے بھی درخواست ہے کہ انجکشنوں کو چھوڑ کر ہربل ادویات کی طرف آئیں۔

ایک بات بتاتا چلوں جو اہم ہے جن کے گردے یا جگر کا عمل ناقص ہے انہیں گولیوں سے علاج نہیں کرنا چاہیے ایسے میں ایلوپیتھک گولیوں کا استعمال نقصان دہ ہے۔ اس صورتحال میں خوراک، پرہیز یا انسولین انجکشن یا پھر کستوری والا نسخہ استعمال کریں۔ یاد رہے ذیابیطس کا مرض بھی کچھ مدت 7 سے 10 سال کے بعد گردوں پر اثر انداز ہوسکتا ہے۔ شوگر کے مرض میں زیادہ بے جا گولیوں کے استعمال سے جگر اور گردوں پر اثر پڑ سکتا ہے جگر اور گردوں کے صحیح عمل کو جاننے کیلئے خون ٹیسٹ بھی ہونے چاہئیں۔

نسخہ نمبر 1: ذیابیطس کیلئے کریلے کا رس استعمال کیا جاتا ہے جسکی مقدار 2 چمچ چھوٹے صبح + شام سے لیکر آہستہ آہستہ 60 گرام تک کر سکتے ہیں کریلا جو کہ سستا بھی ہے اور عام ملنے والی سبزی ہے۔ کریلا کو صبح سویرے خالی پیٹ استعمال کریں کریلا کا رس اگر کڑوا محسوس ہو تو منہ کا ذائقہ تبدیل کرنے کیلئے دودھ پی لیں اور رات کی باسی روٹی مکھن کے ساتھ کھالیں۔ مکھن کی مقدار کم از کم 30 گرام ہو اس کے ساتھ انسولین کا استعمال رفتہ رفتہ کم کر دیا جائے اور ایک ہفتہ کے بعد انسولین کا استعمال بالکل چھوڑ دیا جائے اور کریلا کا استعمال مسلسل کچھ عرصہ تک جاری رکھیں۔

شوگر کے مریض کو چاہیے کہ صبح کا ناشتہ بدل بدل کر بھی لے سکتے ہیں۔ جیسے ایک دن سیب اور دودھ، دوسرے دن دودھ اور دیسی انڈے، تیسرے دن بادام (جو رات کو پانی میں بھگو دیں) اور بھنے ہوئے چنے، چوتھے دن بکرے کے گردے کپورے بھی استعمال کر سکتا ہے۔

نسخہ نمبر 2: پختہ کریلا چھلکا اتار کر سایہ میں خشک کر لیں اور صبح + شام چار ماشہ کی مقدار سے ہمراہ پانی استعمال کریں۔ گیہوں کا آٹا، جو کا آٹا اور چنے کا آٹا تینوں برابر وزن ملا کر اس کی روٹی پکا کر کھائیں شوگر سے انشاءاللہ چھٹکارا ہوجائے گا۔ آپکی ذیابیطس اگر کھانا کھانے سے پہلے 110 اور کھانا کھانے کے بعد عام طور 150 ہے تو پھر پریشان ہونے کی ضرورت نہیں کیونکہ یہ نارمل انسان میں ہوتا ہے۔

نسخہ نمبر 3: کستوری خالص 5 گرام، کشتہ سونا 2.5 گرام، کشتہ چاندی 7.5 گرام، زعفران اصل 10 گرام، الائچی خورد 12 گرام، جائفل، طباشیر 15، 15 گرام، جاوتری 20 گرام، کچلہ شدھ 5 گرام، افیون مدبر 5 گرام، کشتہ خبث الحدید 10 گرام، افیون، زعفران اور کستوری کے علاوہ سب ادویات کا سفوف بنا کر علیحدہ کر کے بنالیں۔ پھر زعفران اور افیون کو کھرل کر کے دودھ بکری میں اس قدر کھرل کریں کہ مکھن کی طرح ہوجائے اسکے بعد کستوری ملا کر کھرل کر کے دیگر ادویات ملا کر کھرل کر لیں۔ ......رتی کی گولیاں بنا

لیں ایک گولی صبح، ایک گولی شام ہمراہ ملائی استعمال کریں اوپر سے دودھ پی لیں ذیابیطس کا سب سے اعلیٰ نسخہ ہے [illegible] سمجھتا ہوں اس سے بڑھ کر کوئی ذیابیطس کیلئے نسخہ نہیں ہے۔ انشاءاللہ ہر طرح کی کمزوری پٹھوں میں کھچاؤ اعصابی کمزوری یہاں تک پرانا فالج اور لقوہ کا منہ توڑ جواب ہے۔ اب میں آپکی خدمت میں چند ایسے نسخے پیش کرتا ہوں جو میرے غریب بہن بھائی بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

نسخہ نمبر4: میتھی کا بیج ذیابیطس کے مریض 20 گرام دن میں تین مرتبہ استعمال کر سکتے ہیں اگر میتھی استعمال کریں تو پھر کریلا اور جامن استعمال نہ کریں کیونکہ یہ ایک دوسرے کے اثر کو ختم کر دیتے ہیں۔

نسخہ نمبر5: جامن کا رس 20 گرام تک استعمال کر سکتے ہیں جامن کا پھل بھی مفید ہے۔ جامن کی گری خشک کر کے بطور سفوف 4 ماشہ صبح+شام استعمال کر سکتے ہیں۔

نسخہ نمبر6: گڑمار کے پتے، جامن کی گٹھلی، سونٹھ، ہر ایک پچاس گرام سب کا باریک سفوف کر کے پان کے رس میں کھرل کر کے چار چار رتی کی گولیاں بنائیں دو سے تین گولیاں 3+3+3 دن میں تین مرتبہ لیں۔

نسخہ نمبر7: فقیری نسخہ شیریں کی چھلی پکی ہوئی، گوند کیکر دیسی، کوڑتمہ تین چیزیں برابر وزن میں کھرل کر کے دو ماشہ خوراک روزانہ لسی کے ساتھ یا پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

نسخہ نمبر8: دو گرام سفوف انبہ ہلدی (انڈین ہلدی) روزانہ ہمراہ پانی لیں۔ شوگر کو فائدہ دینے کے ساتھ ساتھ اعصاب کی کمزوری اور پراسٹیٹ کے امراض کیلئے مجرب ہے۔

نسخہ نمبر9: مغز بادام دیسی تلخ، اندر جو تلخ، بھنے ہوئے چنے، برابر وزن تمام اجزاء کھرل کر لیں، ٹی سپون (6 گرام) روزانہ پانی کے ساتھ لیں شوگر کیلئے بے حد فائدہ مند ہے۔

نسخہ نمبر10: جامن کی گٹھلی، آم کی گٹھلی کا مغز، سبز ہریڑ سفوف برابر وزن کھرل کر لیں۔ ایک چمچ روزانہ تازہ پانی کے ساتھ لیں۔ شوگر کو انشاءاللہ کنٹرول کرے گا۔

نسخہ نمبر11: رات کو آدھا کلو دودھ گائے میں تین سبز مرچ ثابت مٹی کے برتن میں ڈال کر رکھ دیں صبح کی نماز کے بعد سبز مرچ نکال کر دودھ پی لیں۔ شوگر کیلئے از حد مفید ہے۔

شوگر کی وجہ سے جسمانی، اعصابی اور جنسی کمزوری کا بہت اعلیٰ ہمارا خاندانی مجرب نسخہ ہے۔ آپکی عمر 90 سال بھی ہو تو شوگر کی وجہ سے جنسی کمزوری ہو تو حقوق زوجیت آپ ایسے ادا کر سکتے ہیں جیسے 25 سال کا نوجوان۔

ھوالشافی: ورق چاندی 3 ماشہ، ورق سونا 3 ماشہ، پارہ 1 تولہ، کشتہ فولاد بارود 27 ماشہ۔

تیاری کشتہ: پہلے پارہ ململ کے کپڑا میں دو مرتبہ پارہ نکال کر مصفیٰ کر لیں ورق چاندی ورق سونا ملا لیں انار کا جوس ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے جائیں اور فولاد بارود بھی شامل کر لیں۔ تمام دستہ ماربل کا ہونا چاہیے۔ ایک کلو انار کا جوس اور ایک لیموں پانی میں کھرل کر لیں تقریباً ڈیڑھ ماہ لگے گا خشک کر کے ٹکیہ بنا لیں۔ اس کے بعد چاندی کی کڑاہی میں اگر چاندی کی نہ ہو تو لوہے کی کڑاہی سے بھی کام چل جائے گا۔ دو بوتل انار کا جوس اور دو بوتل لیموں کا جوس تھوڑا تھوڑا ڈالیں اور ٹکیہ ڈال کر ہلکی آنچ پر خشک کرتے جائیں جب تمام پانی خشک ہو جائے تو نیچے اتار کر کشتہ سونا کو کھرل کر لیں کشتہ سونا تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک لکھ روزانہ مکھن میں رکھ کر کھائیں اور اوپر سے ایک کلو دودھ پی لیں۔ بے حد مردانہ قوت پیدا کرے گا۔ اگر بنانے میں کوئی مشکل پیش آئے تو ہم سے بنوا بھی سکتے ہیں اور بنا بنایا بھی لے سکتے ہیں۔

نوٹ: جب غذا کے اندر کیلوریز کی کمی واقع ہو جائے تو جسم کی چربی تحلیل ہو کر کیلوریز مہیا کرتی ہے۔ شوگر والے مریض کو چاہیے کہ قومی شناختی کارڈ، گھر کا مکمل ایڈریس اور فون نمبر سفر کرتے وقت لازمی جیب میں رکھے۔

اسپیشل ہدایات برائے خوراک: ذیابیطس کے مریض دودھ، مکھن، بالائی، دہی، دیسی گھی، دریائی مچھلی، ناشپاتی، آڑو، جامن، فالسہ، لسوڑہ، پستہ، مغز اخروٹ، مغز چلغوزہ، ناریل کا پانی، چاٹی کی لسی، دیسی انڈہ، روغن بادام، مٹن قیمہ، کردے کپورے، کنوار گندل کا سالن یا حلوہ، شلجم، مولی، گاجر، میتھی گوشت، کھال گوشت وغیرہ وغیرہ۔ آپ کی روزانہ کیلوریز کی مقدار 1500 سے 2000 تک صحت مند رہنے کیلئے ہونا چاہیے۔ جس کا آپ بذات خود مینو تیار کر سکتے ہیں۔ خوراک کی روزانہ تیاری کا مینو مندرجہ ذیل ہے۔

	2000 کیلوریز	
صبح کا ناشتہ	ایک کپ چائے	30 کیلوریز
	دو عدد سلائس	120 کیلوریز
	ایک عدد آملیٹ	150 کیلوریز
	یا	
	دودھ ایک پاؤ [illegible]	160 کیلوریز
	ایک پلیٹ چنے	250 کیلوریز
	ایک چپاتی	100 کیلوریز
	ایک مٹن کباب	120 کیلوریز
قبل دوپہر	ایک کپ چائے ساتھ دو عدد بسکٹ	90 کیلوریز
	یا	
	ایک سیب	70 کیلوریز
	یا	
	ایک اُبلا ہوا دیسی انڈہ + ایک کپ چائے	100 کیلوریز
دوپہر کا کھانا	ایک پلیٹ دال یا سبزی	200 کیلوریز
	یا	
	ایک پلیٹ میتھی گوشت	300 کیلوریز
	دو عدد روٹی	200 کیلوریز
	سبزی سلاد پلیٹ	30 کیلوریز
شام 5 بجے	ایک کپ چائے	30 کیلوریز
	یا	
	بادام کھیر بغیر شکر	130 کیلوریز
رات کا کھانا	ایک پلیٹ اُبلے ہوئے چاول	210 کیلوریز
	ایک پلیٹ دال	200 کیلوریز
	دو سیخ تکہ بوٹی	210 کیلوریز
رات کو سونے سے پہلے	ایک پاؤ دودھ 2 گرام انبہ ہلدی یا 2 گرام دار چینی ڈال کر پئیں	170 کیلوریز
	یا	
	ایک پیالی دودھ میں ایک چمچ چھلکا اسبغول ملا کر	100 کیلوریز

پرہیز: گنے کا رس، کھجور، کشمش، انگور، آم اور تمام قسم کی مٹھائیاں وغیرہ۔

شوگر کا روحانی علاج:

پارہ 15 سورۃ بنی اسرائیل آیت نمبر80 اول و آخر درود ابراہیمی درمیان میں آیت مبارکہ 3 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پی لینا ہے یہ عمل روزانہ صبح کی نماز کے بعد کرنا ہے انشاءاللہ شفاء ہوگی۔

امراض معدہ کے متعلق مفید مشورے

حکیم عامر رزاق او بھایا

معدہ جو باہر سے غلافی اندرونی حصہ (Welwet) تو اپنی کی مانند ہوتا ہے۔ معدہ کا نظام پسلیوں کے نچلے حصے میں ہوتا ہے۔ معدہ کا پہلا حصہ (Esphogus) غذائی نالی کے نیچے موجود ہے جہاں اس غذائی نالی سے غذا معدہ میں داخل ہوتی ہے معدہ ہماری غذا اسٹور کرنے کا ذخیرہ ہے۔ ایک صحت مند انسان کا معدہ ڈیڑھ گیلن غذا کو محفوظ رکھنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے معدہ میں تین کروڑ پچاس لاکھ غدود ایسے [illegible] بنائے ہیں یہ غدود روزانہ ایسی رطوبتیں پیدا کرتے ہیں جو معدہ کی غذا کو قابل ہضم بنانے میں اہم کردار ہے۔ یہ رطوبتیں زیادہ تر (Hydro Chloric Acid) اور (Pepsinogen (Enzyme) میں پیپسینوجن [illegible] جن کا کام پروٹین (چکنائی) کو قابل ہضم بنانا ہے۔ جیسے دودھ، گوشت، پنیر، مچھلی، انڈہ، پراٹھہ وغیرہ [illegible] معدہ کے قریب موجود (Pyloric wall) پائی لورک وال کی طرف بھیج دیتا ہے۔ پائی لورک وال دراصل معدہ کا دوسرا حصہ ہے جو چھوٹی آنت (Small Intestine) کی طرف کھلتا ہے۔ چھوٹی آنت کے اس حصہ کو (Duodenum) کہتے ہیں جو پیٹ میں معدہ کے قریب ایک فٹ لمبائی میں ہوتا ہے۔ چھوٹی آنت میں ہاضمے میں مدد دینے والے تیزابی مادے (پائلوریکورک ایسڈ) [illegible] چھوٹی آنت میں اس جگہ سوراخ کر دیتے ہیں جس سے السر معدہ کی شکایت ہو جاتی ہے۔ معدہ چھوٹی آنت میں غذائی اجزا اتنا داخل کرتا ہے جتنی مقدار میں موجود تیزابی مادے اس کو پاک [illegible] تیزابی مادوں کو (الکلائن) نمکیات کے ذریعے بے اثر بنا دیتی ہے۔ حضرت محمد ﷺ نے علاج کے حوالے سے جو ہمیں ہدایات دیں ان میں مختلف پہلوؤں کو اجاگر کیا گیا ان میں سے سب سے اہم پہلو معدہ ہے۔ حدیث نبوی ﷺ مفہوم "معدہ بدن کا حوض ہے جس سے بدن کی تمام رگیں لگی ہوتی ہیں جب معدہ صحیح ہوتا ہے تو رگیں صحت کے ساتھ رطوبت لیکر چلتی ہیں اور جب معدہ خراب ہو تو رگیں مرض لیکر بدن میں پھیلتی ہیں۔

تمام بیماریوں کا گھر معدہ ہے معدہ جب بیمار ہوتا ہے۔ تو وہ جسم کی تمام رگوں کو مبتلا کر دیتا ہے امراض معدہ میں آج ہر دوسرا آدمی مبتلا ہے۔ "حدیث نبوی ﷺ" [illegible] بھرتا ہے وہ اسکا پیٹ ہے اللہ تعالیٰ نے ہمیں اچھی غذا کھانے کا حکم دیا ہے حضور اکرم ﷺ نے فرمایا جب تک بھوک نہ لگے نہ کھاؤ، اور کھانا پیٹ بھر کے نہ کھاؤ اور کھانا ہے تو تین حصوں میں کھاؤ ایک حصہ غذا، دوسرا حصہ پانی اور تیسرا حصہ ہوا۔ پہلی خوراک جب تک ہضم نہ ہو دوسری خوراک نہ کھائیں کھانا کو آہستہ آہستہ چبا کر کھائیں۔ پروٹین میں چکنائی والی خوراک صبح کے ٹائم کھانی چاہیے جیسے گوشت، پنیر، انڈا وغیرہ۔ معدہ کا نظام درست ہوگا تو جگر خون بنائے گا پھیپھڑے خون کو صاف کریں گے۔ آنتیں اپنا صحیح کام کریں گی دل خون کو پمپ کر کے پورے جسم میں خون مہیا کرے گا جس سے گردوں کو طاقت ملے گی۔ ہم اس جدید دور میں صبح کا ناشتہ بیڈ ٹی یا چائے بسکٹ یا چائے سینڈوچ یا آملیٹ سلائس یا آملیٹ پراٹھا ناشتہ کے عادی ہو گئے ہیں۔ دوپہر کو تھوڑا کم کھانا اور رات کو 2 کولڈ ڈرنک کے ساتھ مرغن غذائیں کھا کر [illegible] جانا جن سے ہمارا LDL کولیسٹرول بڑھتا ہے۔ اگر LDL بنے گا تو طرح طرح کے امراض جنم لیں گی تو کھانا ہضم نہیں ہوگا بلکہ کھانا سڑے گا۔ ہمیں تندرست رہنے کیلئے اپنا کھانے کا ٹائم [illegible] کو تبدیل کرنا ہوگا۔ صبح کے ٹائم (Brunch) کریں یعنی ناشتہ اور دوپہر کا کھانا اکٹھا کھائیں۔ رات کو ناشتہ کریں یعنی ہلکی غذا جیسے دودھ، دلیہ [illegible] سلاد کھائیں، کھانا کھانے کے دوران ٹھنڈا پانی نہ پئیں۔ ٹھنڈا پانی پینے یا آئسکریم کھانے سے جو معدہ کا 99 ڈگری پر ہوتا ہے 20 سے 125 ڈگری کم ہو جاتا ہے جس سے معدہ کا نظام [illegible] ہے۔ صبح آملیٹ اور پراٹھا کھالیں ایک صحت مند انسان کو سارا دن معدہ میں جلن ہوتی رہے گی۔ مولانا طارق جمیل صاحب کا کہنا ہے آج ڈاکٹرز اور حکماء خود بھی طب نبوی ﷺ کے چارٹ عمل نہیں کرتے تو مریضوں کو کیا بتائیں گے۔ مولانا صاحب مزید کہتے ہیں کہ جب تک ہمارے ملک میں بریڈ گوشت بکری مصنوعات کولا مشروبات مضر صحت [illegible] کھاتے رہیں گے ہم امراض کا شکار رہیں گے اور ڈاکٹرز اور حکماء کا کام چلتا رہے گا۔ ہمارے جسم کو روزانہ 30 سے 40 گرام فائبر کی ضرورت ہے جبکہ آرٹیفیشل خوراک فائبر لیس ہوتی ہے۔

آپ کوئی سی کولا مشروبات پی لیں آپکے پیٹ میں گیس بننا شروع ہو جائے گی اگر ہم ان میں سے کوئی سی ڈرنک مشروبات وغیرہ ٹھنڈی [illegible] غذائی نالی سے ایسے چیرتی ہوئی معدہ میں داخل ہوگی اور اگر اس کے بجائے تازہ لیموں پانی نمک ڈال کر پئیں یا انار جوس، سیب جوس، گریپ فروٹ جوس، چائی کی لسی [illegible] آپ بکری کا مکھن لیکر ناشتہ کریں آپ کے معدہ میں کچھ دیر بعد تیزابیت ہو جائے گی اگر آپ تازہ مکھن سے ناشتہ کریں تو تیزابیت ہے بھی تو ختم ہو جائے گی۔ آپ [illegible] طرح طرح کی امراض میں پائیں گے اور اگر تازہ دودھ کا استعمال کریں تو انشاءاللہ السر معدہ جیسے مرض سے بھی نجات پائیں گے۔ آئسکریم کھانے کی بجائے [illegible] قدرتی چیزوں کی طرف آئیں جو اللہ تعالیٰ نے انسان اشرف المخلوقات کیلئے بنائی ہیں۔ صحت مند رہنے کیلئے چینی چھوڑ دیجئے اس کی جگہ گڑ اور شکر کا استعمال کریں۔ [illegible] چاہیے۔ مولی، شلجم، چائی والی لسی، مکھن سے ناشتہ، موسمی، خربوزہ، سبز دھنیاں اور پودینہ جلدی ہضم ہونے والی اجزا استعمال کریں۔ [illegible] کالا نمک، کچے سلاد، دہی، تازہ کریم، لیموں وغیرہ کا استعمال اپنی غذا میں معمول بنائیں۔ گھر میں جو ہم ہانڈی تیار کرتے ہیں اگر دیسی طریقے سے [illegible]

حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے پاس ایک حکیم آیا کہ یہ جوارش آپکے ہاضمے کے لیے لایا ہوں آپؓ نے فرمایا بیٹا چالیس سال ہو گئے میں نے کبھی پیٹ بھر کے کھانا ہی نہیں کھایا تو میں یہ جوارش کھا کر میں پیٹ بھر کھانا کھاؤں گا۔ ہمیں اللہ تعالیٰ کے حکم اور پیغمبر ﷺ کے ہدایات کے مطابق خوراک کھانی چاہیے تو ہم امراض کا شکار نہ ہوں۔

امراض قلب کے متعلق مفید مشورے

حکیم عامر رزاق اوبھایا

تعریف:۔ انسانی جسم میں عام طور پر صحت مند رہنے کیلئے 6 لیٹر خون ہوتا ہے۔ انسانی دل پھیپھڑوں کے ذریعے سے خون صاف کرتا ہے تاکہ اس سے فاسد مادوں کو الگ کر کے تازہ خون جسم کو مہیا کیا جائے۔ [illegible] کیلئے دل خون کو پمپ کرتا ہے۔ اس عمل کے دوران دل کے سیلز سکڑتے اور پھیلتے رہتے ہیں دوسرے الفاظ میں اسے ہرٹ بیٹ بھی کہتے ہیں جسم میں باقاعدہ دوران خون کا نظام موجود ہے جن کے ذریعے [illegible] پہنچتا ہے۔ پھر اس کو پمپ کرنے کے بعد شریانوں اور باریک نالیوں کے ذریعے جسم کے دوسرے حصوں تک پہنچتا ہے۔ ہارٹ اٹیک کی بڑی وجہ کولیسٹرول اور ہائی بلڈ پریشر کا ہونا۔ دل کا دورہ صبح کے وقت [illegible] لیوا ثابت ہوتا ہے۔ تحقیق کے مطابق طبی ماہرین نے یہ بات نوٹ کی ہے کہ جن لوگوں کو صبح کے وقت میں دل کا دورہ پڑتا ہے وہ دن کے دوسرے حصوں یا رات میں پڑنے والے دوروں سے زیادہ خطرناک [illegible] ہوتے ہیں۔ دل کا دورہ اچانک بیٹھے بیٹھے ہوتا ہے 5 منٹ تک انسان ٹھیک ہوتا ہے اور 5 منٹ بعد موت کی نیند سو جاتا ہے۔ یاد رہے BP زیادہ ہو گا ہرٹ بلاکیج جلدی ہوگی درد دل (ngina Pectons) دل کا درد عموماً 40 سال کے بعد ہوا کرتا ہے سخت قسم کا درد دوروں کی شکل میں ہوا کرتا ہے۔ یہ درد پسلیوں کے درمیان اٹھ کر بائیں جانب بازو اور مونڈھے تک پہنچ جاتا ہے عموماً 5 سے 10 منٹ تک [illegible] یہ درد دیر تک رہے تو دل کی شریانوں سے خون کی رفتار سست پڑ جانے یا رکاوٹ پیدا ہو جانے سے ہوتا ہے۔

اس مرض کو (Coronary Thrombsis) یعنی کسی وجہ سے دل کو خون نہ پہنچانا بھی کہا جاسکتا ہے کوشش کیجئے ایسے مریض کو فوری ہسپتال پہنچائیے۔ ہر قسم کا تمباکو نوشی بند کریں۔ الکوحل چائے کافی [illegible] کے فوراً بعد چلنے پھرنے سے احتیاط کریں۔ نیند اور آرام کا خیال رکھیں۔ اپنے آپ کو خوش رکھیں۔ سکون قلب ہو تو امراض قلب سے انسان بچا رہتا ہے۔

دل کی دھڑکن (خفقان) **Palpitation**: اپنے آپکو معمولی محنت ومشقت کرنے سیڑھیوں پر چڑھنے یا دل کو طاقت پہنچے سے دل کی حرکت تیز ہو جاتی ہے۔ دل زور سے دھڑکتا ہے مریض کو بے چینی [illegible] ہوتی ہے آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہے۔ خون کی کمی۔ دائمی قبض، پیٹ میں گیس کا بننا، کثرت شراب، مرگی، امراض جگر چائے وغیرہ

کمزوری دل۔ **Bradycardia**: اس مرض میں دل کی حرکت بہت سست ہوتی ہے۔ اس مرض میں ہارٹ بلاکیج، اعصاب کی کمزوری، معدے کا زخم، امراض جگر، امراض شوگر، پرانے بخاروں کے بعد [illegible] الکوحل کا استعمال وغیرہ۔

دل کا ڈوبنا **Stokes andams Diseases**: اس مرض میں دل ڈوبتا ہے ایسا محسوس ہوتا ہے جیسے ہارٹ فیل ہو جائے گا، دل گھٹتا ہے اور دم گھٹتا ہے اس مرض کو ڈاکٹر رابرٹ سٹوک ایڈم نے 1875ء میں دریافت کیا مگر کیونکہ مرض کمزوری دل سے ملتی ہیں اس لیے علاج و پرہیز بھی کمزوری دل کے مطابق ہونا چاہیے۔

دل کے پٹھوں کے سیلز کی سوزش **Myocarditis** اور **Pericarditis**: دل کے گرد جھلی کی سوجن ان امراض میں علامات جو محسوس کرتے ہیں۔ سانس کا پھولنا، دل کی دھڑکن کا تیز ہونا، جسم سوج جانا [illegible] میں ورم اور وزن بڑھ جانا، کھانے میں بدہضمی وغیرہ وغیرہ۔ طبی ماہرین کے مطابق کیونکہ دونوں کی امراض مشترکہ ہیں اس لیے یونانی طریقہ علاج تقریباً مشترکہ ہے اس لیے میں نے ایک ہی جگہ بیان کر دیا ہے۔

اب میں آپکو یونانی طریقہ علاج اور وظائف بتاتا ہوں جس سے آپ لاکھوں روپے بھی بچا سکتے ہیں۔ اور امراض کو بروقت روکا جاسکتا ہے اور امراض دل کا بائی پاس اور ادویہ اور انجیو پلاسٹی سے بچا جاسکتا ہے۔ [illegible] کہتے ہیں (Genetic) موروثی مرض ہے بلڈ پریشر اور امراض دل اگر باپ کو ہے تو بیٹے کو بھی اسی لیے ہے مگر اس موروثی مرض کو روکا جاسکتا ہے۔ اگر ہمارا بلڈ پریشر زیادہ ہو گا تو ہارٹ بلاکیج بھی زیادہ [illegible] ہوسکتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ہرٹ ٹیوبز ہماری نارمل بلڈ پریشر کے لیے بنائیں ہیں نہ کہ زیادہ کے لیے لہٰذا اپنے بلڈ پریشر کو کنٹرول کریں نہ زیادہ ہو اور نہ کم ہو۔ ہمارے دل میں اللہ تعالیٰ نے ایکسٹرا ٹیوبز [illegible] ایک کھلاڑی دو گھنٹے تک بھاگ سکتا ہے۔ جس سے اسکی دل کی ٹیوبز کھل جاتی ہیں مگر یہ کام ہمیں 20 سال کی عمر میں کرنا چاہیے تاکہ ہمارے جسم میں فالتو چکنائی بننے نہ پائے۔ جب مرض سے امراض میں [illegible] ہیں تو تب ہم احتیاط کرتے ہیں اگر وقت سے پہلے کر لیا جائے تو امراض تو کیا مرض ہی نہ آئے۔ کوشش کریں قدرتی علاج کریں ادویات سے بچیں۔ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ تم سنگترہ کا استعمال کیا کرو کیونکہ یہ دل کو مضبوط کرتا ہے۔ ٹماٹر کا استعمال ہائی بلڈ پریشر اور کولیسٹرول سے محفوظ رکھتا ہے۔ گاجر رات کو شبنم میں رکھیں صبح خالی پیٹ کھائیں امراض دل کیلئے بے حد فائدہ مند ہے۔ ایک گلاس روزانہ انار کا جوس پئیں۔ انار کا استعمال خون کو پتلا کرنے کولیسٹرول کو کم کرنے اور اچھا کولیسٹرول بڑھانے میں حیرت انگیز اثرات مرتب کرتا ہے اس کے مسلسل استعمال سے دل کے بائی پاس سے بچاؤ ممکن ہے۔ اب ہلدی 2 گرام [illegible] سوزش دل اور امراض قلب کے مریضوں میں دل کی دورے پر قابو پانے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ طبی ماہرین کے متفقہ رائے کے مطابق موت کی سب سے بڑی وجوہات امراض قلب ہے تمباکو نوشی سے پرہیز کریں کیونکہ یہ بھی دل کی تکالیف میں سے ایک موجب ہے۔ دل کے دورے سے ہونے والی ہلاکتوں کو بروقت احتیاطی تدابیر سے نصف کیا جاسکتا ہے۔ دل کے دورے کی علامت میں فوری طور پر طبی امداد تک رسائی اور ہنگامی صورت حال میں مریض کی حفاظت کے بارے میں معلومات سے 100% میں سے 85% کو بچایا جاسکتا ہے۔ خون میں چکنائی بڑھنے سے امراض قلب جنم لیتے ہیں روزانہ 1/2 گھنٹہ ورزش کریں فائبر والی چیزوں کا زیادہ استعمال کریں۔ چھلکے والی دالیں اور چھلکے والی سبزیوں کا استعمال کریں۔ دودھ اگر پئیں تو سونف چھوٹی الائچی اور دارچینی ڈال کر پئیں۔ ڈالڈا گھی آئل چھوڑ دیجئے کیونکہ [illegible] میں (LDL) Low Denisty Lepoprotein۔ جسے گندی چکناہٹ کہتے ہیں جس کا کولیسٹرول پیدا کرنے میں اہم کردار ہے۔ صحت مند رہنے کیلئے اور کولیسٹرول سے بچنے کیلئے اچھی چکناہٹ کا استعمال کیجئے جسے (HDL) High Density Lepo Protein کہتے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے قدرتی انسان کیلئے بنائیں جیسے سرسوں کا تیل، ناریل کا تیل، مونگ پھلی کا تیل، تلوں کا تیل [illegible] شدھ کر کے کھائیں اور سب سے اہم بات اپنی آنکھوں کے سامنے کولہو سے نکلوائیں۔ تیار شدہ تیل نہ لیجئے۔ 10 کلو سرسوں کے تیل کو اچھی طرح پکائیں۔ پھر آگ سے اتار کر 100 گرام گڑ ڈال دیں [illegible] کے کپڑا سے چھان لیں اب آپ اس تیل کو اپنے کھانے میں استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر پنجاب میں رہائش پذیر ہیں تو سرسوں کا تیل استعمال کریں اور آپ ناران کاغان کشمیر میں ہیں تو تلوں کا تیل [illegible] استعمال کریں امراض دل کے مریض وزن کم کریں۔ نمکیات کا استعمال کم کریں اور اگر کریں تو کالا نمک، سیندھا نمک وغیرہ استعمال کریں کیونکہ اس میں آئیوڈین نہیں ہوتا امراض قلب کے [illegible]

اور اگر نہ کھائیں تو اور بہتر ہے۔ اگر مچھلی پسند ہو تو دریا کی مچھلی استعمال کریں۔ گھر میں آپ سالن بغیر گھی کے تیار کر سکتے ہیں۔ ہم کہتے ہیں کہ سالن بغیر گھی کے بنائیں تو ذائقہ نہیں ہوگا۔ ذائقہ (Taste) مصالحے بناتے ہیں گھی نہیں۔ میں خود الحمدللہ صحت مند ہوں مگر ہفتہ میں دو مرتبہ گھر میں شوق سے بغیر گھی کے ہانڈی بنواتا ہوں اس میں دہی کا اضافہ کرلیں۔ اور دہی میں آپ تمام چیزیں مصالحے اور جڑیاں ڈال کر بھون سکتے ہیں۔ جسم کو صحت مند رہنے کے لیے اچھے کولیسٹرول کی ایک حد تک ضرورت ہے جو سبزیوں، مصالحوں اور تازہ پھلوں میں بھی پایا جاتا ہے۔ اسٹرابری میں موجود اجزا کولیسٹرول کو نارمل رکھتا ہے پوٹاشیم اور میگنیشیم کی بدولت ہائی بلڈ پریشر میں فائدہ مند ہے۔ اس میں موجود فلیونائیڈز امراض سرطان اور امراض قلب کیلئے بہت بہتر ہے۔ اسٹرابری کا روزانہ استعمال ہارٹ اٹیک کے خطرے کو کم کرتا ہے۔ بادام امراض قلب، دماغی کمزوری اور خون کی کمی ذیابیطس میں بہت فائدہ مند ہے۔ مچھلی کا تیل استعمال کرنے سے سانس کی نالیوں میں چکناہٹ نہیں جمتی اور سانس کی نالیاں درست انداز میں کام کرتی ہیں۔ سبز چائے کولیسٹرول کو کم کرتی ہے اور دل کی بند شریانوں کے لیے بہت بہترین ہے۔ امراض قلب کے مریض صبح خالی پیٹ دودھی کا رس پئیں جو انجیو پلاسٹی سرجری کا بہترین علاج ہے۔ دودھی کے رس میں تھوڑا سبز دھنیاں، پودینہ، تلسی اور کالا نمک شامل کرلیں اور زیادہ لذیز ہو جائے گا۔ گریپ فروٹ کا استعمال، شہتوت، پالک، خرفہ کا ساگ، جو، پستہ، منقی، کشمش، مونگ کی دال کا استعمال کریں جو امراض دل کے مریضوں کے لیے بہت فائدہ مند ہے۔ لوکی کا رس دل کو طاقت دیتا ہے ہائی بلڈ پریشر امراض جگر کے لیے مجرب ہے۔ ارجن کے درخت کی چھال امراض قلب کے لیے بہت فائدہ مند ہے۔ ارجن سے امراض کا علاج طبی ماہرین نے ہزاروں سال پہلے دریافت کیا۔ ارجن کی چھال 2 گرام سفوف بھی استعمال کر سکتے ہیں اور جوشاندہ بھی بنا کر لے سکتے ہیں لیکن جوشاندہ زیادہ بہتر ہے۔

ھوالشافی: درخت ارجن کی چھال 15 گرام، پانی ایک پاؤ، دودھ گائے 1/2 کلو تمام اجزا حل کر کے ہلکی آنچ پر پکائیں اور اس میں حسب ذائقہ چھوٹی الائچی کا اضافہ کرلیں جب پانی خشک ہو جائے اور دودھ باقی رہ جائے تو چھان کر مصری یا گڑ ملا کر پلائیں۔ شوگر کے مریض میٹھا استعمال نہ کریں۔ دل کی جھلی کا ورم، ورم غلاف دل، درد دل، کمزوری دل، استسقاء اور کولیسٹرول کی زیادتی وغیرہ کے لیے بہت مفید ہے۔ اس نسخہ کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے آپ خود استعمال کریں گے تو انشاءاللہ دعائیں دیں گے۔ دل کی تقویت کیلئے خوش مزاجی اور زندہ دلی بہترین قدرتی علاج ہے۔

ھوالشافی: درخت ارجن کی چھال ایک کلو۔ منقی سبز 1/2 کلو پھول مہوا ایک پاؤ پانی 12 لیٹر میں ڈال کر پکائیں جب 2,1/2 لیٹر پانی رہ جائے تو چھان کر گل دھاوا ایک پاؤ گڑ ایک کلو میں شربت تیار کریں۔ روزانہ صبح خالی پیٹ 2 چمچ چاٹ لیں دل کی تمام بیماریوں مثلاً دل کا بیٹھنا، دل کی دھڑکن، دل کا کمزور ہونا کیلئے از حد فائدہ مند ہے۔ یہ شربت پھیپھڑوں کو طاقت دیتا ہے اور دل ڈوبنا (ہارٹ فیل) کیلئے مجرب ہے۔ گل داؤدی امراض دل کیلئے بہت مفید ہے گل داؤدی کے پھولوں کا عرق 30 ملی لیٹر لیں اس سے دل کی کمزوری اور دل کے امراض دور ہو جاتے ہیں۔

ھوالشافی: گلاب کے تازہ پھولوں کے پتے 25 گرام دو چھٹانک پانی میں رگڑ کر چھان لیں مصری یا گڑ ملا کر پی لیں نہایت مقوی قلب اور ضعف دل کو بھی مفید ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق کشتہ سونا مقوی قلب اور اعضائے رئیسہ کیلئے بہت اعلیٰ علاج ہے اسکو بنانا عام آدمی کے بس کی بات نہیں مگر میں نے کشتہ سونا سے جو ہم خود تیار کرتے ہیں مقوی قلب کیلئے سینکڑوں مریضوں پر استعمال کرایا مگر پھر سے ان کو الحمدللہ کوئی تکلیف نہیں ہوئی۔ طب نبوی ﷺ کے مطابق لہسن کا لگاتار استعمال موٹاپا اور دل کے امراض سے بچاتا ہے کیونکہ خون میں چربی ہونے کی وجہ سے خون گاڑھا ہو جاتا ہے جس سے خون کی نالیوں میں خون رک جانے سے دل کا دورہ ہو جاتا ہے اپنے سالن میں انبہ ہلدی کے ساتھ لہسن کا استعمال بھی زیادہ کریں صبح خالی پیٹ 3 جوئے دیسی لہسن نگل لیا کریں۔ ایک کہاوت ہے کہ لہسن اگر سونا کے بھاؤ بھی ملے تو اسے خرید لیں کچا لہسن کھانے سے کبھی دل کا مرض نہیں ہوتا۔

انجیو پلاسٹی اور دل کے بائی پاس سے بچئے، کولیسٹرول کی زیادتی اور کمزوری دل ایک اور کامیاب نسخہ عرض کرتا ہوں۔

ھوالشافی: اجوہ کھجور کا استعمال امراض دل کیلئے بہت مفید ہے اجوہ کھجور سعودی عرب سے منگوائیں اور گٹھلی سمیت کھرل کرلیں آدھا چائے کا چمچ صبح اور آدھا چائے کا چمچ شام کو تازہ پانی کیساتھ 10 دن استعمال کریں۔ انشاءاللہ انجیو پلاسٹی کروانے کی ضرورت ہی محسوس نہیں ہوگی۔

ھوالشافی: لیموں، لہسن، ادرک ان تینوں اجزاء کا ایک ایک کپ رس نکالیں اور ایک کپ سیب کا سرکہ ڈال کر اچھی طرح ابالیں ٹھنڈا ہونے پر دو کپ شہد چھوٹی مکھی ملالیں نسخہ تیار ہے۔ 3 چمچ صبح خالی پیٹ لیں۔

ھوالشافی: تخم ریحان 25 گرام، عرق گلاب 150 ملی لیٹر شکر یا مصری 25 گرام تخم ریحان کو عرق گلاب میں ایک گھنٹہ بھگو دیں اور شکر ملالیں۔ دن میں دو مرتبہ لیں دل کی دھڑکن (Palpitation) کیلئے بہت فائدہ مند ہے۔ سیب کا روزانہ استعمال امراض قلب کیلئے بہت مفید ہے۔ خشک میوہ جات کا استعمال امراض قلب کے مفید ہے۔

امراض قلب کے مریضوں کو یہ ٹیسٹ بھی کروانا چاہیے تاکہ ان سے ان کی تسلی ہو جائے۔

Sorbitrate/ECG/Stress Test/TMT/Exercise Stress Test/Non Invasive CT Angiography.

امراض قلب کا روحانی علاج۔ امراض قلب سے تکلیف کی حفاظت کیلئے دعا۔ ہر فرض نماز کے بعد دل پر سیدھا ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ پڑھیں "یَا قَوِیُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِی وَ قَلْبِی" اسکے بعد شہادت کی انگلی دل پر رکھ کر سات مرتبہ یہ آیت پڑھیں۔

فَاسْتَقِمْ كَمَآ أُمِرْتَ وَمَن تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْاْ إِ نَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ۔ (سورۃ ہود آیت 112)

اسکے بعد سات مرتبہ "یَا قَوِیُّ" پڑھیں انشاءاللہ امراض قلب کی بیماری سے محفوظ رہیں گے۔

دل کے دورے (ہارٹ اٹیک) کو روکنے کی دعا اول و آخر گیارہ، گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ یہ دعا پڑھیں۔

انشاءاللہ دل کی ہر بیماری سے شفاء ہوگی۔ یا اللہ یا رحمٰن یا رحیم۔

" دل مارا کن مُسْتَقِیم بحق اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْن(ط)"

کینسر کے متعلق مفید مشورے

حکیم عامر رزاق اوبھایا

کینسر کیا ہے۔ کینسر جسے سرطان بھی کہتے ہیں پاکستان میں یہ مرض تیزی سے پھیل رہا ہے۔ ہمارے ملک میں ہر سال لاکھوں افراد اس کی بھینٹ چڑھ جاتے ہیں۔ کینسر جسم کے مختلف اعضاء میں سیلز (خلیے) [illegible] طریقے سے بڑھتے ہیں ان خلیوں کی تعداد ہمارے جسم میں کروڑوں کے حساب سے پائی جاتی ہے۔ ہر سیل کے اندر DNA ہے جو سیلز کو کنٹرول کرتا ہے۔ ان سیلز کے اندر دو قسم کے جینز (کیمیائی مادے) [illegible] (1) ONCOGENES یہ سیلز کینسر کی پرورش میں مدد دیتے ہیں۔ (2) Tumor Suppressor یہ سیلز کی پرورش کو روکتے ہیں۔ جب خلیے دوران تقسیم کنٹرول سے باہر ہو جاتے ہیں اور بے ہنگم طریقے سے بڑھنا شروع ہو جائیں تو اسے کینسر کہتے ہیں۔ کینسر کو ایک طرح کا خاموش قاتل بھی کہا جا سکتا ہے۔ جو مریض کو آنے والی تباہی سے لاعلم رکھتا ہے اور مریض کو موت کے کنارے پہ لا کھڑا کرتا ہے۔

وجوہات کیا ہیں؟ پیدائشی طور پر سیلز کی جین میں نقص ہونا مرض کا سبب ہو سکتا ہے۔ اس میں ارد گرد کے ماحولیات الکوحل کا استعمال نیکوٹین تمباکو، [illegible] کیمیکل [illegible] پان چھالیہ [illegible]

علامات: کینسر کی علامات سے متعلق کینسر کے مریض کو اتنی جلدی علم نہیں ہوتا کہ مجھے کینسر ہو رہا ہے۔ مرض بڑھتا ہے تو پھر علم ہوتا ہے مریض پہلے ٹیومر کی جگہ درد محسوس کرتا ہے۔ خون یا رسولی نمودار ہوتی ہے۔ خواتین کی بریسٹ پر گلٹیاں محسوس ہوتی ہیں۔ مریض کا وزن دن بدن کم ہوتا جاتا ہے۔ رسولی (ٹیومر) والی جگہ سے بدبو آتی ہے۔ اس قسم کا مرض بیرونی طور پر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ دماغ کا کینسر، خون کا کینسر، پھیپھڑوں کا کینسر، جگر اور گردوں کا کینسر معدہ کا کینسر جلدی علم نہیں ہوتا یہ تب انکشاف ہوتا ہے جب مرض پھیل چکا ہوتا ہے۔

اقسام اور تفصیل۔ جہاں طب نے ترقی کی وہاں سائنس نے زیادہ ترقی کی ہے۔ آج کے اس جدید دور میں اور بڑھتے ہوئے کینسر کے امراض کے مطابق تقریباً 100 قسم کے کینسر کے امراض ہیں۔ [illegible] کی وجہ سے بیان کرنا مشکل ہے۔ اس حوالے سے اکثر اوقات مختلف مضامین تفصیل سے مختلف اخبارات میں میرے پرنٹ ہوتے رہتے ہیں۔ سرطان کے امراض جو زیادہ لوگوں میں پائے جاتے ہیں ان میں سے چند ایک کا ذکر کرتا ہوں۔ چند ایک سیلز (خلیے) کے نام عرض کرتا ہوں۔ جو سرطان پیدا کرنے میں مدد دیتے ہیں جیسے (1) CARCINOMA۔ کینسر پیدا کرنے والا مادہ ہے جو سیلز کے اندر پرورش پا کر [illegible] بیماری کا موجب بنتا ہے۔

2۔ (SARCOMA) (GROWS IN CONNECTIVE TISSUES) کوئی سی موذی ٹیومر سیلز کی تہہ تک پہنچ جائے یہ بھی ایک خطرناک قسم ہے جس کا ٹھیک ہونا مشکل اور ناممکن ہے۔

(3)۔ BRONCHIAL CARCINOMA اس کا علاج بھی کافی مشکل ہے اور مریض تھوڑا عرصہ ہی چل سکتا ہے۔ چوتھے نمبر پر ہے خون کا کینسر جسے Leukemia cancer کہتے ہیں۔ اس کا سائز پتہ نہیں ہوتا۔ یہ کینسر خون سے بنتا ہے۔ Cancer of Blood Cells بھی کہا جاتا ہے۔

پراسٹیٹ گلینڈز۔ مردوں میں زیادہ تر پراسٹیٹ گلینڈز کا سرطان پایا جاتا ہے۔ پراسٹیٹ گلینڈز پیٹ کے نیچے اور مثانے کے اوپر واقع ہے۔ یہ مردوں میں مرض 50 سال کی عمر کے بعد ہوتا ہے اور 55 سال کی عمر میں مرض تیزی سے پھیلنا شروع ہو جاتا ہے۔ بار بار پیشاب کا آنا رک رک کر آنا۔ پیشاب روکنے میں دشواری محسوس ہونا۔ کمزور دھار سے آنا۔ نیند کے دوران پیشاب کی حاجت کیلئے اٹھنا۔ مثانہ والی جگہ میں [illegible] آپ اپنے قریبی یورالوجسٹ سے میڈیکل چیک اپ کروائیے مرض کو مرض سمجھیں۔ پراسٹیٹ گلینڈز کیلئے بہترین نسخہ آپ کے گھر میں موجود ہے۔ نسخہ دو عدد چھوارہ کے ٹکڑے کر لیں اور 1/2 کلو دودھ میں ابال [illegible] پکا لیں۔ چھوارہ کے پیس کھا لیں اور نیم گرم دودھ گھونٹ گھونٹ کر کے پئیں۔ انشاءاللہ شفاء ہوگی۔ موٹاپا کو کنٹرول کیجئے۔

پھیپھڑوں کا کینسر:۔ مردوں میں کینسر دوسرے نمبر پر پھیپھڑوں (Lungs) کینسر ہے۔ 45% تمباکو سے کینسر کی وجہ سے لوگوں کی اموات ہو رہی ہے۔ عالمی ادارہ صحت WHO کے مطابق اس وقت ایک ارب 30 کروڑ افراد دنیا میں سگریٹ نوشی کی لت میں مبتلا ہیں اور ان کی اکثریت ترقی پذیر ملکوں میں رہائش پذیر ہے۔ ہمارا ملک بھی ترقی پذیر ملکوں میں شامل ہے۔ (تمباکو) سگریٹ نوشی، پان کا استعمال صحت سے متعلق اموات کی دوسری بڑی وجہ ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق ہر سال 50 لاکھ افراد دنیا میں Lungs Cancer کی موت کا سبب بنتے ہیں۔ دیگر الفاظ میں ہر 10 افراد میں ایک بالغ انسان کی موت کا سبب تمباکو ہے۔ سگریٹ کا نشہ پھیپھڑوں سے دماغ تک پہنچنے میں صرف 7 سیکنڈ کا وقت چاہیے۔ تمباکو میں Necotin کافی مقدار میں پایا جاتا ہے۔ Necotin میں ترنگ اور جوش پیدا کرنے کے ساتھ ساتھ الرجی پیدا کرنے والی خصوصیت بھی ہوتی ہے۔ Necotin پان اور نسوار میں بھی پایا جاتا ہے جو منہ کے کینسر کا سبب بنتا ہے۔ پھیپھڑوں کے کینسر میں مریض کو کھانسی آتی ہے اور کھانسی کے ساتھ خون آتا سانس لیتے وقت مریض کو درد محسوس ہوتا ہے۔ مریض تھوڑا عرصہ میں کمزور ہو جاتا ہے۔ بلغم اور خون کا ٹیسٹ کروائیں سگریٹ نوشی اور اس سے متعلقہ نشہ آور چیزوں کا استعمال ترک کر دیں۔

بریسٹ کینسر:۔ خواتین میں یہ مرض پہلے نمبر ہے اور 35% خواتین اس مرض میں مبتلا ہیں۔ خواتین کو چاہیے کہ ہر ماہ کسی لیڈی ڈاکٹر سے اپنی چھاتیوں کا معائنہ کروائیں۔ خواتین کو خود بھی چیک کرتے رہنا چاہیے کہ کہیں بریسٹ میں گلٹیاں تو نہیں بن رہیں اگر ایسے میں ٹیومر کی شکل اختیار ہو رہی ہے تو دیسی طریقہ علاج میں کوار گندل کا گودہ 50 گرام دودھ میں ڈال کر ابال لیں اور نیم گرم دودھ [illegible] میں صبح شام چھوٹی الائچی ڈال لیں۔ اس نسخہ سے انشاءاللہ آپ کے کینسر کے ٹیومرز زائل ہو جائیں گے۔ یہ یاد رہے کہ مرض کو آپ بروقت کنٹرول کر سکتے ہیں۔ (Mammograme) میموگرام ٹیسٹ لازمی کروا لیں یہ گرام ایک ایسا خواتین کے بریسٹ کا ٹیسٹ ہے جو آنے والے دو سال کے مرض کا بھی بتا دے گا۔

جگر کا سرطان:۔ Cancer of Liver۔ جگر کے کینسر کی سب سے اہم وجہ ہیپاٹائٹس بی اور سی کا ہونا اور الکوحل کثرت شراب نوشی وغیرہ۔ یہ وائرس ایک فرد سے دوسرے فرد میں منتقل ہوتا ہے۔ جس کی علامات انتقال خون، استعمال شدہ Needles وغیرہ۔ اس مرض میں سب سے اہم بات جن مریضوں میں جگر کے کینسر کی تشخیص ہوتی ہے۔ ان میں 20% سرجری کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ سنگاپور کے میڈیکل کینسر سنٹر کے [illegible] پروفیسر لندن اوئی کے مطابق اگر پانچ مریض سرجری کے آپریشن سے گذاریں تو ان میں چار مریضوں میں 4 سال کے دوران کینسر کا مرض پھر سے ابھر آتا ہے۔ جگر کے کینسر کے علاج کیلئے 2 تولہ [illegible] صبح شام پئیں۔ (2) اونٹنی کا دودھ ایک چھٹانک سے لیکر 1/2 کلو تک روزانہ پئیں۔ انشاءاللہ کینسر کنٹرول کیلئے مجرب ہے۔

معدہ کا کینسر۔ ابتداء میں معدے کی سیل وال (Cell wall) متاثر ہوتی ہے۔ پھر معدے کے تمام عضلات متاثر ہوتے ہیں۔ یہ کینسر جسم میں پھیل کر دوسرے عضلات میں اپنی جڑیں مضبوط کر لیتا ہے۔ جسکا علاج نا ممکن ہے۔ پیدائشی طور پر سیلز کی جینز میں نقص ہونا مریض میں کینسر ہونے کا سبب بنتا ہے۔ معدے کا کینسر کھانے پینے کی غیر معیاری چیزوں فاسٹ فوڈ بیوریجز سے بھی ہو سکتا ہے۔ کثرت شراب نوشی دھوئیں میں بے شمار زہریلے مادے کینسر ہونے کا سبب ہو سکتا ہے۔ مریض کو قبض ہوتی ہے۔ سر میں شدید درد ہوتا ہے خون کی کمی ہو جاتی ہے۔ اور جسمانی کمزوری سے انسان کا جینا مشکل کر دیتی ہے۔ پیٹ میں شدید درد جو کھانا کھانے کے بعد اور زیادہ شدت اختیار کرتا ہے۔ متلی اور قے علامات میں شامل ہے۔ معدہ میں تیزابیت جلن اور بے چینی ہمیشہ کا معمول بن جاتی ہے۔

ENDOSCOPY, BIOPSY, GASTROSCOPY کے ٹیسٹ کراوئیں جائیں۔ خوراک میں سنترہ، آلو بخارہ، سیب، انار کا جوس، کدو کا جوس، دودھ کی کھیر، دودھ سویاں، اونٹنی کا دودھ وغیرہ۔

دماغ کا کینسر:۔ (Cancer of Brain)۔ پھیپھڑوں کا کینسر پھیل کر دماغ اور ہڈیوں تک پہنچ جاتا ہے۔ یادداشت متاثر ہوتی ہے۔ سر درد ہوتا ہے۔ جسم کے حصے سُن ہو جاتے ہیں۔ میڈیکل کے مطابق کینسر کے ٹشوز کو ختم کرنے کیلئے تین طریقے ہیں نمبر1 بذریعہ Radiationt تابکاری شعاعیں دوسرا نمبر سرجری اور تیسرے نمبر پر کیموتھراپی مگر میری رائے اس سے مختلف ہے انڈیا کے معروف ڈاکٹر راجیو ڈکست کہتے ہیں کہ کیموتھراپی دینے کے بعد مریض کا تندرست ہونا ناممکن ہے۔ کیموتھراپی دینے سے مریض کے اچھے سیلز (خلیے) بھی ناکارہ شروع ہو جاتے ہیں۔ اپنے روپے پیسے کو ضائع مت کریں ڈاکٹر آپ کو دھوکے میں رکھتا ہے کہ چھ ماہ میں کورس کرنے کے بعد ٹھیک ہو جائے گا۔ آخر مریض نے مرنا ہی ہے۔ ایک تو پیسہ بھی آپ کے ہاتھ سے گیا اور دوسرا مریض بھی گیا۔ لہٰذا میں بھی ڈاکٹر راجیو ڈکست کی اس بات سے اتفاق کرتا ہوں میں ساتھ میں یہ بھی بتانا چاہتا ہوں کہ کینسر کے مریضوں کو چاہیے اونٹنی کا دودھ روزانہ پئیں مگر ایک چھٹانگ سے شروع کریں آہستہ آہستہ 1/2 کلو تک لے آئیں۔ اونٹنی ہمارے پیارے پیغمبر حضرت محمد ﷺ کی سنت بھی ہے۔ اگر ہم اپنے پیارے پیغمبرؐ کی ایک سنت کو زندہ کریں گے۔ تو اللہ تعالیٰ انشاء اللہ ہمیں شفا بھی ضرور دے گا۔ اونٹنی کے دودھ میں ایسے اوصاف ہیں جو کینسر اور اس سے متعلقہ بیماریوں میں بے حد فائدہ مند ہے۔ جیسے شوگر امراض جگر وغیرہ۔ زندگی میں آپ کو کبھی کینسر نہ ہو تو اس کیلئے سب سے اچھی دو دوائیں ایک اونٹنی کا دودھ اور دوسرا انبہ ہلدی کیونکہ انبہ ہلدی میں ایک کرکومن نام کا مرکب ہے جو کینسر کی پیدائش کو روکتا ہے۔ 2 گرام انبہ ہلدی سالن میں ڈال کر لیں یا دودھ میں ڈال کر یا پانی کے ساتھ لیں۔ انشاء اللہ زندگی میں کبھی آپ کو کینسر نہیں ہوگا۔ اونٹنی کے دودھ کے ساتھ اگر آپ دو گرام انبہ ہلدی بھی استعمال کریں تو سونے پہ سہاگہ ہوگا۔ مگر یہ علاج کیموتھراپی سے پہلے کا ہے۔ ہلدی کے استعمال سے سیلوں کی مرمت کرنے والے ڈی این اے بڑھتے ہیں اور ان سے ہارمونوں کا پیدا ہونے اور بڑھنا رکتا ہے۔ جو اپنے آپ بڑھتے جانے والے سیل اور رسولی پیدا کرنے کے ذمہ دار ہوتے ہیں۔ مختلف طبی ماہرین نے کینسر کے علاج کے حوالے سے مختلف تجربات کیے۔ چوہوں میں کینسر والے سیل داخل کیے پھر ان چوہوں کی خوراک میں ہلدی ملا کر دی۔ تین سے چار ہفتوں میں ہی کینسر والے سیل غائب ہو گئے۔ مریض چھلکے والی دالیں چھلکے والی سبزیاں تازہ جوس وغیرہ استعمال کریں۔ سبز چائے کینسر سے بچانے کیلئے بہترین ہے تحقیق کے مطابق دن میں چار کپ چائے تمباکو نوشی کرنے والے افراد کو خلیوں (سیلز) کو پہنچنے والے نقصان سے بچاتی ہے جو بعد ازاں کینسر میں بدل سکتا ہے۔ اسٹرابری کھانے والے افراد کینسر جیسے مہلک مرض سے بچے رہتے ہیں اس میں فولیٹ اور مانع تکسید اجزاء سرطان سے بچاؤ کے لیے کام آتے ہیں اسٹرابری فائبر، سیلی کون، پوٹاشیم، آئیوڈین، فولک ایسڈ، وٹامن بی 2، بی 5 اور میگنیز کی کافی تعداد میں پائی جاتی ہے۔ کیوی اور مسمی کا استعمال کیجیے یہ پھل کھانے سے دل، گردے اور پھیپھڑوں کے کینسر کے خلاف تحفظ ملتا ہے اور مختلف امراض سے محفوظ رکھتے ہیں۔ انگور جو سرطان جیسے موذی مرض کے خلاف لڑنے میں مددگار ثابت ہوئی ہے۔ انگور کے پھل سرطان پیدا کرنے والے سیلز کی افزائش کو بھی روکتے ہیں۔ جبکہ اس حوالے سے کی گئی ایک تحقیق میں بھی یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ انگور کے رس کو استعمال کرنے سے نہ صرف چھاتی کے سرطان کو روکتا ہے بلکہ دیگر اقسام کے سرطانوں سے بچاؤ میں مددگار ہوتی ہے۔ انگور میں وٹامن اے، سی کیلشیم آئرن اور پوٹاشیم شامل ہیں۔ مغز خروٹ کا استعمال کینسر کے امراض کے لیے بہت مفید ہے جو کینسر سیلز کو بننے سے روکتا ہے۔ دھماسہ بوٹی اور کریلا کا جوس کا استعمال امراض کینسر کے لیے بہت مفید ہے۔ لہسن کا مسلسل استعمال تمام قسم کے کینسر کیلئے بہت مفید ہے۔

روحانی علاج کینسر 1:۔ کینسر آخری اسٹیج پر ہو اگر اللہ تعالیٰ نے اسکی زندگی رکھی ہے تو 41 دن میں صبح کی نماز کے بعد یہ وظیفہ پڑھیں انشاء اللہ ضرور شفاء ہوگی۔ اول و آخر 11 مرتبہ درود ابراہیمی اور درمیان میں سورۃ مریم پڑھ کر پانی پر دم کریں وہی پانی سارا دن پئیں۔

روحانی علاج نمبر 2:۔ کینسر لا علاج جلدی اور اچھوتی بیماریوں کے لیے دعا۔ اول و آخر درود شریف کے ساتھ 11 مرتبہ درمیان میں پڑھیں۔

وَأَيُّوبَ إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ وَأَنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ۔ سورۃ الانبیاء (آیت نمبر 83)

قبض (Constipation) کا یونانی علاج

حکیم عامر رزاق او بھایا

قبض کو ام الامراض یعنی بیماریوں کی ماں کہا جاتا ہے۔ قبض کا مریض بے شمار بیماریوں میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ قبض دراصل انتڑیوں کے باقاعدہ نظام کا نام ہے۔ انتڑیوں میں خرابی یا انتڑیوں کی خشکی سے ایک تندرست انسان ام الامراض میں مبتلا ہو جاتا ہے قبض ہونے کی وجوہات میں غیر مناسب خوراک، پانی کا استعمال کم، جذباتی دباؤ ورزش نہ کرنا، ٹھنڈی چیزوں کا زیادہ استعمال، منشیات موٹاپا وغیرہ۔ قبض ہونے کی وجہ سے سر درد، زرد رنگت، پیٹ میں گیس کا بننا، بواسیر، طبیعت میں چڑچڑا پن، اس تکلیف کی جزوی علامتیں ہیں قبض دو اقسام میں ہے نارمل قبض اور دائمی قبض، نارمل قبض خوراک کے تعین میں ٹھیک ہو جاتی ہے۔ جبکہ دائمی قبض میں کچھ وقت درکار ہوتا ہے۔ ریشہ دار چیزوں کا استعمال کریں دالیں، تازہ پھل، تازہ سبزیاں کیونکہ سبزیاں اور پھل پانی کو جذب کرتے ہیں جس سے فضلہ نرم ہو جاتا ہے اور اجابت کھل کر آتی ہے جسم میں پیدا ہونے والے یا خارج ہونے والے اس فضلے کی خوراک سے بھی ہوتا ہے جو ہم روزمرہ کی بنا پر کھاتے ہیں۔ دائمی قبض کے علاج کیلئے ہم انگریزی ادویات کا سہارا لیتے ہیں جس سے انسان ان ادویات کا عادی ہو جاتا ہے۔ قبض کی وجہ سے جسم میں فاسد مادے پیدا ہوتے ہیں جو امراض کا سبب بنتے ہیں ایک صحت مند انسان کیلئے فضلہ کا اخراج ضروری ہے۔ قبض کے علاج کیلئے نظام انہضام کا درست ہونا ضروری ہے۔

ایک بات قبض کے مریض ذہن میں رکھیں قبض میں جلاب دینے سے کبھی قبض کا مرض دور نہیں ہوتا وقتی طور پر بذریعہ اسہال اپنے آپکو بہتر محسوس کرتے ہیں مگر تین دن کے بعد پھر سے قبض کی علامات ہو جاتی ہیں۔ قبض کے مریض امرود کا روزانہ استعمال کریں امرود کھانے سے انتڑیوں کے نظام انہظام بھی درست ہوتا ہے۔ روغن بادام بہترین علاج ہے 2 چمچ روزانہ سونف والے نیم گرم میں روغن بادام ڈال کر لیں۔ انجیر کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے خود قرآن حکیم میں ذکر فرمایا ہے اور بادام حدیث نبوی ﷺ میں ہے اگر ان دونوں کا اکٹھا استعمال کیا جائے تو سب سے بہتر ہے۔ انجیر 4 دانے مغز بادام دیسی 10 دانے رات کو ایک کپ پانی میں ڈال کر رکھ دیں۔ صبح کی نماز کے بعد انجیر چبا کر کھالیں اور بادام کا چھلکا اتار کر بادام کھائیں اور وہ پانی ساتھ میں پی لیں۔ قبض دور ہونے کے ساتھ ساتھ انتڑیوں کی خشکی مقوی دماغ اور بواسیر کو یقینی فائدہ دیتا ہے یا 5 دانے انجیر 1/2 کلو دودھ میں ڈال کر ابال لیں دو چمچ اصل دیسی گھی بھی ڈال لیں انجیر چبا کر کھالیں اور نیم گرم دودھ پی لیں ان دونوں نسخوں سے انشاء اللہ کھل کر اجابت ہوگی اور کسی قسم کی تکلیف بھی نہیں ہوگی بواسیر کا بھی کامیاب علاج ہے مگر کوئی ایک استعمال کریں۔ گلقند کا استعمال رات کے ٹائم دودھ کے ساتھ یا عرق سونف کے ساتھ کریں۔ 2 چمچ روزانہ لیں مقوی قلب اور قبض کیلئے بہت بہتر ہے۔ پیٹ صاف کرنے اور قبض دور کرنے کیلئے دیسی اجوائن اور گڑ برابر وزن مکس کر لیں ایک ایک چمچ صبح و شام گرم پانی کے ساتھ لیں۔

پیٹ کو صاف کرنے کیلئے اور قبض کو دور کرنے کیلئے تر پھلہ سفوف (ہرڑ زرد، آملہ، بہیڑہ) رات کو ایک چمچ تازہ پانی یا نیم گرم دودھ کے ساتھ لیں۔

قبض کے امراض کیلئے بنفشہ پھول (گل بنفشہ) برابر وزن مصری ملالیں روزانہ ایک چمچ دودھ کے ساتھ لیں نہایت عمدہ اور لذیذ خوراک ہے اجابت کھل کر آئے گی معدہ اور جگر میں پیدا ہونے والے فاسد مادے دور ہو جاتے ہیں اسکے علاوہ ہرڑ سیاہ اور حسب ذائقہ کالا نمک مکس کر لیں 3 گرام روزانہ تازہ پانی کے ساتھ لیں مگر ہفتہ میں ایک دن وقفہ کریں۔ مغز املتاس 15 گرام رات کو ایک کپ پانی میں ڈال کر رکھ دیں صبح خالی پیٹ چھان کر روغن بادام یا دیسی گھی دو چمچ شامل کر کے پی لیں قبض کے لیے مجرب ہے۔ خربوزہ کو کالی مرچ اور لاہوری نمک کے ساتھ کچھ دن کھانا دائمی قبض کو آرام آ جاتا ہے۔

کیسٹر آئل 3 چمچ دودھ میں ملا کر لیں بذریعہ اسہال فاسد مادوں کو خارج کرتا ہے۔ قبض کے مریض سیب کا استعمال کریں 2 سیب 1/2 کلو سونف والے دودھ میں ڈال کر ملک شیک بنا کر پی لیں سیب قبض کے علاوہ بہت سارے امراض کیلئے مفید ہے۔ قبض کے افراد کو چاہیے ان چیزوں کا زیادہ استعمال کریں فالودہ، دودھ سویاں، دودھ کی کھیر، کھچڑی، دلیہ، بادام کی کھیر، آلو بخارہ، گاجر، مسی، شلغم، مولی، مولی کا رس، تربوز، کیلے، کھجور، کشمش، گرم پانی میں لیموں شہد، پنیر کا پانی، چھلکا اسپغول، سنا مکی شدہ، پودینہ وغیرہ۔ حدیث نبوی ﷺ ہے اپنے دسترخوان کو سبزیوں سے مزین کریں۔

اطلاع عام

قارئین سے درخواست ہے کہ اگر آپکے پاس آزمائے ہوئے نسخے، ٹوٹکے ہوں جس سے انسانیت کی بھلائی ہو تو ہمیں اپنے نام اور فون نمبر کے ساتھ ہمارے ایڈریس پر بھیجیں ہم آپ کا نام بمعہ فون نمبر اپنے میگزین میں شائع کریں گے۔

لیکوریا کے نقصانات اور دیسی طریقہ علاج

حکیم عامر رزاق اوبھایا

موجودہ دور میں خواتین میں بڑھتے ہوئے امراض میں لیکوریا کا مرض عام ہے۔ یہ موذی مرض ہر دوسری خاتون کو اپنی لپیٹ میں لئے ہوئے ہے۔ لیکوریا عورت کے رحم سے جو رطوبت جاری ہوتی ہے اسے لیکوریا کہتے ہیں دوسرے الفاظ میں خواتین کا جریان یا سیلان الرحم بھی کہا جاتا ہے جیسے لکڑی کو دیمک لگتی ہے اور وہ اندر ہی اندر سے کھوکھلی ہو جاتی ہے ایسے خواتین اندر ہی اندر سے ختم ہو جاتی اور جوانی میں بڑھاپے کے آثار نمایاں ہونا شروع ہو جاتے ہیں۔ لیکوریا عرصہ دراز سے خواتین کو ہو تو یونی میں خارش ہونا، چہرے پر پیلا پن، تھکاوٹ، سستی، چڑچڑاپن، دماغی کمزوری، درد کمر، جسم کا کمزور ہونا، بالوں کا گرنا، اٹھراہ، حمل نہ ٹھہرنا، حیض کی بندش یا کثرت حیض لیکوریا کے مرض سے امراض جنم لیتے ہیں۔

سیلان الرحم (لیکوریا) کا مستقل یونانی طریقہ علاج

نسخہ نمبر 1۔ مازو، مائیں، لودھ پٹھانی، گیرو، سنگجراحت۔ تمام اجزاء برابر وزن کھرل کر لیں اور 500mg کے کیپسول بھر لیں۔ دو کیپسول صبح اور دو کیپسول شام تازہ پانی کے ساتھ لیں۔

نسخہ نمبر 2: سفید پھٹکری توے پر بریاں کر کے باریک پیس لیں۔ گائے کے مکھن میں ایک ماشہ ملا کر صبح خالی پیٹ کھانے سے سیلان الرحم (لیکوریا) کیلئے بے حد فائدہ مند ہے لیکوریا کی وجہ سے درد کمر کی شکایات کو بھی فائدہ دیتا ہے۔

نسخہ نمبر 3: شنکھ 1 پاؤ مکھن خالص ایک پاؤ ملا کر گل حکمت کر کے ایک بوری اپلوں کی آگ دیں جب سفید رنگ ہو جائے تو کشتہ شنکھ تیار ہے۔

طریقہ استعمال: ایک ماشہ ملائی میں رکھ کر کھالیں اوپر سے دودھ پی لیں یا سیب کے مربہ میں اور یا گلقند میں رکھ کر کھایا جاسکتا ہے چند دنوں میں انشاء اللہ لیکوریا جیسے موذی مرض کا نام و نشان بھی نہیں ہوگا۔

نسخہ نمبر 4: چاندی کے دو تولہ کا پترہ بنوالیں بہو پھلی، چاندی کو درمیان میں رکھ کر آدھا کلو بہو پھلی نیچے اور آدھا کلو پترہ کے اوپر گل حکمت کر لیں اور ہر مرتبہ دس کلو اپلوں کی آگ دیں یہ عمل 21 مرتبہ کریں کشتہ چاندی تیار ہے۔

ترکیب استعمال: کشتہ چاندی صبح خالی پیٹ مکھن میں ملا کر لیں اوپر سے دودھ پی لیں

نسخہ نمبر 5: اگر لیکوریا کی وجہ سے اندام نہانی میں خارش ہو تو پھر ساتھ میں 50Ml عرق گلاب میں ایک ٹکی کافور حل کر لیں اور دن میں تین مرتبہ روئی کا ٹکڑا ڈبو کر تین منٹ تک اندر رکھیں مگر ہر مرتبہ روئی (کاٹن) نئی ہونی چاہیے یہ عمل ایک ہفتہ کریں انشاء اللہ خارش پھر نہیں ہوگی۔ پرہیز دوران علاج گرم تلی ہوئی چیزیں، برائیلر چکن فارمی انڈے اور بادی چیزیں وغیرہ۔

خوراک: دودھ، دہی، مکھن، ملائی، فریش سبزیاں، تازہ فروٹ، بادام کی کھیر، دودھ سویاں وغیرہ۔

نوٹ: اگر نسخہ بنانے میں کوئی دشواری پیش آئے تو ہمارے دواخانہ میں تیار اس طرح کی ادویات مرض کے لیے موجود ہیں۔ معجون دل بہار، کورس نمبر 44 اور کورس نمبر 66 ام لیکر طلب کریں انشاء اللہ لیکوریا اور لیکوریا سے متعلقہ امراض یقینا جلد از جلد ٹھیک ہو جائیں گے اور آپ بہت جلد صحت یاب ہو جائیں گے۔

فالج اور لقوہ کے متعلق مفید مشورے

حکیم عامر رزاق اوبھایا

تعریف مرض:

فالج وہ مرض ہے جس میں بدن کا کوئی حصہ طولاً سن ہو جاتا ہے۔ بے حس ہو جاتا ہے اور حرکت نہیں کرتا اور اس حصے کی قوت زائل ہو جاتی ہے بدن کے تمام حصوں میں جہاں عضلات کی حرکت موجود ہے فالج ہو سکتا ہے۔

لقوہ کیا ہے؟(Facial Paralysis)۔

اس مرض میں منہ کے ایک طرف ٹیڑھا ہو جانے کو مفلوج ہو جانے کو غیر طبعی طور پر دوسری طرف کھینچ جاتا جس کے دونوں لب اور ایک آنکھ کی پلکیں بھی خرابی سے ایک دوسرے سے نہیں مل پاتیں۔ پانی پیتے وقت منہ سے رال بہتی ہے۔ پانی منہ سے باہر نکل جاتا ہے۔ لقوہ کا مریض تھوک نہیں سکتا۔ سیٹی بجاتے ہوئے یا پھونک درست ہونے کوشش کرے تو ہوا سیدھی [illegible] طرف سے نکل نہیں پاتی۔ چونکہ فالج اور لقوہ کے اسباب [illegible] ایک ہی [illegible] دونوں کو ایک جگہ [illegible] پچھلے مضامین میں فالج کی اقسام [illegible] منہ میں [illegible] مفلوج ہو جانے [illegible] فالج کہتے ہیں [illegible] ہوتی ہے۔

علامات فالج جو آپ محسوس کرنے لگیں

[illegible] مریض [illegible] اوقات [illegible] کے نام [illegible] ہے۔ مفلوج حصہ [illegible] اس طرف کے ہاتھ پاؤں [illegible] حس [illegible] مریض [illegible] فرق آ جاتا ہے [illegible] ہیں۔ نچلے دھڑ سے کے فالج میں پہلے مریض کو کمر میں درد ہوتا ہے پھر پاؤں میں کمزوری معلوم ہوتی ہے۔ اس مرض میں مبتلا مریض لڑکھڑا کر چلتا ہے اور پھر نچلا دھڑ بالکل مارا جاتا ہے۔

رعشہ (لکپی)Chorea میں پہلے تھکان ہوتی ہے پھر ایک پاؤں میں لرزش ہو کر درد محسوس ہونے لگتا ہے۔ پھر اس سے رعشہ شروع ہو کر دوسرا ایک طرف کے دیگر اعضاء کو مبتلا کر دیتا ہے اگر چہرہ کی طرف کا فالج ہو تو ماؤف طرف کا چہرہ تندرست طرف کو کھینچ جاتا ہے۔ منہ کا ایک گوشہ نیچے کی طرف لٹک جاتا ہے منہ سے ایک طرف کو رال بہتی ہے ایک آنکھ کھلی رہتی ہے اور مریض کو بیٹھنے رہنے میں منہ بالکل ایک طرف کو ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔ جب اس مرض کا اثر انتڑیوں پر ہو تو پاخانہ خود بخود نکل جاتا ہے مثانہ پر ہو تو پیشاب بلا ارادہ خارج ہو جاتا ہے۔ بچوں کے فالج میں پہلا پہلا بخارات [illegible] ہوتا ہے پیچ الٹا ہے تو ایک یا دونوں پاؤں مفلوج ہوتے ہیں۔ آہستہ آہستہ عضلات کی [illegible] جانے سے وہ لاغر اور بیکار ہو جاتے ہیں۔

فالج ہونے کی وجوہات کیا ہیں؟

ٹھنڈے پانی کا کثرت سے استعمال، ٹھنڈی اشیاء کا استعمال، اکثر سرد ہوا لگنے سے۔ عرصہ دراز سے شوگر، وجوہات یرقان۔

بلغمی امراض کی زیادتی، دماغی امراض، جریان خون، کثرت شراب نوشی، زیادہ رنج و غم فکر، رعشہ سے بھی ہو سکتا ہے۔ عضلات و اعصاب کا [illegible] شریانوں کا بند ہو جانا یا ان میں خون جمنے کی وجہ بھی ہو سکتی ہے۔ کثرت ملاپ، کثرت منشیات مثلاً افیون، چرس، ہیروئن وغیرہ۔ اعصابی کمزوری، مرگی، بخار، پرانی مرگی، ہائی بلڈ پریشر، کولیسٹرول کی زیادتی، موٹاپا، عمر رسیدہ افراد، [illegible] سے بدفعلی، وجوہات، وضع حمل اور بچوں کا پیٹ کے کیڑے اور دانت نکالنا وغیرہ وغیرہ۔

فالج کا بہترین علاج:

جب مریض کو فالج و لقوہ کا دورہ ہو تو مریض کی فوراً غذا بند کر دیں۔ صرف شہد اصلی کو پانی میں ملا کر آگ پر جوش دے کر پلانا چاہیے بہتر تو یہی ہے کہ ایک ہفتہ تک یہی عمل جاری رہے اس عمل کے دوران اگر بھوک لگے تو جنگلی کبوتر یا جنگلی بٹیر کا شوربہ دیں۔ مریض کو ہمیشہ اندھیرے میں رکھیں روشنی اور ہوا مریض فالج اور لقوہ کیلئے مضر صحت ہے۔ فزیوتھراپی دور جدید کا بذریعہ مشین فالج کا بہترین علاج ہے۔

اب میں آپ کی خدمت میں چند ایسے نسخے پیش کرتا ہوں جو آپ کو فالج اور لقوہ کیلئے بے حد فائدہ دیں گے۔ میرے مطب پر فالج اور لقوہ کے سینکڑوں مریض شفایاب ہو چکے ہیں بلکہ عمر رسیدہ حضرات کو جو نماز تراویح اور تہجد پڑھتے ہوئے کافی تکلیف محسوس کرتے ہیں، یہاں تک کہ پاخانہ کرتے ہوئے، غسل کرتے ہوئے کافی پریشانی ہوتی ہے میں نے اپنے تجربے میں یہ دیکھا ہے کہ فالج اور رعشہ جیسا پرانا موذی مرض جب خاص طور پر عمر رسیدہ لوگوں کو ہوتا ہے تو بعض اوقات اپنے بھی ساتھ چھوڑ دیتے ہیں اس لئے اللہ تعالیٰ کسی انسان کو اپنے علاوہ کسی کا محتاج نہ کرے (آمین)۔

نسخہ نمبر1: جرل دانہ ایک تولہ لے کر پوٹلی بنا کر دو سیر گائے کے دودھ میں لٹکا کر پکائیں جب پکتے پکتے آدھ سیر رہ جائے تو اتار لیں اور پوٹلی کو دودھ میں نچوڑ کر دودھ میں دس تولہ گائے کا گھی اصلی ملا کر حسب ضرورت چینی یا شہد ملا لیں گرم گرم مریض کو پلائیں اور ہدایت کر دیں کہ لحاف اوڑھ کر سو جائے کافی پسینہ آئے گا، اندر ہی اندر پسینہ پونچھ لیں اسی طرح کچھ روز تک یہ عمل جاری رکھیں۔ فالج کے مریض کیلئے بیرونی طور پر روغن (آئل) کی مالش کیلئے ضروری ہے۔

روغن فالج:

قسط نیم کوفتہ، کچلہ مدبر، فلفل نیم کوفتہ، فرفیون، ریگ ماہی، بیر بوٹی، لونگ ہر ایک پانچ ماشہ، عاقرقرحا، جند بیدستر اصلی، شنگرف رومی مدبر، زعفران اصلی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ روغن زیتون اصلی یا تلوں کا تیل اصلی، سپرٹ 15 تولہ، فرفیون اور جند بیدستر زعفران کے علاوہ تمام چیزیں سپرٹ کے اندر ڈال دیں پھر اس قدر جوش دیں کہ تمام سپرٹ خشک ہو جائے صرف روغن باقی رہ جائے۔ پھر باقی فرفیون، زعفران اور جند بیدستر اصلی کوٹ چھان کر ملا لیں اور آگ سے اتار لیں حسب ضرورت نیم گرم مالش کریں۔

خوراک: ایلوویرا کا جوس یا ایلوویرا (کنوار گندل) کا مغز دودھ میں ڈال لیں نیم گرم پئیں مگر چھوٹی الائچی دودھ میں ڈال کر ابال لیں کنوار گندل بطور سبزی دیسی گھی مٹن قیمہ میں ڈال کر پکائیں فالج لقوہ، جوڑوں کے درد کیلئے بہت فائدہ مند ہے یخنی میں یا سالن میں ادرک لہسن دار چینی سونٹھ، لونگ، جائفل، سونف، انیہ، ہلدی، زعفران، فلفل دراز، عاقرقرحا کا استعمال جاری رکھیں جو فالج رعشہ اور لقوہ کے مریضوں کے لئے بے حد فائدہ مند ہے۔ ناریل کا جوس، سجن کی پھلی کی سبزی، ویٹ گراس جوس، تازہ سبزیوں کا سوپ، روزانہ ایک گرام جائفل منہ میں رکھیں بے حد فائدہ مند ہے بعض اوقات اسی جائفل سے بھی لقوہ کے مریض ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ مریض کو چاہیے کہ خوراک میں گوشت کا شوربہ، یخنی، سوپ، جنگلی کبوتر، بٹیر، دیسی مرغی، مٹن، مونگ کی کھچڑی، کدو، پالک، میتھی، انار، سیب، انگور، دودھ بھی نیم گرم مگر اس کے اندر دار چینی، سونف، بڑی الائچی اور سونٹھ اور کالی مرچ ڈال کر پا سکتے ہیں۔ 25 گرام ایلوویرا کے حلوہ

میں ۵ گرام استخدوس کوری کی جڑ کا چھال سونف ۵ گرام شامل کر کے کھائیں فالج، رعشہ اور لقوہ کے امراض کے لیے بہت مفید ہے۔

فالج اور لقوہ کا روحانی علاج: سورۃ زلزال (مکمل) لوہے کا یا اسٹیل میں لکھ کر دھو کر پلائی جائے اور دیگر ترکیب سورۃ زلزال کو مریض کو لوہے یا اسٹیل کے برتن میں لکھ کر دیں اور مریض اس پر دیکھے انشاء اللہ ضرور شفاء ہوگی۔

پرہیز: دہی، لسی، آئسکریم، فالودہ، مرغ مرچ، آلو، گوبھی، الکوحل، کیفین، بڑا گوشت اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔ مریض کو زیادہ آرام کرنے کی ہدایت کریں۔

بلڈ پریشر کے امراض کا گھر بیٹھے یونانی طریقہ علاج

حکیم عامر رزاق اوبھایا

بلڈ پریشر کا کم ہونا
(Hypotention)

بلڈ پریشر عام طور پر بچوں میں 70 سے 100 ملی لیٹر تک پایا جاتا ہے۔ 18 سے 30 کی عمر کے نوجوان میں خون کا دباؤ 120 تا 130 تک ہوتا ہے۔ جب کہ خواتین میں مردوں کی نسبت 10 ملی لیٹر کم ہوتا ہے۔ جب اس سے کم ہوتا ہے تو اس وجہ سے خون کی کمی، جنرل کمزوری یا میرالحیض متعلقہ نظر سے سیلان الرحم یا تبدیلیات وغیرہ۔ علامات جو آپ محسوس کرتے ہیں ان میں جب آپ کا بلڈ پریشر لو (Hypotention) ہوتا ہے تو جسم کی جلد کا رنگ زرد یا پیلا ہو جاتا ہے۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا چھانے لگتا ہے۔ جلدی تھکاوٹ محسوس ہونے لگتی ہے غشی طاری ہونے لگتی ہے، دل گھٹنے لگتا ہے۔

بلڈ پریشر کم ہونے کا بہترین یونانی طریقہ علاج: [illegible] مکھن میں ملا کر لیں۔ تازہ دودھ پئیں۔ مکھن [illegible] ناشتہ کیجئے۔ کھانے میں [illegible] نمک کا استعمال کیجئے آیوڈین نمک چھوڑ دیجئے۔ بلڈ پریشر کم ہونے کی صورت میں دودھ میں دیسی انڈا پھینٹ کر پی لیجئے۔

بلڈ پریشر کا ہائی ہونا
(Hypertention)

اگر بلڈ پریشر نارمل سے زیادہ ہو تو اسے ہائی بلڈ پریشر کہتے ہیں۔ یہ مرض 40 یا 50 سال کی عمر کے بعد ہوتا ہے خون کے دباؤ کا درمیانی حصہ نارمل طور پر 50 ملی لیٹر کے درمیان ہوتا ہے مثلاً نیچے 90 ہے تو اوپر والا حصہ میں 140 ملی لیٹر ہونا چاہیے۔ بلڈ پریشر کا ہائی ہونا (Hypertention) مردوں کی نسبت عورتوں میں کم پایا جاتا ہے مگر اس جدید دور میں یہ مرض بڑھتا جا رہا ہے آج تو 40 اور 50 سال والے ہر تیسرے آدمی کو یہ مرض ہے۔ خون کا دباؤ ہر عمر کے لحاظ سے ہر انسان کا مختلف ہوتا ہے۔

اس کی وجوہات کیا ہیں؟

اس عمر میں مشروبات کا زیادہ استعمال چائے، کافی، آئیوڈین ملا نمک، بیف کا استعمال، سگریٹ نوشی، غم وغصہ اور پریشانی ہائی بلڈ پریشر کا سبب بنتی ہیں۔ علامات جو آپ محسوس کرتے ہیں۔ سر میں چکر آنا، نیند نہ آنا، درد سر رہنا، سر میں ہر وقت بھاری پن محسوس کرنا، چہرہ کا سرخ ہو جانا وغیرہ وغیرہ۔

ہائی بلڈ پریشر کا یونانی طریقہ تمام نمکیات والی چیزیں چھوڑ دیں۔ چاٹی کی لسی پئیں، کدو کا جوس پئیں، ونج میں چاہیں تھوڑا ادرک تھوڑا سبز پودینہ، سبز دھنیاں بھی ڈال لیں۔

انار کا جوس، تازہ پانی میں لیموں نچوڑ کر پئیں، تربوز کے موسم میں تربوز کھائیں، آلو بخارہ خربوزہ، جامن، فالسہ کا تازہ جوس، بادام کی سردائی، سبز دھنیاں، سبز پودینہ کی چٹنی دہی ملا کر زیرہ ملا کر لیں۔ آڑو کھائیں اور آڑو کا جوس پئیں، دودھ پئیں تو بغیر چینی کر چھوٹی الائچی ڈال کر پئیں۔ دودھ گرم میں کنوار گندل ملا کر پئیں جو کہ ہائی بلڈ پریشر کم کرنے کے علاوہ (Fatty Lever) جگر کی چربی کو بھی کم کرتا ہے روزانہ صبح خالی پیٹ 2 جوے دیسی لہسن کے تازہ پانی کے ساتھ لیں یہ بھی ہائی پریشر کو کم کرتا ہے خالی لیموں چاٹنے سے بھی آپ کا ہاضمہ بھی ٹھیک ہوتا ہے اور بلڈ پریشر بھی کم ہوتا ہے۔ شلجم کا جوس پئیں یہ بھی بے حد فائدہ مند ہے۔ پیدل صبح خالی پیٹ زیادہ سے زیادہ چلیں۔

ہوالشافی: چھوٹی الائچی، دھنیا، سونف اور مصری کوزہ تمام اجزا برابر وزن میں کھرل کر کے مکس کر لیں۔ روزانہ ایک چمچ پانی کے ساتھ لیں یا دودھ کیساتھ لیں۔ ہائی بلڈ پریشر کو کم کرتا ہے۔

ہوالشافی: مغز بادام دیسی، سونف اور لہسن تمام اجزاء برابر وزن میں پاؤڈر بنا لیں اور روزانہ 3 گرام تازہ پانی کے ساتھ لیں۔

ہوالشافی: اسرول اور دھنیاں اور چھوٹی الائچی برابر وزن میں کوٹ لیں 500 mg والے کیپسول بنا لیں ایک کیپسول صبح اور ایک کیپسول شام تازہ پانی کے ساتھ لیں اگر مرض کی شدت زیادہ ہو تو دوا کی مقدار بڑھا لیں صبح دوپہر شام کر لیں۔

خوراک: کدو، توری، ٹینڈہ، میتھی، امرود، مالٹا، کینو، سیب، کھیرا، اس کا جوس، مولی، گاجر، دودھ کی کھیر، چقندر، دودھ سویاں، گاجر کی کھیر، رس ملائی۔

پرہیز: تمام بادی چیزیں اور فاسٹ فوڈ کھانے کا پرہیز کیجئے اور ساتھ میں بڑا گوشت استعمال نہ کریں۔ آیوڈین نمک۔

بلڈ پریشر کا روحانی علاج: صبح و شام سورۃ یوسف کی پہلی آیت 21 بار پانی پر دم کر کے پی لیں اور سورۃ الحشر کی آیت نمبر 23 عشاء کی نماز کے بعد 41 بار پڑھ کر دعا مانگیں انشاءاللہ بہت جلد صحت یاب ہو جائیں گے۔



نائٹ ہربل کیپسول
فارمولا: زعفران، ریگ ماہی، سلاجیت، جند بیدستر، عاقر قرحا، دارچینی وغیرہ
ترکیب استعمال:
وقت خاص سے آدھا گھنٹہ پہلے دو کیپسول دودھ سے استعمال کریں۔ یہ کیپسول طاقت کے لیے روزانہ بھی استعمال کر سکتے ہیں
مردانہ طاقت بڑھائے

جوڑوں کے درد کے امراض اور کامیاب علاج

حکیم عامر رزاق اوبھایا

جوڑوں کا درد خطرناک شکل اختیار کر گیا ہے۔ جس کی وجہ سے اٹھتے بیٹھتے بہت تکلیف ہوتی ہے بعض اوقات کبھی کبھی کڑ کڑ کی آوازیں آتی ہیں جس سے مریض کو چلنے پھرنے میں دشواری ہوتی ہے آج میں آپ کو ایسے نسخے بتا رہا ہوں جس سے آپ جوڑوں کے درد جیسے موذی مرض سے نجات حاصل کر سکتے ہیں اور مکمل صحت یاب ہو سکتے ہیں۔

حوالشافی: آدھا کلو شہد اصلی دار چینی ایک پاؤ۔ دار چینی کو باریک پیس لیں صبح نہار منہ 2 چمچ چاول والے شہد ایک گلاس پانی میں ڈال لیں اور ایک چمچ چھوٹا چائے والا دار چینی ڈال لیں آدھے لیموں کا رس پانی میں نچوڑ لیں اور ٹھنڈا ہونے پر پی لیں دو گھنٹہ بعد ناشتہ کریں۔ یہی عمل شام کو دوبارہ کر لیجیے۔

حوالشافی: مایوس مریضوں کے لیے جوڑوں کا کامیاب علاج۔

حوالشافی: تخم میتھی، گندھک آملہ سار شدہ، بھنگ شدہ، مغز کرنجوہ، کونین، اجوائن خراسانی، سونٹھ، تمام اجزا برابر وزن کنوار گندل کے پانی میں کھرل کر لیں اور چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔ عرق سونف کے ساتھ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو لیں۔ پرانے سے پرانا جوڑوں کا درد بھی ختم انشاء اللہ بفضل خدا ٹھیک ہو جائے گا۔

حوالشافی: نوشادر، سہاگہ بریاں، سونٹھ، مرچ سیاہ، گندھک آملہ سار شدہ، فلفل دراز تمام اجزا برابر مقدار میں کوٹ کے کنوار گندل کے پانی میں بنائیں۔ عرق اجوائن کے ساتھ دو گولیاں صبح اور دو گولیاں شام کو لیں۔

نسخہ نمبر3:۔ ہرل دو تولہ چھ ماشے سوڈا اصل سلاں چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو شربت بنفشہ کے ساتھ لیں جوڑوں کے درد کے لیے بہت مفید ہے

نسخہ نمبر4:۔ ایسے مریض جن کو یورک ایسڈ کی وجہ سے جوڑوں کا درد ہو جاتا ہے ہاتھ پاؤں اور گھٹنوں پر ورم ہو جاتا ہے تو یہ نسخہ بے حد مفید ہے۔ سونٹھ، سوڈا بائی کارب، ریوند خطائی برابر وزن میں پیس لیں۔

نسخہ نمبر5: اسگندھ ناگوری کی جڑ سایہ میں خشک کر لیں اور ہم وزن مصری ملا لیں۔ روزانہ ایک چمچ 1/2 کلو دودھ کے ساتھ لیں جوڑوں کے درد کیلئے بہت مفید ہے۔

خوراک: 6 ماشے صبح اور 6 ماشے شام ہمراہ پانی لیں۔

اگر ان نسخہ جات میں کوئی دشواری ہو تو ہمارے دواخانے میں بنے بنائے نسخہ جات موجود ہیں جس سے آپ کے جوڑوں کا درد کچھ عرصہ کورس کرنے کے بعد مکمل صحت یاب ہو جائیں گے۔ تو پھر ہمارے دواخانے کا کورس نمبر 13 اور کورس نمبر 13 (A) اور ساتھ تیل مالش لیں۔

کھانسی کا کامیاب علاج

حکیم عامر رزاق اوبھایا

مجھے آج سے عرصہ چھ ماہ پہلے بخار ہونے کے بعد کھانسی ہو گئی بخار تو ایک ہفتہ بعد ٹھیک ہو گیا مگر کھانسی خشک تو جانے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی۔ طرح طرح کے شربت اور نسخے خود سے تیار کر کے استعمال کیے مگر کوئی آفاقہ نہ ہوا پھر ایک دن میرے چچا حکیم اللہ یار صاحب نے مجھے مجرب نسخہ بتایا جو میں آپکی خدمت میں عرض کرتا ہوں۔ سفید پھٹکڑی توے پر بریاں کر لیں اور 500mg والے کیپسول بھر لیں اگر کھانسی تر ہو تو نیم گرم پانی کے ساتھ اور اگر کھانسی خشک ہو تو نیم گرم دودھ کے ساتھ ایک کیپسول صبح اور ایک کیپسول شام کو لیں۔ بہت آسان نسخہ 5 روپے میں آج کے اس مہنگے دور میں ٹھیک ہو سکتے ہیں۔ اب میں آپ کو کھانسی دمہ اور گلے کے امراض کے متعلقہ کچھ اور مجرب نسخہ جات بھی پیش کرنا چاہتا ہوں۔

نسخہ نمبر2: آدھا چائے کا چمچ انبہ ہلدی اندر گلے میں تھوڑی دیر رکھیں، لار کے ساتھ نیچے اتر جائے، ٹانسلز کیلئے بہترین مجرب ہے خاص طور پر بچوں کے ٹانسلز کیلئے، گلے اور چھاتی سے جڑی ہوئی امراض جیسے مریض کو کھانستے کھانستے چہرہ لال پڑ جائے تو اس کا یونانی طریقہ علاج درج ذیل ہے۔

نسخہ نمبر3: ادرک کا رس ایک چمچ اور پان کا رس ایک چمچ گڑ یا شہد میں ملا لیں گرم کر کے پی لیں۔ فوراً ہر قسم کی کھانسی رک جائے گی۔ ادرک کا ٹکڑا منہ میں رکھ لیں اور چوسیں گلا بھی صاف اور کھانسی بھی ختم۔

نسخہ نمبر4: انار کا رس گرم کر کے پئیں اس سے بھی آپ کی پرانی کھانسی ٹھیک ہو جائے گی۔

نسخہ نمبر5: کالی مرچ منہ میں رکھ کر چبا لیں اوپر سے گرم پانی پی لیں یہ بھی بے حد فائدہ مند ہے۔

اس کے علاوہ ہمارے دواخانہ میں کھانسی الرجی اور دمہ کیلئے کورس نمبر 62 ہم نے تیار کیا ہوا ہے۔ جو مجرب ہے۔ آپ چاہیں تو کورس نمبر 62 اور ساتھ میں کورس نمبر 5 نام لیکر طلب کر سکتے ہیں۔

نسخہ نمبر6: مغز املتاس 3 گرام ملٹھی سفوف 1 گرام ادرک 1 گرام تینوں اجزا ڈیڑھ کپ پانی میں ڈال کر پکا لیں جب ہاف رہ جائے تو چھان کر گڑ ڈال کر پی لیں۔ کھانسی نزلہ زکام کے علاوہ قبض کے لیے بہت بہتر ہے۔

نسخہ نمبر7: شربت بنفشہ 50ml عرق گاؤزبان 100 ملا کر صبح دوپہر شام لیں کھانسی، نزلہ زکام، کیرا، سر درد کے لئے بہت بہتر ہے۔

اس کے علاوہ ہمارے دواخانہ میں کھانسی الرجی اور دمہ کیلئے کورس نمبر 62 ہم نے تیار کیا ہوا ہے۔ جو مجرب ہے۔ آپ چاہیں تو کورس نمبر 62 اور ساتھ میں کورس نمبر 5 نام لیکر طلب کر سکتے ہیں۔

سانپ کے ڈسے ہوئے کا طریقہ علاج اور احتیاطی تدابیر

حکیم عامر رزاق اوبھایا

آج میں آپ کو سانپ کے ڈسے ہوئے کا طریقہ علاج اور احتیاطی تدابیر سے آگاہ کرتا ہوں۔ پاکستان میں ہر سال سینکڑوں لوگ سانپ کے ڈسنے سے ہلاک ہو جاتے ہیں اور ہزاروں افراد سانپ کے ڈسنے سے متاثر ہوتے ہیں۔ برصغیر میں لگ بھگ کوئی 550 قسم کے سانپ پائے جاتے ہیں۔ ان میں 20 قسم کے سانپ ایسے ہیں جو خطرناک زہریلے ہیں جنکا زہر اتنا خطرناک ہے کہ انسان کا بچنا 99% مشکل ہے۔ جیسے 1۔ رسلز وائپر (Russels Vipor) 2۔ کرتتھ (Naja) 3۔ وائپر سنیک (Vipor Snake) 4۔ کنگ کوبرا (King Cobra) 5۔ کالا مبا (Black Mamba) 6۔ اجپشن کوبرا (Egyption Cobra) 7۔ موزمبیک سپائیٹنگ کوبرا (Mozambique Spitting Cobra) 8۔ کروٹالس آدامنٹیس (Crotalus adamanteus) 9۔ زمینی تائیپان (Inland Taipan) 10۔ آسٹریلین براؤن (Austrailian Brown Snake) 11۔ پائی تھن (Python) 12۔ دی کامن ڈیتھ اڈر (The Cominon Death Addor) 13۔ ایسٹرن ڈائمنڈ بلیک ریٹل سنیک (Eastern Diamond Black Rattle Snake) 14۔ جیمسن ممبا (Jameson,s Mamba) 15۔ ساسکیلڈ وائپر (Saw Scaled Vipor) 16۔ ٹائیگر سنیک (Tiger Snake) 17۔ کیسپین کوبرا (Caspion Cobra) 18۔ ڈبویا (Daboia) 19۔ کامن کریٹ (Common Kraite) 20۔ کوسٹل تائیپان (Coastel Taipan) وغیرہ وغیرہ یہ سب کے سب خطرناک زہریلے ہیں لیکن باقی 530 قسم کے سانپ ایسے ہیں جو بغیر زہر (Without Poision) کے ہیں۔

لیکن باقی 530 سانپ کے کاٹنے سے لوگ متاثر ضرور ہوتے ہیں مگر جان لیوا خطرہ نہیں لیکن سانپ کا ڈر اتنا ہے کہ اگر کسی کو یہ علم ہو کہ مجھے سانپ نے کاٹ لیا ہے تو کئی مرتبہ لوگ سانپ کے زہر سے نہیں مرتے ہارٹ اٹیک سے مر جاتے ہیں۔ سانپ جب بھی ڈستا ہے تو سامنے والے دو دانتوں کے ذریعے ڈستا ہے اور انہی دو دانتوں میں زہر ہوتا ہے۔ سانپ کے ڈسنے سے فوراً سوجن آجاتی ہے جگہ لال پڑ جاتی ہے آپ آسانی سے سانپ کے ڈسنے کا دو دانتوں کا نشان دیکھ سکتے ہیں۔ سانپ کے ڈسنے کا نشان (..) یوں ہے اور فوراً اس نشان سے اوپر کسی مضبوط کپڑے سے کس کر باندھ دیں تاکہ زہریلا خون دل کی طرف نہ جائے اور جسم کے دوسرے خون میں شامل ہو کر زہر نہ پھیلا دے سانپ کے دانت اندر گھس جاتے ہیں جو خون میں اپنا زہر چھوڑ دیتے ہیں تو پھر یہ زہر خون میں مکس ہو کر دل کی طرف چلنا شروع ہو جاتا ہے یہ زہریلا خون دل تک پہنچے اور پورے جسم میں شامل ہوگا اس سارے عمل میں تین گھنٹے چاہیے۔ سانپ کے ڈسے ہوئے انسان کو بچانے کے لیے آپ کے پاس تین گھنٹے ہیں۔ اگر بروقت علاج کیا جائے تو قیمتی انسانی زندگی بچ سکتی ہے مگر کیونکہ دیہاتوں میں اکثر یہ واقعات پیش آتے ہیں اس لیے بروقت سہولت نہ ہونے کی وجہ لوگ اپنی قیمتی زندگی کی بازی ہار بیٹھتے ہیں انسان تو کیا جانوروں کو بھی زہریلے سانپ ڈسے تو اس پر کیا بیت رہی ہوتی ہے یہ تو خدا تعالیٰ کو علم یا اس جانور کو علم انسان تو صرف اس جانور کی کچھ علامات محسوس کر سکتا ہے مگر پھر صحیح طرح سے پہچان نہیں کر سکتا۔

طریقہ نمبر 1: کاٹے ہوئے مقام پر گہرا شگاف دیں تیز گرم لوہے یا نائٹرک ایسڈ سے جل دیں۔ شگاف الے مقام پر دو ماشہ پوٹاشیم پرمنگنیٹ ڈال دیں دیہات میں رہنے والوں کے لیے ضروری ہے کہ گھر میں ٹاش اور چاقو ضرور پڑا ہو۔ کیونکہ یہ دوا فوری طور پر استعمال کرنے سے سانپ کا زہر تریاق ہو سکتا ہے۔

طریقہ نمبر 2 جو سب سے بہتر ہے۔ ہمارے گھر میں کوئی پرانا سرنج موجود ہو تو سوئی والی جگہ یعنی جہاں سوئی لگاتے ہیں اس جگہ کو کٹ کرنا ہے (پلاسٹک والی جگہ)۔ اب جس جگہ سانپ نے کاٹا ہے وہاں دیکھیں اس طرح سرنج کا کٹ کیا ہوا حصہ لگائیں تو وہ چپک جائے گا اب آہستہ آہستہ پیچھے کی طرف کھینچیں تو اندر سے زہر نکل آئے گا اسی طرح پھر دوسرے نشان پر سرنج کو لگائیں پھر سرنج کو پیچھے کی طرف کھینچیں سرنج کے درمیان سے پلاسٹک کٹ بھی کر سکتے ہیں۔ جب پہلی مرتبہ آپ سرنج کی مدد سے خون نکالیں گے تو آپ مریض کو بہتر پائیں گے اگر مریض ہوش میں آنے لگے تو سمجھ لیں اب مریض کی زندگی بچ جائے گی یہ ایسا عملی طریقہ ہے جو آپ فوری طور پر اپنے پاس کر سکتے ہیں۔ ایک اور بات بتاتا چلوں کہ سانپ کے دونوں دانتوں میں زہر کی مقدار 5MG. ہوتی ہے مگر خطرناک ضرور ہے۔

مگر میں آپ کو ایک بات اور بتاتا چلوں کہ آج کے اس جدید دور میں ہر بڑے سرکاری ہسپتال میں سانپ کی ویکسین موجود ہوتی ہے اس لیے کوشش کریں جتنی جلدی ہو سکے اپنے کسی شہر کے بڑے ہسپتال میں پہنچیں جہاں اس قیمتی زندگی کو بچایا جا سکے۔ پرانے زمانے میں سانپ کے ڈسنے کا جوگی کامیاب علاج کیا کرتے تھے مگر آج کے اس دور میں سمجھدار جوگی بہت کم ہیں اگر آپ کے علاقے میں کوئی سمجھدار جوگی ہو تو اس کو کہیں کہ زہر مارا کا سارا چوس لے اگر یاد رکھیں کہ عام آدمی یہ عمل نہ کرے کیونکہ ناتجربہ کاری کی وجہ سے عام آدمی کو اس زہر کا اثر ہو سکتا ہے۔ سانپ سے ڈسے ہوئے انسان کے مردہ یا بے ہوش ہونے کی پہچان یہ ہے زہر کے باعث نبض کی حرکت اور سانس کی رفتار تقریباً قریب قریب بند ہوتی ہے اس لیے کئی مرتبہ لوگ سانپ کے ڈسے ہوئے انسان کو مردہ سمجھ کر دفن کر دیتے ہیں یہاں پر چند ایسی علامات میں آپ کو بتاتا ہوں جس سے مردہ یا بے ہوش کی آسانی سے شناخت ہو سکتی ہے۔

رات کا وقت ہو تو انسان کو اندھیرے کمرے میں لٹائیں اور آنکھ کھول کر سامنے جلتے ہوئے بلب یا دیپک کی شعاع اس انسان کی آنکھ کے ڈیلے پر ڈالیں اگر شعاع ڈیلے پر نظر آئے تو سمجھ لیں کہ وہ ابھی زندہ ہے۔ اگر دن کا وقت ہو تو روشن جگہ پر مریض کو لٹائیں اور اس کی آنکھیں کھول کر دیکھیں اگر اسکی آنکھ کے ڈیلے میں آپ کی تصویر نظر آ رہی ہے

تو سمجھ لیں ابھی وہ انسان زندہ ہے۔ ہلکی جستی کٹوری میں پانی ڈال کر اس انسان کی چھاتی پر رکھیں اگر سانس باقی ہے تو پانی حرکت کرے گا اور اگر وہ مردہ ہے تو حرکت نہیں کرے گا۔ مریض کے تالو اور پیشانی کے درمیان سر کے اوپر سینگی لگا کر دیکھیں خون نہ نکلے تو جان لیں مر چکا ہے کچھ لوگوں کو ششماہی یا سالانہ سانپ کاٹتی ہے تو ان کو چاہیے کہ موسم کا آغاز ہوتے ہی چند دن ایک ایک ماشہ چھلکا ریٹھا استعمال کریں جس سے وہ بوئے مست زائل ہو جائے گی جس کے سبب سے سانپ یا سانپنی کاٹا کرتی ہے۔

سانپ کے بچاؤ کی تدابیر یعنی دیسی طریقہ علاج میں ریٹھا سب سے اعلیٰ قسم کی دوائی ہے جس سے آپ کی زندگی خدا تعالیٰ کی تیار کردہ جڑی بوٹیوں سے بچ سکتی ہے۔

نسخہ نمبر 1: چھ ماشہ چھلکا ریٹھا سردائی کی طرح رگڑیں اور اس میں آدھا پاؤ پانی ڈالیں اور اس طرح کچھ دیر وقفہ کے بعد بار بار پلاتے رہیں اور جب تک مریض کو ہوش نہ آئے پلاتے رہیں اور جب اس کو شیرہ کڑوا لگے تو سمجھ لیں زہر اتر چکا ہے۔ جب تک کڑوا نہ لگے پلاتے رہیں۔ اس سے بعض مریضوں کو دست اور الٹیاں بھی آتی ہیں مگر گھبرانے کی کوئی بات نہیں اس سے مریض ٹھیک ہو رہا ہے جب زہر اتر جائے تو دودھ اور گھی خوب استعمال کرائیں۔ اگر آپ کا سانپ کے ڈسنے کی وجہ سے بدن بالکل پھٹ گیا ہے تو ایک ماشہ صبح ایک ماشہ شام ہمراہ پانی سفوف ریٹھا استعمال کریں جب تک زخم ٹھیک نہ ہو روزانہ استعمال کرتے رہیں۔ اگر کسی جانور کو سانپ جیسے گائے، بھینس، گھوڑا وغیرہ کو کاٹ لے تو اس کے لیے آدھا پاؤ ریٹھا چھلکا 125 گرام ایک پاؤ پانی میں سردائی بنا کر بذریعہ نال دیں تو وہ بھی فوراً ہوش میں آجاتے ہیں۔ چند ہی

خوراک سے زہر بھی انشاءاللہ زائل ہو جائے گا پرانے زمانہ کا مجرب نسخہ ہے اس کے بعد ڈسے ہوئے جانور کو بھی دودھ اور گھی خوب پلائیں اس کے علاوہ بھی تین نسخے ہیں جن سے تریاق زہر سانپ کا ہو سکتا ہے۔

نسخہ نمبر2۔ درخت پیپل کے پتے ایک پاؤ پانی میں گھوٹ کر مریض کو پلا دیں اگر مریض کو دست، قے اور خون بھی جاری ہو تو کسی نہ کسی طرح یہ پانی معدہ میں پہنچائیں اس سے بھی سانپ کا زہر اتر جاتا ہے۔

نسخہ نمبر3۔ جدوار (Delphniumi Udatumwall) جو کہ زہروں کا تریاق ہے۔ سانپ کاٹنے اور بچھو کاٹنے متاثرہ شخص کو شراب اصلی کی معمولی مقدار میں ایک گرام جدوار گھس کر پلایا جا سکتا ہے اور کچھ دن مسلسل استعمال کریں۔

نسخہ نمبر4۔ کہتے ہیں لوہا لوہے کو کاٹتا ہے دنیا کا سب سے خطرناک سانپ جس کا نام ہے کرنتہ اس کی زہر سے ایک ہومیو پیتھک دوائی تیار کی گئی ہے جس کا نام ہے ناجا (Naja) پوٹینسی 200 میں لیں 30ml کی ایک شیشی لے لیں۔ کسی اچھی کمپنی کی خریدیں یہ بھی سانپ کے ڈسے ہوئے انسان کو فوری آرام دیتا ہے۔

طریقہ استعمال: سانپ کے ڈسے ہوئے انسان کو ایک قطرہ ہر 10 منٹ بعد زبان پر رکھیں دن میں 3 قطرے کافی ہیں پھر دو دن بعد پھر یہ عمل کریں انشاءاللہ یہ دوا کافی [illegible] ہے۔

احتیاطی تدابیر: 1۔ رات کو سوتے ہوئے بستر کے قریب روشنی ہونی چاہیے تاکہ [illegible] نیچے اچھی طرح دیکھا جا سکے۔ کپڑے یا جوتی پہننے سے پہلے اچھی طرح [illegible] اور زمین یا چٹانوں کی دراڑوں سے نہ گزریں جن علاقوں کا آپ کو علم ہے کہ یہاں سانپ اور بچھو ہوتے ہیں وہاں بغیر جوتا اور رات کو بغیر روشنی نہیں جانا چاہیے۔ سانپ کاٹنے کے واقعات [illegible] اور کاشتکاروں کو ہوا کرتے ہیں کیونکہ ان کا کام زیادہ تر زمینوں پر ہوتا ہے یہ واقعات [illegible] میں پیش آتے ہیں۔ اپنی رہائش گاہوں کو آپ سانپ سے بچا کر رکھ سکتے ہیں۔ 1۔ جس گھر میں سانپ [illegible] بارہ سنگھے کا سینگ لٹکا دیں سانپ گھر چھوڑ کر بھاگ جائے گا۔ جہاں ریٹھا [illegible] ہو گا وہاں بھی سانپ نہیں آئے گا۔ جس گھر میں مور رہتا ہو وہاں سانپ نہیں آتا۔ چھلکا ریٹھا پانی میں پیس کر چھڑکیں [illegible] سانپ ریٹھا کی بو سے دور بھاگتا ہے۔ نوشادر اور رائی برابر وزن باریک کر کے پانی میں ڈال کر سانپ کے سوراخ میں ڈال دیں سانپ مر جائے گا۔ رائی سانپ کا قاتل ہے جہاں سانپ ہو اس کی دھونی دیں سانپ گھر چھوڑ کر بھاگ جائے گا۔ خالی نوشادر ہی زمین پر چھڑک دیں تو بھی سانپ گھر چھوڑ کر بھاگ جائے گا۔

پھلبہری (برص) Leucoderma کا علاج

حکیم عامر رزاق اوبھایا

یہ سفید داغ تمام جسم پر پھیل جاتے ہیں خاص کر جسم کے ان جگہوں پر زیادہ نمایاں ہوتے ہیں مثلاً ہاتھ پاؤں، تمام چہرہ، گردن وغیرہ اس کی وجوہات خراب غذاؤں کا استعمال بعض اوقات خاندانی مرض کی شکل بھی اختیار کر جاتا ہے مچھلی کے اوپر دودھ پینے سے اور خشک میوہ جات اور فوراً ٹھنڈا پانی پینے اور بینگن سے بھی ہو جاتا ہے۔ حضرت عمرؓ سے روایت منقول ہے کہ دھوپ میں اگر گرم پانی کو رکھ دیا جائے اور پی لیا جائے تو اس سے بھی برص ہونے کے امکانات ہیں۔ میں آپ کو فی سبیل اللہ نسخہ بتاتا ہوں جس سے آپ گھر بیٹھے اپنا علاج کر سکتے ہیں۔ میرے پاس اس مرض کے حوالے سے آنے کی ضرورت ہی نہ پڑے گی بس اگر آپ صحت یاب ہو جائیں تو آپ وہیں سے میرے لئے اپنے رب سے دعا مانگ لیں میری تو اپنی زندگی کا کوئی پل کا بھروسہ نہیں نہ میں اپنی مرضی سے آیا ہوں نہ اپنی مرضی سے جاؤں گا خدا کی امانت بیٹھا ہوں جب مرضی چاہے بلا لے۔ پھلبہری کے لیے سب سے بہترین نسخہ باپچی ہے مگر باپچی شدھ کر کے استعمال کریں۔ باپچی شدھ کرنے کا طریقہ باپچی کو گائے کے پیشاب میں 10 دن تر کریں پھر دھوپ میں خشک کر کے چھلکا اتار کر صاف پانی سے دھو لیں اور خشک کر کے پیس لیں۔

ترکیب استعمال: خوراک ایک کیپسول 500 mg رات کے مٹکے والے پانی کے ساتھ لیں اس سفوف کو ادرک کے پانی میں ملا کر داغوں پر لیپ بھی کر سکتے ہیں۔ اور باپچی یا گندم کا تیل توے پر رکھ کر یا پتال جنتر کر کے نکال کر سفید داغوں پر لگائیں۔

ہوالشافی: اسو کا بیج روزانہ 3 ماشہ (ہاف بیج چھوٹا) تازہ پانی کے ساتھ لیں یا [illegible] کر کے روزانہ 3 ماشہ شام کو گائے کے دودھ کے ساتھ کھائیں اس کے علاوہ بیرونی طور پر لیکوڈرما کریم بھی آرہی ہے۔ ایک حصہ کریم دس حصہ ویزلین ملا کر ہفتہ میں دو مرتبہ لگائیں۔

نسخہ نمبر3 ہوالشافی: انبہ ہلدی دو گرام صبح، دو گرام شام کو تازہ پانی کیساتھ لیں، ایک دانہ نیم کا جوس پئیں یا دو چمچ ادرک کا جوس لیں یا کھیرے کا جوس لیں۔ اگر آپ چاہیں تو روزانہ بدل بھی سکتے ہیں۔

کستوری کے فوائد

حکیم عامر رزاق اوبھایا

کستوری کیا ہے؟ کستوری کے متعلق اللہ تعالیٰ نے خود اپنی مقدس کتاب میں ذکر فرمایا ہے جس میں جنت کی ملنے والی نعمتوں میں سے (راحتوں کی شگفتگی ان کے چہروں سے ظاہر ہو رہی ہو گی ان کو خالص شراب ایسے برتنوں میں مہیا کی جائے گی، جن پر کستوری کی مہر لگی ہو گی اس نعمت کو حاصل کرنے کیلئے لوگ ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کریں گے۔ اس تسنیم کی آمیزش ہو گی اور یہ وہ چشمہ ہے جو برگزیدہ لوگوں کیلئے مخصوص ہے) جنت میں سے ہر جام کستوری کے ذریعے بھر ہو گا۔ بعض مفسرین کے مطابق جام کے اندر سے کستوری کی مہک ہو گی۔ حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ ہمارے پیارے پیغمبر محمد ﷺ کو خوشبو ہمیشہ سے پسند رہی ہے اور کستوری ان کی خصوصی پسند تھی۔ حضرت انس بن مالکؓ فرماتے ہیں کہ ہم نے پیارے پیغمبر سے ایک روز سوال کیا انہوں نے فرمایا: کہ ایک نہر ہے جو اللہ تعالیٰ مجھے عطا فرمائے گا اس نہر کی مٹی میں کستوری ہے اس کا پانی دودھ سے زیادہ سفید اور مٹھاس میں شہد سے بھی زیادہ۔ (بخاری شریف)۔

کستوری کے متعلق نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کہ جنت والوں کیلئے ہر جمعہ کو بازار لگے گا جس کے دونوں سروں پر کستوری کے ٹیلے ہوں گے جب ہوا چلے گی تو وہ اس کستوری کو ہر سمت پھیلا دے گی۔ کستوری والا ہرن خاص کر جنگلوں میں پایا جاتا ہے جہاں انسان کا گزر بہت کم ہوتا ہے۔ جنگلوں میں آٹھ سے دس ہزار فٹ بلندیوں میں رہائش پذیر ہوتا ہے۔ زیادہ تر برفانی علاقوں میں پایا جاتا ہے۔ تبت، کشمیر، روس، چین، نیپال اور گلگت کے بالائی علاقے اس کے مخصوص ہیں۔ ہرن برف کے نیچے جو گھاس اُگتی ہے اس سے گزارہ کرتا ہے۔ کستوری بہت زہروں سے حاصل

کی جاتی ہے۔ بہترین ہرن کا کستوری وہ ہوتا ہے جب ہرن اپنی مستی میں ہوتا ہے اور پاؤں سے [illegible] دے۔ وہاں کے لوگوں میں اس کی اہمیت کا علم نہیں ہوتا اس لئے سستے داموں فروخت کر دیتے ہیں مگر اصل کستوری تو سونے سے زیادہ مہنگی ہے۔ بلکہ میں نے خود اس سال 1,50,000 (ایک لاکھ پچاس ہزار روپے) فی تولہ کستوری لی ہے۔ کستوری کیونکہ مہنگی چیز ہے اس لئے غریب آدمی اس کو نہیں کھا سکتا صرف خواب ہی دیکھ سکتا ہے مگر پریشان نہ ہوں اس کی بنی بنائی دوائی بھی ہمارے پاس ہوتی ہے جو آپ کو کافی سستی پڑے گی۔

میں سمجھتا ہوں کستوری خالص کے اندر اتنی طاقت ہے کہ اگر مرتے ہوئے آدمی کے حلق میں بھی ڈال دیں تو مزید آدھا گھنٹہ تک زندہ رہ سکتا ہے۔ مشہور یونانی فلسفی و حکیم ارسطو جو 384 قبل مسیح میں پیدا ہوئے اس کا باپ نکوماچس مقدونیہ کے بادشاہ امنتاس کا درباری طبیب تھا۔ ارسطو نے ابتدائی تعلیم اپنے باپ سے پائی۔ باپ کے مرنے کے بعد جب اس کی عمر سترہ برس ہوئی تو وہ یونان کے دارالحکومت ایتھنز میں چلے گئے اس نے بے شمار جانوروں کو چیرا پھاڑا اور ان کے اندرونی اجزاء کے متعلق صحیح معلومات حاصل کیں۔ ارسطو اپنی کتاب میں لکھتے ہیں کہ کستوری کھانے والا آدمی کبھی بوڑھا نہیں ہوتا۔ امون بھی ایک بہت بڑا مشہور حکیم تھا اور ہیئت دان بھی تھا۔ اس نے اپنے استاد جو کچھ سیکھا اس کی روشنی میں کستوری کے متعلق لکھتا ہے کہ کستوری پٹھوں کی کمزوری اور مرد کو ہمیشہ جوان رکھتی ہے۔

کستوری کی پہچان کیا ہے؟ کستوری کیونکہ عام ملنے والی چیز نہیں ہے بہت قیمتی ہے دنیا میں اس کی ڈیمانڈ بھی کافی ہے اس لئے لوگ مصنوعی کستوری بنا کر انجان لوگوں کو لوٹ لیتے ہیں وہ اس میں خشک خون وغیرہ ڈالتے ہیں گیہوں اور جو کو کوٹ کر بھی اس میں شامل کر دیتے ہیں اور اس میں عام خوشبو ڈال کر بیچتے ہیں یا پھر کنکر، چینیا اور سیاہ دانے وغیرہ سے بھی مصنوعی کستوری بناتے ہیں۔ شیشے کے ایک برتن کو آگ پر رکھ دیا جائے اور اس پر تھوڑا مشک ڈال دیا جائے پھر اس کو سونگھا جائے اگر اس میں خالص بو آئے تو اصلی ہے اگر خون کی آئے تو نقلی ہے۔ اس کے علاوہ سوئی میں دھاگہ ڈال کر لہسن کی ڈلی میں سے گزارہ جائے اس کے بعد اس سوئی کو کستورا نافہ میں سے گزارہ جائے اگر کستوری کی خوشبو لہسن کی خوشبو پر غالب آجائے تو سمجھ لیں کہ کستوری اصلی ہے۔ ہینگ میں سے سوئی کا دھاگہ گزار کر کستوری نافہ میں سے گزارا جائے اگر ہینگ کی بدبو ختم ہو جائے اور کستوری کی برقرار رہے تو سمجھ لیں کستوری اصل ہے۔ مشک کے اصلی اور نقلی میں فرق معلوم کرنا ہو تو نافہ میں سے چند دانے نکال کر پانی میں ڈال دیں اگر یہ دانے ویسے ہی پڑے رہیں تو مشک خالص ہے اگر گھل جائیں تو مصنوعی ہیں۔ مشک کو پرکھنے کا ایک اور طریقہ یہ بھی ہے کہ چند دانے دہکتے ہوئے کوئلوں پر ڈال دیں اگر وہ پگھل جائیں اور بلبلے نکلنے لگیں تو مشک خالص ہے۔ اصلی کو اگر زمین میں گاڑھ دیں اور کچھ عرصہ بعد نکالیں تو بھی اس کی خوشبو زائل نہیں ہوگی لیکن اگر مصنوعی ہوئی تو اس کی خوشبو تبدیل ہو جائے گی۔

کستوری کن امراض پر کام کرتی ہے؟ کستوری بہت سارے امراض پر بھی کام کرتی ہے میں سمجھتا ہوں کہ اس سے بڑھ کر انسان کیلئے کوئی دوا ہی نہیں ہے۔ میں پہلے بھی کئی مرتبہ مختلف میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے بتا چکا ہوں کہ کستوری انسولین کی سب سے بڑی دوا ہے۔ کستوری فالج (Paralysis)، لقوہ (Facial Paralysis) کی سب سے بڑی دوا ہے۔ کستوری پٹھوں کے کھچاؤ، قوت باہ، کھانسی، دمہ، دل و دماغ کی کمزوری، رعشہ، گھنٹیا، جوڑوں کے درد وغیرہ وغیرہ پر کام کرتی ہے۔

معجون سونا: کستوری خالص 10 گرام، ورق چاندی خالص 100 گرام، زعفران 30 گرام، شہد خالص 500 گرام، کشتہ سونا 10 گرام، الائچی خورد 15 گرام، جائفل 60 گرام، طباشیر 60 گرام، دارچینی 25 گرام تمام چیزوں کو اچھی طرح کھرل کر کے شہد میں ملا کر چودہ دن مرتبان میں پڑا رہنے دیں اس کے بعد چنے کے دانے کے برابر خوراک صبح شام ہمراہ دودھ کے کھائیں۔ انشاء اللہ جسم کی اعصابی کمزوری، پٹھوں کا کھچاؤ، پرانا رعشہ [illegible] نزلہ زکام، دماغی کمزوری، دل کی کمزوری وغیرہ پر 100% کام کرے گی۔

ایک اور نسخہ بتاتا ہوں جو انسولین کا بھی منہ توڑ جواب ہے۔ کستوری مشک خالص 10 گرام، کشتہ سونا 6 گرام، کشتہ چاندی 14 گرام، زعفران اصل 12 گرام، الائچی خورد 24 گرام، جائفل، طباشیر اصل، جاوتری 40 گرام، کچلہ شدھ 5 گرام، افیون مدبر 10 گرام، کشتہ خبث الحدید 20 گرام، شنگرف رومی مدبر 10 گرام۔ افیون زعفران کستوری اور شنگرف کے علاوہ سب ادویات کا سفوف علیحدہ علیحدہ کر کے بنا لیں پھر زعفران افیون اور شنگرف کو دودھ بکری میں کھرل کر لیں اس قدر کھرل کریں کہ مکھن کی طرح ہو جائے اس کے بعد کستوری ملا کر کھرل کر کے دیگر ادویات ملا کر کھرل کر لیں۔ دو، دو رتی کی گولیاں تیار کر لیں ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ ملائی میں اور دودھ گائے پی لیں۔ انشاء اللہ شوگر (ذیابیطس) جیسا بھی ہے یہ نسخہ استعمال کرنے کے بعد آپ کا ساری زندگی کا روگ، شوگر (ذیابیطس) کی وجہ سے اعصابی اور جسمانی کمزوری بھی انشاء اللہ بحال اور آپ کا لبلبہ صحیح کام کرے گا۔ ذیابیطس بھی نارمل حالت میں اس کے بعد آپ میٹھا بھی کھا سکتے ہیں۔ یہ نسخہ مہنگا ضرور ہے مگر صحت سے بڑھ کر کوئی چیز ہی نہیں، انسانی جسم سب سے قیمتی چیز ہے انسان تو پیسے کو کماتا ہے مگر پیسہ تو انسان کو نہیں کماتا۔ اس کے علاوہ پرانا فالج اور لقوہ، رعشہ کی امراض کیلئے بھی کامیاب دوائی ہے۔ میں ایسے کئی سینکڑوں مریضوں پر یہ دوائی آزما چکا ہوں جن کا میں نے اس نسخہ سے کامیاب علاج کیا ہے۔

شہد کے متعلق مفید مشورے

حکیم عامر رزاق اوبھایا

شہد کسی سائنسدان کی ایجاد نہیں بلکہ اس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے اپنی مقدس کتاب قرآن مجید میں فرمایا ہے۔ شہد کے مختلف زبانوں میں مختلف نام ہیں جیسے عربی زبان میں عسل، اردو میں شہد، ہندی میں مدھو، گجراتی میں مدھ، سندھی میں ماکھی لاطینی میں میل (MEL) اور انگریزی میں ہنی کہتے ہیں۔ شہد کی دو اقسام ہوتی ہیں۔ چھوٹی مکھیوں اور بڑی مکھیوں کا شہد، طبی لحاظ سے بڑی مکھیوں کے شہد کی نسبت چھوٹی مکھیوں کا شہد زیادہ موثر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے شہد میں ایک خاص خاصیت یہ رکھی ہے کہ یہ چیزوں کو گلنے سڑنے سے روکتا ہے۔ آج کا جدید دور ہو یا ماضی کا دور ہو اکثر اطباء کرام اپنے مرکبات شہد میں ملا کر محفوظ رکھتے ہیں جیسے معجون اور خمیرہ وغیرہ وغیرہ۔ مرکبات بلکہ زیادہ دیر رکھنے سے چیزوں کو تقویت دیتا ہے۔ شہد مقوی باہ ہے بچوں کے دانت نکلنے کے دوران اس کو اگر بچوں کے مسوڑھوں پر ملا جائے تو دانت با آسانی نکل آتے ہیں۔ آنکھوں کی روشنی کو تیز کرنے اور آنکھوں میں پانی یا موتیا بند کا مسئلہ ہو تو موتیا بند کو بڑھنے سے روکتا ہے شہد کھانسی، دمہ، ٹی بی کے امراض پر بھی کام کرتا ہے۔

طب نبوی اور یونانی طریقہ علاج

اس کے علاوہ شہد مرگی، اسہال، نزلہ زکام، کان کے درد، ہچکی، پیٹ کے کیڑے، جگر کی کمزوری، خون کی خرابی، فالج، لقوہ، دماغی کمزوری، موٹاپا جیسے مختلف امراض میں مختلف طریقوں سے استعمال کیا جاتا ہے۔ آگے میں چند ایک امراض کے بارے میں طریقہ کار عرض کرتا ہوں۔ شہد مصفی خون بھی ہے شہد کا استعمال امراض جلد میں بھی کیا جاتا ہے خاص طور پر چہرے کی خوبصورتی بڑھانے کے لیے اکثر خواتین بیوٹی پارلرز ایکسپرٹ، ابٹن اور لوشن میں استعمال کرتی ہیں۔ شہد کا استعمال کشتہ جات میں بھی ہوتا ہے جس سے اعلیٰ قسم کے کشتہ جات تیار ہوتے ہیں، شہد جسم کی فاضل رطوبت کو خشک کر کے زخموں کو مندمل کرتا ہے شہد کے مسلسل استعمال سے زہریلے اثرات زائل ہو جاتے ہیں جسم ہر وقت چست رہتا ہے بلغم بننا بند اور جسم کے اندر سے سارا کا سارا بلغم خارج ہو جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے شہد کا ذکر قرآن میں کیا ہے اس لیے اکثر لوگوں نے شہد مصنوعی بنا کر عوام کی آنکھوں میں دھول جھونک رہے ہیں۔ لہٰذا اصل شہد خریدنے کی کوشش کریں اگر شہد نقلی ہوگا تو بجائے آپ ٹھیک ہونے کے الٹا آپ کو نقصان ہوگا۔ اصلی شہد تو شوگر (ذیابیطس) جیسے موذی مرض کے دوران بھی استعمال کر سکتے ہیں مگر صبح نہار منہ پانی میں ملا کر یا سلاجیت 4 رتی میں ایک چمچ شہد ملا کر (ذیابیطس) والے مریض کو فائدہ دے گا۔ میں اب آپ کو یہ بھی بتاتا چلوں کہ اصل شہد کی پہچان کیا ہے تاکہ آپ کو خریدتے وقت علم ہو اصلی شہد کا کپڑوں پر داغ نہیں پڑتا اور اگر نقلی شہد ہوگا تو کپڑوں پر داغ پڑ جائے گا۔ روئی کی بتی لے کر شہد لگا کر جلائیں اگر بتی بغیر آواز کے جلتی رہے تو سمجھ لیں شہد اصلی ہے اگر چڑ چڑ کی آواز ہو تو سمجھ لیں اس میں ملاوٹ ہے۔ اصلی شہد میں خوشبو ہوتی ہے اصلی شہد سردیوں میں جم جاتا ہے اور گرمیوں میں پگھل جاتا ہے اس کے علاوہ مزید شہد کی پہچان کے لیے ایک گلاس پانی میں اصلی شہد کا ایک قطرہ ٹپکانے سے شہد کا قطرہ نیچے جا کر پانی کی تہہ میں بیٹھ جائے گا اور بغیر ہلائے گھلتا نہیں جبکہ نقلی شہد پانی میں گراتے ہی فوراً حل ہو جائے گا۔ ایک بتاشہ لے کر شہد کے برتن میں ڈال کر ہلائیں اگر شہد اصلی ہوگا تو بتاشہ نہ تو اس میں گھلے گا اور نہ ہی پھوٹے گا۔ اور اگر شہد مصنوعی ہوگا تو تقریباً ایک گھنٹہ میں بتاشہ گھل بھی جائے گا اور پھوٹ بھی جائے۔ چند ایک جو شارٹ (مختصر) نسخے جو آپ کے لیے روزمرہ کے امراض میں فائدہ مند ہوں گے بیان کر رہا ہوں۔ بالوں کو قائم کرنے کے لیے اور گرتے بالوں کے لیے 50 گرام آملہ کا تیل 10 گرام شہد ڈال دیں رات کو سوتے ہوئے لگائیں اور صبح فارایور ہربل شیمپو سے سر دھو لیں۔

موٹاپا دور کرنے کے لیے صبح نہار منہ ایک گلاس ٹھنڈے پانی میں 20 گرام شہد 3 عدد لیموں نچوڑ لیں اور پی جائیں یہ عمل روزانہ کریں اس سے انشاء اللہ آہستہ آہستہ وزن بھی کم ہونا شروع ہو جائے گا کسی قسم کا سائیڈ افیکٹ بھی نہیں بلکہ اس سے آپ کے جگر مثانے کی گرمی بھی دور کرے پیشاب کھل کر آئے گا اور دل و دماغ کو سکون محسوس ہوگا۔

لقوہ اور فالج کے امراض میں شہد استعمال کریں کمزور حضرات جو دبلے پتلے ہیں ایک گلاس دودھ ابال کر ٹھنڈا کر لیں اور 2 چمچ شہد لیں اور پی جائیں یہ انشاء اللہ خون کی کمی اور کیلشیم کی کمی کو پورا کرے گا اور تھوڑے عرصہ میں آپ کا چہرہ بھرا بھرا نظر آئے گا اور چہرے پر انشاء اللہ نکھار ہوگا۔

بخار کے لیے: کلونجی سفوف 5 گرام میں شہد ملا کر دینے سے بخار بھی دور ہو جائے گا۔ بینگن کے بھرتہ میں شہد ملا کر دینے سے فوراً نیند آ جاتی ہے۔

پرانی ہچکی: عقر قرحا کا سفوف ایک گرام شہد دس گرام میں ملا کر چٹانے سے ہچکی ختم ہو جائے گی۔ یا 2 گرام انبہ ہلدی میں شہد ملا لیں۔

اسہال: اتیس کا سفوف 5 گرام شہد ملا کر چٹائیں۔ اسہال میں فائدہ مند ہے۔ شہد دو گرام گھی خالص میں بھنی ہوئی بھنگ ملا کر چٹانے سے اسہال ہر قسم کے آنا بند ہو جاتے ہیں۔

نزلہ زکام: شہد 40 گرام لیموں کا رس 10 گرام ملا کر دن میں چار مرتبہ لیں یہ ایک دن کا نسخہ ہے۔ مسلسل چھ سات روز تک استعمال کریں انشاء اللہ نزلہ زکام دور ہو جائے گا۔

مرگی: بچ کا سفوف ایک ماشہ روزانہ شہد میں ملا کر دینے سے مرگی کے لیے فائدہ مند ہے۔

موٹاپا کا مستقل علاج اور نقصانات

حکیم عامر رزاق اوبھایا

موٹاپا بذات خود کوئی مرض نہیں مگر موٹاپا کی وجہ سے کئی قسم کے امراض جنم لیتے ہیں اور کس وجہ سے ہوتا ہے۔ سب سے پہلے موٹاپے کے نقصانات کا بتاتا چلوں ہائی بلڈ پریشر کا ہونا، یورک ایسڈ کا بڑھ جانا، جسم بے ڈول سا نظر آنا، چلنے پھرنے میں دشواری پیش آنا۔ پیٹ ہر وقت گیس سے بھرا رہنا، موٹاپے کی وجہ سے دل کی تکالیف بھی ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ موٹاپا اکثر خاندانی بھی ہوتا ہے۔ اپنی عمر سے زیادہ نظر آنا۔ ورزش نہ کرنا۔ موٹاپے کا بہترین علاج آپ کے پاس موجود جس سے آپکا وزن کم ہونے کے ساتھ ساتھ آپکے چہرے پہ رونق طاری ہو جاتی ہے اور آپ اپنے آپکو ہشاش بشاش محسوس کرنے لگتے ہیں کھانا کھانے کے دوران پانی نہ پیجئے اور مصنوعی مشروبات وغیرہ بھی نہ پیجئے کھانا کھانے کے دوران تازہ جوس پئیں، چائی والی لسی پئیں، چینی کا استعمال چھوڑ دیجئے۔ اگر پانی پینا ہے تو کھانا کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے یا ایک گھنٹہ بعد پیجئے تمام بازاری مٹھایاں چھوڑ دیجئے اگر سلم سارٹ رہنا چاہتے ہیں تو علاج بالغذا اپنا علاج کیجئے جیسے دار چینی دو گرام روزانہ دو چمچ شہد ایک گلاس پانی میں ڈال کر ساتھ میں دار چینی لیں نمبر 2 گریپ فروٹ جوس صبح خالی پیٹ پئیں۔ نمبر 3۔ دو لیموں کا رس ایک گلاس رات کے پانی میں ڈال کر صبح خالی پیٹ پی لیں۔ نمبر 4 تربوز کے موسم میں تربوز کھائیں۔ نمبر 5 انار کا جوس سے بھی آپکا موٹاپا کم ہو سکتا ہے۔ نمبر 6 کدو (لوکی) کا جوس بیچ میں تھوڑا پودینہ اور تھوڑا سبز دھنیاں تھوڑی سی تلسی ایک تولہ ادرک دو لیموں ڈال کر جوس نکال لیں اور صبح خالی پیٹ پی لیں یہ نسخہ موٹاپا کم کرنے کے علاوہ امراض دل، ہائی بلڈ پریشر کو کنٹرول کرتا ہے اور امراض معدہ و جگر کے لیے بہت فائدہ مند ہے۔ سبحان اللہ

حضور ﷺ نے خود لوکی کا ذکر فرمایا اور آپ ﷺ کو لوکی بہت پسند بھی تھا۔ ایک گھنٹہ صبح اور ایک گھنٹہ شام کو پیدل چلیں یا آج کل پارک میں جگہ جگہ پیٹ کم کرنے کے لیے ایکسرسائز جھولے بنے ہوتے ہیں۔ آج کے جدید دور میں بازار سے آپ کو موٹاپا کم کرنے کیلئے ورزش کرنے والی مشینیں بھی مل جائیں گی۔ جس سے آپ گھر میں بھی سلم سارٹ ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ اگر آپکے نزدیک جم ہو تو سب سے بہتر ہے۔ جم (باڈی بلڈرز کلب) کی چار دیواری کے اندر رہ کر آپ اپنا وزن کم کر سکتے ہیں اور تھوڑا عرصہ میں سلم سارٹ ہو جائیں گے۔

شفاء یاب لوگوں کے تاثرات

احتلام اور جریان کے متعلقہ مسائل اور صحت یابی

حکیم صاحب اللہ آپ کے ہاتھوں میں اور زیادہ شفا رکھے۔ عرصہ دراز سے غلط سوسائٹی میں رہ کر دن میں جو کوئی فلم میں دیکھتا رات کو وہی خیال خواب میں آجاتا اور پھر احتلام ہوجاتا پھر کچھ عرصے کے بعد دودھ بھی پی لوں تو احتلام ہوجاتا۔ بغیر خواب کے اکثر اوقات رات کو دوبار احتلام ہوجاتا جس سے مجھے دن بھر سستی دماغی کمزوری اور میری یاداشت اتنی کمزور ہوگئی کہ آدھی بات کرکے آدھی بات بھول جاتا تھا میرا رنگ پیلا جسم کمزور ہوتا جارہا تھا۔ اندر ہی اندر غصہ آتا، قوت برداشت کم ہوکر رہ گئی۔ کوئی خوف کی بات سنو تو جسم کانپنے لگ جاتا۔ دن بھر نیند کا خمار رہتا تھا پیشاب میں جلن اور دن کو بھی پیشاب کرتے وقت سفید قطرے آنا شروع ہوجاتے میں میٹرک تک ہمیشہ فسٹ، سیکنڈ یا تھرڈ پوزیشن لیتا رہا مگر اب فرسٹ ایئر میں میرے نمبر نہ ہونے کے برابر ہیں جب آپ کے دواخانہ میں آیا اور آپ نے میرا چیک اپ کرکے سپن دوش اور کورس نمبر 66 شربت نکھار اور سنڈس ہیئر آئل دیا ساتھ ہی آپ نے پرہیز بتایا میں رات کو سوتے ہوئے آپ کے بتانے پر سورۃ طارق اول و آخر درود ابراہیمی اور رات کو دائیں اور بائیں کروٹ سونے کو کہا۔ الحمد اللہ میں اب مکمل طور پر ٹھیک ہوگیا ہوں جو علامات اپنے اندر محسوس کرتا تھا اب نہیں کرتا آپ کا شکرگزار محمد نعمان کبیر والہ۔

میرے قابل احترام محمد نعمان برے لوگوں کی سوسائٹی سے اجتناب کیجیے اپنے رب سے اکیلے میں بیٹھ کر معافی مانگیں خدا رحیم اور کریم ہے اگر اللہ تعالیٰ سو قاتل کے بندے کو صرف توبہ کی نیت کرنے پر معاف کرسکتا ہے۔ تو آپ کی معافی بھی قبول ہوسکتی ہے۔ حضرت موسیٰ کلیم اللہ کی محفل میں ایک بندہ بیٹھا ہوتا ہے جس کے گناہ اتنے زیادہ ہوتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اسکے گناہوں کی وجہ سے بارش نہیں برساتا وہ گنہگار آدمی اپنے رب سے اسی محفل میں بیٹھ کر سچے دل سے توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ کو رحم آجاتا ہے اور بارش برسا دیتا ہے۔ سبحان اللہ۔ خدا مجھے اور آپ کو بھی ضرور معاف کرے گا۔ یہ ہمارا دواخانہ کا سپن دوش، کورس نمبر 66 اور شربت نکھار کا تین ماہ کا کورس مکمل کریں اور سنڈس ہیئر آئل کا سر میں مساج کریں انشاء اللہ مکمل صحت یاب ہوجائیں گے۔

گھر کے اجڑنے سے اولاد نرینہ تک

حکیم صاحب اللہ تعالیٰ کا کروڑ مرتبہ بھی شکر ادا کروں تو بھی کم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپکو سبب بنا کر میرے اجڑتے گھر کو اولاد نرینہ میں بدل دیا۔ حکیم صاحب میری یہ دوسری شادی ہے اور زمیندار آدمی ہوں کھاتے پیتے گھرانے سے تعلق رکھتا ہوں اللہ تعالیٰ نے سوائے اولاد کے دنیا کی ہر آسائش سے نوازا ہے میری پہلی شادی میری کزن سے ہوئی جو والدین کی پسند کی تھی اور میری کزن صوم وصلوٰۃ کی پابند ہے۔ مگر 4 سال کے بعد میں نے دوسری پسند کی شادی کرلی مگر ایک سال اکٹھے رہنے کے بعد ہم دونوں نے جب ٹیسٹ کروائے میرے سپرم 20 فیصد نکلے مگر اس شادی سے پہلے بھی علاج کرواتا رہ گیا اور میں نے قصوروار اپنی کزن کو سمجھا اب میری دوسری بیگم اکثر گھر میں اسی بات پر جھگڑا کرتی رہتی اور ہماری بات بات پر تلخ کلامی ہوجاتی اور وہ مجھے طعنے دیتی کہ تم نامکمل مرد ہو۔ مجھ سے طلاق مانگی پھر روٹھ کر میکے چلی گئی۔ پھر ایک دن آپ کے دواخانہ میں اپنی پہلی بیگم کے ساتھ رپورٹ بھی دکھائی اور آپ نے مجھے تسلی دی کورس تجویز کیا۔ ساتھ میں آپ نے ہم دونوں میاں بیوی کو وظیفہ بھی بتایا کہ آپ دونوں پاک ہوکر سورۃ الانبیاء آیت نمبر 89، 21، 21 مرتبہ روزانہ یہ دعا پڑھنے کا کہا اور ہر نماز کے بعد 3 مرتبہ دعائے زکریا (پ:03، ال عمران: 38) پڑھنے کو کہا۔

میں کورس باقاعدہ لیتا رہا اور آپکے پاس باقاعدہ آتے رہے الحمد اللہ اب میری پہلی بیگم میں سے اللہ تعالیٰ نے بیٹا دیا جو اب ایک سال کا ہوگیا ہے اور دوسری بیگم جو طلاق مانگ رہی تھی وہ بھی 5 ماہ حمل سے ہے۔ دونوں بیگمات ایک ہی گھر میں رہ رہی ہیں اور ہم تینوں آپ کو بڑا بھائی سمجھ کر دعائیں دیتے ہیں۔ اور ایک بات عرض کرتا چلوں جو آپ ہم جیسے مریضوں سے دوستانہ رویہ رکھتے ہیں اس کا بھی اللہ تعالیٰ آپکو اجر دے گا۔ عاطف نعمان راولپنڈی۔

عاطف نعمان صاحب اولاد تو دینی ہے میرے خدا نے میرا کام نیک نیتی سے آپکا علاج کرنا ہے۔

نوٹ: معذرت کے ساتھ عرض کرنا چاہتا ہوں یہ رسالہ میری مائیں، بہنیں، بیٹیاں اور میرے اپنے گھر میں بھی پڑھا جاتا ہے صرف بتانے کا مقصد یہ ہے کہ میں ان، بہن بھائیوں تک پیغام دیتا ہوں کہ مرض اگر ہو تو درخت یا چھت پر کھڑے ہو کر بھی لوگوں کو بتائے مجھے یہ مرض ہے تاکہ کوئی انسان تو اس کا سبب بن سکے۔ آپ اکیلے نہیں ہیں جو یہاں صحت یاب ہوئے ہیں ہمارے پاس الحمد اللہ ایسے مجرب نسخہ جات ہیں۔ دوست ساتھی، ادارہ ہر وقت اسی ریسرچ میں رہتے ہیں کہ آپ کا بہتر سے بہترین علاج کیا جاسکے میری معالج ہونے کے ناطے میرا یہ فرض بنتا ہے۔ باقی میں بھی اسی پروردگار سے مانگتا ہوں جس سے سارے مانگتے ہیں آپ نے کہا تو آپکی اجازت سے میں نے لکھ دیا ورنہ ہم بندے کا راز پوشیدہ رکھتے ہیں اور میرا ہر مریض سے دوستانہ رویہ ہوتا ہے میرے پاس الحمد اللہ بیرون ملک سے بھی لوگ آتے ہیں۔

نیند کا نہ آنا

حکیم صاحب میں آپکی شکرگزار ہوں کہ آپ نے مجھے فیس بک پر نسخہ جو لکھ کر دیا جس سے الحمد اللہ اب میں رات کو سکون سے سوتی ہوں اور صبح کو تر و تازہ اٹھتی ہوں ورنہ پہلے میں طرح طرح کی ایلوپیتھک ادویات اور ہر طرح کے ٹوٹکے آزما چکی تھی مگر یہ سب کرنے کے بعد رات بھر بے چین ہوتی تھی کبھی اس کروٹ تو کبھی اس کروٹ رات کو اٹھ اٹھ کر بیٹھنا معمول بن گیا تھا اور پھر رات کو نیند نہ آنے کی وجہ سے دن بھر تھکاوٹ سر میں درد وغیرہ ہوتا رہتا تھا میں نے آپکا نسخہ اپنی ٹائم لائن پر پبلک کو بھی شیئر کردیا ہے مگر لوگوں کو بتا بھی دوں کہ آپ نے فیس بک پر مجھے کیا نسخہ تجویز کیا تھا۔ مہندی کے پتے 4 کلو لیکر اسکا تکیہ بنالیں اور وہ تکیہ سر کے نیچے رات کو رکھ کر سوجائیں روغن بادام سے سر کی مالش کریں اور 2 چمچ روزانہ چھوٹی الائچی والا دودھ میں روغن بادام ڈال کر پی لیں۔ آپ نے وظیفہ کے طور پر اول و آخر درود ابراہیمی درمیان میں یہ دعا سونے سے پہلے پڑھنے کو کہا۔ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِیْ فِیْ نَوْمِیْ ط۔

اللہ تعالیٰ آپکو اور کامیابیوں سے نوازے مجھے بھی آج سے اپنی بہنوں میں شامل کرلیں۔

(شازیہ نورین ڈی ایچ اے لاہور)

بہن شازیہ نورین اللہ تعالیٰ کا سب فضل وکرم ہے کہ عرصہ پانچ سال جو مسئلہ تھا وہ اللہ تعالیٰ نے آپکو شفاء دے دی ہے آپ ہر وقت الحمد اللہ الحمد اللہ اسی سے مانگیں جس سے ہم سب مانگتے ہیں۔ آپ اس کورس کو چار ماہ تک جاری رکھیں۔

آپ روغن بادام اپنی آنکھوں کے سامنے نکلوائیں تو وہ سب سے بہتر اور آپکو اور مجھے یہ تسلی بھی ہوگی کہ یہ اصلی ہے۔ اب آپ نے چائے کا استعمال چھوڑ دینا ہے اور چائی والی لسی پئیں اور دودھ کے تازہ مکھن کا ناشتہ رات کی باسی روٹی کے ساتھ ناشتہ کیجئے انشاء اللہ دماغ کو مزید تقویت ملے گی۔ کبھی آپکا ملتان آنا ہو تو میرے دواخانہ سے سنڈس ہیئر آئل اور فارا اور ہربل شیمپو منگوا لیجیے گا۔

شربت نکھار سے امراض معدہ ٹھیک ہوگیا

حکیم صاحب میں قائداعظم میڈیکل کالج کا سٹوڈنٹ ہوں۔ ابھی میرا آخری سال چل رہا ہے۔ میں

طرح طرح کی ادویات آزما چکا تھا مگر ایک دن بہاولپور شہر میں رکشے کے پیچھے آپ کا شربت نکھار کا اشتہار پڑھا ایڈریس اور فون نمبر نوٹ کر لیا کہ جب ملتان جاؤنگا تو یہ بھی آزمالوں گا 300 روپے کوئی بڑی بات نہیں۔ جہاں لاکھوں خرچ ہو گئے یہ تجربہ بھی کر کے دیکھ لیتا ہوں آپ کے دواخانہ پر آیا آپ کے اسسٹنٹ نے فیس لے کر آپ سے ملا دیا آپ کا دوستانہ رویہ دیکھا تھوڑا اور مطمئن ہو گیا آپ نے میری طبیعت کے مطابق شربت نکھار کیساتھ نکھار معدہ بھی تجویز کیا۔

الحمدللہ اب میرا کھانا بھی ہضم ہوتا ہے بھوک بھی لگتی ہے اور معدہ کا درد بھی ٹھیک ہو گیا ہے۔ معدہ میں گیس بننا بھی ختم ہو گئی ہے اور کھٹے ڈکار بھی نہیں آتے مگر یہ بتایئے کہ یہ کورس کتنا عرصہ کرنا ہے؟

ڈاکٹر احسن نوید بہاولپور۔

احسن نوید صاحب آپ یہ کورس تین ماہ تک جاری رکھیں انشاءاللہ پھر کبھی یہ تکلیف نہیں ہوگی۔

پیشاب کا بار بار آنا یا بے ارادہ پیشاب نکل جانا

Vesical Paralsis or incontinence of urine

حکیم صاحب میں خود میڈیکل کے شعبے سے وابستہ ہوں عرصہ دراز سے مختلف ادویات استعمال کر رہا تھا مگر کوئی افاقہ نہیں ہوا اکثر اوقات میں سفر بھی نہیں کر سکتا تھا بعض اوقات تو یوں ہوتا ہے کہ مریضوں کے چیک اپ کے دوران بھی پیشاب نکل جاتا اور ابھی باتھ روم گیا ہوں مگر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ پھر سے پیشاب نکل رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو مسیحا بنا کر بھیجا ہے اور اللہ تعالیٰ آپ کو صحت کی بادشاہی اور لمبی عمر دے۔ میں عوام کو بھی یہ نسخہ بتانا چاہتا ہوں جو کہ آپ نے مجھے بتایا تھا۔ نسخہ بہت ادنیٰ سا ہے مگر مجرب ضرور ہے۔

نسخہ: دارچینی سفوف 2 گرام دودھ میں ملا کر دودھ گرم کر کے پی لیں اگر آپ کے پاس دودھ کی سہولت موجود نہیں ہے تو پانی کے ساتھ بھی لے سکتے ہیں۔ ڈاکٹر عمران ایم بی بی ایس بہاولپور

ڈاکٹر عمران صاحب آپ کا شکریہ! یہ سارا اللہ تعالیٰ کا فضل ہے اسی کے ساتھ عوام کی بھلائی کے لیے چند ایک نسخے اس مرض کے حوالے سے مزید عرض کرنا چاہتا ہوں جو میرے دواخانہ میں مجرب ہیں اور آپ گھر بیٹھے اتنے بڑے مرض کا علاج کر سکتے ہیں۔ ھوالشافی: گڑ، کالے تل اجوائن دیسی، تل کو توے پر بریاں کر لیں اور اجوائن اور گڑ برابر وزن شامل کر لیں۔

ترکیب استعمال: (6 گرام) ایک چمچ روزانہ تازہ پانی کے ساتھ لیں۔ اگر شوگر کی وجہ سے یہ مسئلہ ہے تو آم کی گری 2 گرام تازہ پانی کے ساتھ لیں یا چاہیں تو جامن کی گری کا سفوف 3 گرام جتنا لے سکتے ہیں۔

ھوالشافی: خولنجاں اور سونٹھ برابر وزن پاؤڈر بنا کر مصری یا شہد ڈال دیں روزانہ آدھا چائے کا چمچ پانی یا دودھ کے ساتھ لیں یہ بھی جملہ امراض کیلئے بہت مفید ہے۔ اس کے علاوہ ہمارے دواخانہ میں کورس نمبر 5 اس مرض کے لیے موجود ہے۔

☆☆☆☆☆☆

سر کا درد ٹھیک ہو گیا ہے

حکیم صاحب الحمدللہ میرا سر درد مکمل طور پر ٹھیک ہو گیا ہے بلکہ آپ والا نسخہ اور ہیئر آئل اپنے میں نے ایک دوست کو دیا جسکو پچھلے 10 سال سے آدھا سر کا درد (مائیگرین) تھا اللہ تعالیٰ نے آپ کو دکھی انسانیت کی خدمت کیلئے چن لیا ہے۔ اس وقت تبلیغی جماعت کے ساتھ 4 ماہ کے لیے میں جا رہا ہوں اور جماعت کے اور ساتھیوں کو بھی بتاتا ہوں اور میرا ابھی سارا دماغ کا کام ہے۔ جس سے دماغ کو بھی تقویت بھی مل رہی ہے۔ کیونکہ جماعت کے ساتھ چل رہا ہوں اور مختلف جگہوں پر تشکیل ہوتی ہے لہٰذا بعض اوقات خوراک کا صحیح تعین بھی نہیں کر پاتا جو آپ نے نسخہ بتایا تھا میں عوام کی خدمت میں عرض کرنا چاہوں گا۔

ھوالشافی: مغز بادام دیسی آٹھ عدد انجیر 2 دانے رات کو پانی میں بھگو دیں صبح کی نماز کے بعد چھلکا اتار کر بادام کھا لیں اور انجیر بھی کھا لیں اور پانی پی لیں۔

ھوالشافی: گل بنفشہ 25 گرام اسطخودوس میں 25 گرام، گاؤزباں 25 گرام، مغز بادام دیسی 25 گرام چھلکا ہرڑ زرد 50 گرام، مغز دھنیاں 25 گرام، کالی مرچ 25 گرام، سفوف بنا کر 4 گنا شہد ملا لیں۔ ایک چمچ اور ایک چمچ عصر کی نماز کے بعد دودھ کے ساتھ لیں اور سر میں سندس ہیئر آئل جو آپکے دواخانہ سے منگوایا اس سے سر کا مساج بھی کر رہا ہوں۔ آپکا احسان مند محمد ادریس فیصل آباد۔

محترم محمد ادریس اللہ تعالیٰ کے راستے میں آپ جو 4 مہینے کیلئے نکلے ہوئے ہیں اللہ تعالیٰ قبول فرمائے اور مجھے بھی اللہ توفیق دے کہ آپکی طرح کاش میں بھی جماعت کے ساتھ چل رہا ہوتا بہرحال جب آپ واپس تشریف لائیں تو مکھن کے ساتھ ناشتہ کریں اور فریش دودھ کا زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔

پرانا نزلہ وزکام ٹھیک ہو گیا ہے

حکیم صاحب میں آپ کا شکرگزار ہوں میں بالکل شفاء یاب ہو گیا ہوں بہت پریشان تھا کہ میں کیسے ٹھیک ہونگا آپ کو کم عمری میں اللہ تعالیٰ نے وسیع تجربے سے نوازا۔

حکیم صاحب میرا نزلہ زکام نے مجھے گھر پر بٹھا دیا تھا۔ ہر وقت میں لیٹنا پڑا رہتا تھا نیند بھی نہیں آتی تھی کبھی کبھی بخار کی کیفیت ہوتی تھی۔ نزلہ زکام اتنا ہوتا تھا کہ ناک درد کرنے لگ جاتا تھا شدید صورت میں تالیوں میں خراش ہو کر کھانسی آنے لگتی۔ پیشانی اور کن پٹی پر بوجھ محسوس ہوتا تھا چھینکیں آتی اور ہلکا ہلکا سر درد محسوس ہوتا اور کان میں دونوں اطراف سے ہر وقت سائیں سائیں کی آوازیں آنے لگتی تھی۔ جس سے قوت سماعت بھی متاثر ہوتی ہے۔ ناک میں نکلنے والا مواد پہلے پتلا اور بعد میں گاڑھا آنے لگتا تھا مگر آپ نے جو نسخہ مجھے تجویز کیا تھا اس سے میں مکمل صحت یاب ہو گیا ہوں۔

ھوالشافی: کچا لوبان ایک پاؤ، روزانہ 25 گرام لوبان 1-1/2 پانی میں ڈال کر جوش دیں پھر کیتلی کو منہ کے سامنے رکھ کر بھاپ لیں۔ بھاپ لینے سے پہلے اپنے اوپر کمبل ڈھانپ کر سانس لیں اور کمبل اوڑھ کے سو جائیں یہ عمل دن میں تین بار کریں۔ ساتھ میں خوراک کے طور پر یہ نسخہ لیں۔

ھوالشافی: مغز بادام دیسی ایک تولہ خشخاش 2 تولہ، دونوں کو پانی میں ڈال کر آدھا گھنٹہ رکھ دیں پھر بادام کا چھلکا اتار کر خشخاش کو صاف کر لیں 3 تین گرام چھوٹی الائچی سفوف ڈالیں اور حمام دستہ میں کھرل کریں آدھا کلو دودھ ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں دودھ میں ایک پاؤ پانی ڈال لیں حسب ضرورت مصری کوزہ اصلی ڈال لیں جب پکتے پکتے آدھا کلو دودھ رہ جائے تو گرم گرم پی کر اپنے اوپر گرم کپڑا ڈال کر لیٹ جائیں یہ عمل دن میں دو مرتبہ کریں سر میں روغن بادام یا روغن خشخاش کی مالش کریں۔ آپ کا بے حد مشکور پروفیسر ملک عاشق رحیم یار خاں۔

پروفیسر صاحب جس مرض میں آپ خود دو ماہ مبتلا رہے ہیں اسی طرح کی کیفیت میں میں بھی مبتلا رہا ہوں مگر میرا اللہ جانتا ہے۔ میں نے بھی کوئی علاج نہیں چھوڑا بڑے بڑے ایسوسی ایٹ پروفیسر اسپیشلسٹ کے پاس گیا مگر افاقہ نہ ہوا تو میں نے میرے چچا حکیم اللہ یار نے وہ نسخہ مجھے دیا جن کی پریکٹس کوئی 70 سال کی ہے جن کا یہ مجرب نسخہ ہے جس سے میں الحمدللہ مکمل صحت یاب ہو گیا ہوں ساتھ میں خوراک کے طور پر شوربے کی دال، بکرے کی یخنی، سری پائے مگر جس میں دارچینی اور سونٹھ کی مقدار زیادہ ہونی چاہیے۔ دیسی مرغی اور دیسی انڈے وغیرہ باقاعدہ لیتا رہا۔ اس نسخہ سے آپ کا پرانا گرنے والا کیرا بھی ٹھیک ہو سکتا ہے۔

میرے بیٹے کی مرگی Epilepy ٹھیک ہو گئی

حکیم صاحب مجھے عرصہ پانچ سال سے مرگی کے دورے پڑ رہے تھے مگر جب آپ سے ملاقات ہوئی اور آپ نے ہم سے دوستانہ رویہ رکھا اور ہمیں بغیر فیس لیے مفت نسخہ بھی بتایا اور ہماری خدمت بھی کی تو آپ کے حسن اخلاق سے اور کم قیمت نسخہ میں میرا بیٹا یاسر اکرم ٹھیک ہو گیا اور آپکو دعائیں دیتے ہیں۔ ہم غریب لوگ ہیں جو جمع

کتب خانہ طبیب

پونچی تھی اسے اپنے لخت جگر پر لگا بیٹھا ہوں مگر نہ تعویز سے آرام آیا اور نہ دوا سے اللہ تعالیٰ نے آپکا ذریعہ بنا کر گھر میں نسخہ بنایا الحمد للہ یاسر کالج بھی جا رہا ہے اور گھر کا کام کاج بھی باقاعدگی سے کرتا ہے اور میرا ہاتھ بھی بٹاتا ہے۔

ھوالشافی: عقرقرحا دو تولہ، عود صلیب ایک تولہ دونوں کو باریک پیس کر شہد خالص (چھوٹی مکھی) چار گنا ملا کر روزانہ تین ماشہ (3 گرام) چٹا دیا کریں۔ سر میں اصلی روغن خشخاش کی مالش کریں۔

خوراک مکھن، مٹن، سبز دھنیاں، سبز پودینہ کی چٹنی دودھ کی بنی ہوئی چیزیں جیسے دودھ کی کھیر، بادام کی کھیر، دودھ سوئیاں وغیرہ وغیرہ۔

پرہیز: تمام بادی چیزیں اور بیو بیجز وغیرہ اللہ تعالیٰ آپکا اور تجربہ وسیع کرے انشاء اللہ آپکے دواخانہ پر حاضر بھی ہونگے شکریہ ادا کرنے کیلئے آپکا شکر گزار محمد اکرم کبیر والا۔ محمد اکرم صاحب: آپکو میرے پاس آنے کی کوئی ضرورت نہیں آپ بس وہیں سے بیٹھ کر میرے لئے اپنے رب سے دعا مانگ لیں جس نے میرے پاس آپکو ذریعہ بنایا اور اب یاسر سے کہیں پانچ وقت کی نماز شروع کرے۔ میں عوام کی بھلائی کیلئے مرگی کے حوالے سے کچھ اور نسخے بتانا چاہتا ہوں جو تیر بہدف ہیں۔

1۔ ٹیٹری نام کا پرندہ یا اکثر کھیتوں میں کونوں میں اپنا گھونسلہ بناتا ہے۔ اسکی پہچان یہ ہے کہ جب یہ سوتا ہے تو پاؤں آسمان کی طرف کر کے سوتا ہے۔ اپریل، مئی میں یہ انڈے دیتا ہے۔ اسکا انڈہ محفوظ کر لیا جائے جب مرگی کے مریض کو دورہ پڑے تو اسے دورہ کے دوران انڈہ توڑ کر مریض کو کھلا دیں مگر یہ تسلی کر لیں کہ یہ انڈہ مریض کے پیٹ میں چلا جائے۔ اب آئندہ انشاء اللہ مرگی کا دورہ نہیں پڑے گا۔

2۔ آک کے پودہ میں سبز رنگ کا انڈا ہوتا ہے اس کو محفوظ کر لیں جب خشک ہو جائے تو برابر وزن کالی مرچ ڈال کر پاؤڈر بنا لیں بطور نسوار ناک میں لیں مرگی کا دورہ رک جاتا ہے بعض اوقات مرگی کا کیڑا مرکر بذریعہ ناک خارج ہو جاتا ہے۔

3۔ بکری کے دودھ میں آک کی جڑ کو کھرل کریں جب دودھ گاڑھا ہو جائے تو بطور ڈراپس مرگی والے مریض کے ناک میں ٹپکائیں چند یوم میں آرام آ جائے گا۔

مایوس مریضوں کے سوالات کے جوابات

شادی کے نام سے نفرت ہوگئی؟ (محمد اصغر شجاع آباد)

سوال: حکیم صاحب میں نے آپکا بہت نام سنا ہے دو مرتبہ آپکے دواخانہ میں آیا بھی مگر شرم کے مارے چلا گیا ہوں کہ میں کیسے آپکو بتاؤں اسی لیے آپکا کارڈ لیکر فیس بک آئی ڈی پہ آپکو میسج کیا کہتے ہیں لمحوں کی غلطیاں صدیوں کی سزا ہوتی ہیں۔ بچپن میں بے راہ روی کا شکار رہا غلط سوسائٹی اور فلمیں دیکھ دیکھ کر مشت زنی کرتا رہ گیا جس سے آلہ تناسل سکڑ گیا اور چھوٹا ہو گیا ہے گھر والوں نے پہلے کزن سے میری شادی کروائی مگر میں راضی نہ تھا میرے پاس بیوی چھ ماہ رہی ہے مگر چھ ماہ میں کچھ بھی نہ کر سکا بیوی کے بالکل نزدیک جاتا تو میرا کام ہو جاتا گھر میں اکثر لڑائی جھگڑا ہوتا میں کسی کو بتا بھی نہیں سکا البتہ میری بیگم نے اپنی ماں کو بتایا تھا اب ان لوگوں نے طلاق لے لی ہے۔ اب گھر والے جب دوبارہ شادی کی بات کرتے ہیں تو میرا خودکشی کرنے کو دل کرتا ہے۔ میں نے علاج بھی بہت کروائے ہیں مگر میرا ایک دوست یٰسین اختر یہاں سے آپ سے علاج کرا کر گیا ہے وہ الحمد للہ اب وہ ٹھیک ہے اور صاحب اولاد ہے اس نے مجھے مشورہ دیا کہ آپ ان کے پاس جاؤ۔ میں آپکو اپنا انکل سمجھ کر پیغام بھیج رہا ہوں۔ میری اس وقت عمر 22 سال ہے۔

جواب: قابل احترام محمد اصغر آپ کسی دن میرے دواخانہ میں تشریف لے آئیں آپ انشاء اللہ مکمل طور پر صحت یاب ہو جائیں گے میرے پاس مجرب نسخہ جات ہیں جن سے آپ کا علاج ممکن ہو سکتا ہے آپ اپنے والدین سے کہیں آپ کی شادی کی تاریخ طے کریں اور علاج شروع کر دیں۔ شرم کی کوئی بات نہیں جس دوست نے آپکو بھیجا ہے مجھے علم ہے اب وہ دبئی سے واپس آ گیا ہے کیونکہ پچھلے دنوں میرا شکریہ ادا کرنے آیا ہوا تھا لہٰذا اس کو بھی ساتھ لے آنا۔ آپ فی الحال 11،11 مرتبہ درود شریف کے ساتھ 2100 مرتبہ روزانہ اَلْقَوِیُّ پڑھیں اور پانی پر دم کر کے پئیں۔

میرے گھنے اور لمبے بالوں کا خواب کب پورا ہوگا؟

سوال: حکیم صاحب میرے بال عرصہ دراز سے گر رہے ہیں اور ٹوٹ رہے ہیں۔ بالوں میں خشکی بھی ہے اور بال لمبے بھی نہیں ہو رہے۔ طرح طرح کے شیمپو، ہیئر آئل آزما چکی ہوں مگر اب مایوس ہو گئی ہوں آپکا فیس بک پر دیکھا تو آخری امید سمجھ کر آپ سے علاج کرانا چاہتی ہوں اور مجھے تفصیل سے آگاہ بھی کریں۔ (فوزیہ اصغر S بلاک نیو ملتان)۔

جواب: بالوں کے مسائل اور مستقل علاج

بالوں کا گرنا یا قبل از وقت سفید ہونا اور طریقہ علاج Aloepeciabaldness or before the time hoariness & Permanent treatment

انسان مرد ہو یا عورت مگر انسان کی شخصیت بالوں کے کم ہونے یا وقت سے پہلے سفید ہو یا بالوں کے پتلا ہونے کی وجہ سے شخصیت میں وہ رعب نہیں رہتا ہر انسان کی خواہش ہوتی ہے کہ سب سے حسین اور منفرد نظر آؤں میرے بال سب سے گھنے اور زیادہ خوبصورت ہوں خواتین کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ ہمارے بال سب سے زیادہ لمبے اور زیادہ گھنے ہوں اور یہ بات بھی ٹھیک ہے۔ خواتین کے حسن میں خوبصورت بالوں سے نکھار پیدا ہوتا ہے۔ مگر آج کے اس جدید دور میں طرح طرح کے ٹوٹکے استعمال کر کے اور کیمیکل استعمال کرنے سے بالوں کی خوبصورتی کے ساتھ گرنا ٹوٹنا اور سفید ہونا شروع ہو جاتے ہیں جس سے آپ اپنے بالوں کا فائدہ کرنے کی بجائے ان کا نقصان کر بیٹھتے ہیں بالوں کی خوبصورتی کا راز آپ کی اندرونی روزمرہ خوراک پر بھی منحصر کرتا ہے۔ خوراک میں فریش دودھ فریش فروٹس اور فریش جوس کا استعمال کریں۔ میری بہن فوزیہ میں آپکو وہی نسخہ بتا رہا ہوں جو میں خود بھی اور میری فیملی استعمال کرتی ہے۔ ہمارے خاندانی نسخے میں یہ ہے کہ جو ہم بتاتے ہیں وہ سب سے پہلے خود استعمال کر کے دیکھتے ہیں اگر رزلٹ اچھا ہو تو لوگوں کی خدمت کرتے ہیں ہمارا نصب العین آپ کی خدمت کرنا ہے۔ الحمد للہ میری عمر 43 سال ہے اور میرا ایک بال بھی سفید نہیں ہوا بلکہ بال گھنے بھی ہیں۔ یہ نسخہ ہمارے دواخانہ میں تیار ہوتا ہے۔ روپ نکھار ایک چمچ روزانہ صبح خالی پیٹ دودھ کے ساتھ لیں یا دام کی کھیر بنا کر کھائیں بیرونی طور پر سندس ہیئر آئل کا مساج کریں۔ صبح فارایور ہربل شیمپو سے سر کو دھوئیں۔ فارایور ہربل شیمپو سے اگر آپکے بالوں میں خشکی بھی ہے تو فوراً پہلے دن ہی ختم ہو جائے گی۔ ہفتہ میں ایک مرتبہ لال مہندی کے پتے لیکر خود گھر میں کھرل کر لیں اور پیسٹ بنا کر بالوں میں لگائیں۔

☆☆☆☆

میری رنگت سانولی ہے کیا میں گوری ہو سکتی ہوں؟

سوال: حکیم صاحب ہر طرح کی کریم استعمال کی مگر کوئی فرق نہ پڑا بلکہ میرا چہرہ خراب ہو گیا ہے اب میں مایوس ہو گئی ہوں آخری معالج آپ کو سمجھ کر لکھ رہی ہوں اگر آپ تسلی دیں تو پھر میں آجاتی ہوں۔

(آسیہ نورین شاہ رکن عالم ٹی بلاک ملتان)

جواب: آسیہ نورین بیٹی آپ انشاء اللہ بہت سانولی رنگت سے گوری رنگت میں آجائیں گی صبح خالی پیٹ رات کے مٹکے کا پانی پئیں۔ مکھن کے ساتھ ناشتہ، سبزیاں اور فروٹ استعمال کریں۔ ہمارے دواخانہ کا آپ روپ نکھار کورس صبح کی نماز کے بعد دودھ کے ساتھ لیں شربت نکھار 3 چمچ شام کو پی لیں سندس ہربل بیوٹی کریم رات کو لگائیں الحمد للہ چند ہی دنوں میں آپکو فرق نظر آجائے گا۔ 0300-2455950

سندس ہیئر آئل
بالوں کو لمبا، گھنا کرے
بالوں کو گرنے سے بچائے
دماغ کو طاقت دے
سر کا درد ختم کرے
قیمت
-/350روپے



فارایور ہربل شیمپو
آپ کے بالوں کو ہمیشہ
خوبصورت بنائے آپ خود
حیران رہ جائیں۔ ہر گھر سال
کے 12 ماہ ضرورت۔ بالوں کو
چمکدار ریشم کی طرح ملائم، خشکی
ختم اور جلدی خارش ختم کرے
بالوں کو طرح طرح کے امراض
سے بھی محفوظ رکھے۔
قیمت -/230 روپے

کنٹرول کستوری

شوگر کنٹرول کستوری
شوگر کے مریضوں کے لیے کامیاب علاج
شوگر کی وجہ سے امراض کو فائدہ دے
جوڑوں کے درد کو بھی فائدہ دے۔
قیمت -/2500 روپے

نائٹ ہربل کیپسول

نائٹ ہربل کیپسول
[illegible] حاجت بڑھائے وقت خاص کو فائدہ
دے۔ پٹھوں کو طاقت دے، شوگر کی وجہ سے
جنسی کمزوری کو ختم کرے۔
قیمت -/140 روپے

معجون طاقت پلس

معجون طاقت پلس
مردانہ سپرم میں اضافہ کرے، مرد کو
اولاد پیدا کرنے کے قابل بنائے
قیمت -/3500 روپے

[illegible] حسن کورس
[illegible] جسم میں
[illegible] معجزات
[illegible]
قیمت -/600 روپے



[illegible]
احتلام اور جریان کا مکمل خاتمہ کرے
مردانہ سپرم میں اضافہ کرے۔
قیمت -/600 روپے

ہماری ہربل پروڈکٹس / ادویات

نام	فوائد	قیمت
روپ نکھار کورس	ہربل میں جنرل ٹانک ہے، روزانہ لیں اور تندرست رہیں	600/-
نکھار معدہ	امراض معدہ کا مکمل علاج	800/-
شربت نکھار	امراض معدہ کو درست کرے، نیا خون بنائے، جلدی امرض کو فائدہ پہنچائے اور کالا یرقان کا مستقل علاج	300/-
معجون دل بہار	خواتین کے تمام قسم کے امراض مثلاً، اٹھراہ، لیکوریا، درد کمر وغیرہ	800/-
کورس نمبر 66	سیلان الرحم، جریان اور احتلام کا مکمل خاتمہ کرے مثانہ میں گرمی کو ختم کرے	1000/-
کورس نمبر 27H	امراض جگر کے تمام امراض کو فائدہ دے۔ خصوصاً یرقان	1000/-
کورس نمبر 13	جوڑوں کے درد، اعصابی کمزوری، درد کمر کو فائدہ دے (14 کیپسول)	400/-
کورس نمبر 13(A)	شیاٹیکا، گنٹھیا، جوڑوں کے درد کے لیے بے حد فائدہ مند۔ (14 گولیاں)	700/-
سندس ہربل بیوٹی کریم	رنگ شرطیہ گورا کرے، کیل مہاسے چھائیاں ختم کرے۔	310/-
طلاء سانپ	عضو تناسل کی تمام قسم کی خرابیوں کو ختم کرے سختی پیدا کرے لمبا اور موٹا کرے ٹیڑھا پن ختم کرے۔	2200/-
جگر ٹھار ٹھنڈک کورس	بواسیر، پتھری، مثانہ کی گرمی، پیشاب میں جلن اور یرقان کو فائدہ دے۔	800/-
کورس نمبر 25، 240ml	خارش اور الرجی کا مستقل علاج ہے۔	300/-
کورس نمبر 62 شربت 240ml	کیرا، دمہ کھانسی الرجی کو یقینی طور پر مستقل فائدہ دے	300/-

دکھی انسانیت کے لیے پیغام

اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی (اللہ) مجھے شفا دیتا ہے (القرآن)
شربت
نکھار
۱۲۰ ملی گرام
OBHAYA
دواخانہ حکیم عامر رزاق اُوبھایا (رجسٹرڈ)
علی کمرشل سنٹر نزد دیانہ پٹرول پمپ
چوک کمہارانوالا ملتان
Cell: 0300-2455950

اے میرے اللہ میرے ذریعے سے بیماروں کو شفاء عطا ہو۔ طب نبوی ﷺ کی برکت سے انسانیت شفاء پائے۔ قرآن حکیم ایک کتاب شفاء ہے اسکے حکیمانہ آیات سے رہنمائی لیتے ہوئے تیری مخلوق کی خدمت کر سکوں۔ تو ہی حکیم ہے تو ہی شفاء دینے والا ہے تیری صنعت حکمت سے انسانیت شفاء پائے۔ میں کوئی چیز ایسی بناؤں جسکا میری زندگی میں اور میرے مرنے کے بعد تیرے حکم سے لوگوں کو فائدہ پہنچتا رہے یوں اللہ تعالیٰ نے میری دعا قبول فرمائی اور تجربے کے طور پر میں نے آج کے اس جدید دور میں بڑھتے امراض کو مدنظر رکھتے ہوئے شربت نکھار کی 100 بوتل تیار کی جو کہ 10 بوتل اپنی فیملی کے لوگوں کو دیں اور 90 مریضوں میں مگر میری والدہ اور باقی فیملی لوگوں کو کافی فائدہ ہوا اور عوام نے بھی بہت حوصلہ افزائی کی اور مختلف امراض سے مکمل صحت یاب ہونا شروع ہو گئے۔ آج اللہ کے فضل سے ہزاروں مریض اس شربت نکھار سے استفادہ کر چکے ہیں۔ یہی وجہ ہے آج عرصہ دراز سے پریکٹس کرنے والے ڈاکٹرز اور حکماء شربت نکھار بہتر رزلٹ کی وجہ سے مریضوں کو تجویز کرتے ہیں۔ شربت نکھار کو میں نے روزگار کا ذریعہ نہیں بنایا اور اس سے حاصل ہونے والی آمدنی سے انسانیت کی خدمت کے لیے لوگوں تک فی سبیل اللہ پیغام پہنچاتا ہوں۔ آج اللہ تعالیٰ کی رحمت اور کرم سے پورے جنوبی پنجاب میں حکیم عامر رزاق اوبھایا کی پہچان شربت نکھار کی وجہ سے ہی ہے۔ میری خدا سے دعا ہے مجھے اتنی ہمت عطاء کرے کہ میں یہ پیغام پورے پاکستان اور پوری دنیا میں پہنچا سکوں ان شاء اللہ۔ شربت نکھار امراض السر معدہ، تبخیر معدہ، درد معدہ، خون بنانا۔ خون کو صاف کرتا۔ جلدی امراض سے بچاؤ کیلئے فائدہ مند، مریض شوگر کے لیے بے حد فائدہ مند ہے اور سب سے اہم مرض ہیپاٹائٹس (کالا یرقان) کا مکمل خاتمہ کرتا ہے۔ امراض سے بچاؤ اور مکمل صحت مند بننے کے لیے گھر کا ہر فرد ایک سال کے بچے سے لیکر 100 سال کا بزرگ بھی پی سکتا ہے۔

مین مطب دواخانہ حکیم عامر رزاق اُوبھایا (رجسٹرڈ)

علی کمرشل سنٹر نزد دیانہ پٹرول پمپ خانیوال روڈ چوک کمہارانوالا ملتان
0300-2455950
061-6779822

YAHOO!
Email:amirobhaya@yahoo.com
YouTube
Amir Obhaya
Amir Razaq Obhaya
Dawakhana Hakeem Amir Razaq Obhaya - Registered